# خلافتِ عمرؓ کی عسکری حکمت عملیاں اور ان کے اثرات

## (تجزیاتی مطالعہ)


*Submitted by*

**Muhammad Waseem Akhtar**

01-259231-007

*Supervised by*

**Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi**

Head of Department, Islamic Studies BUIC

Department of Islamic Studies

School of Humanities and Social Sciences

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**


Session (2023-2025)

# خلافتِ عمرؓ کی عسکری حکمت عملیاں اور ان کے اثرات

## (تجزیاتی مطالعہ)

*Submitted by*

**Muhammad Waseem Akhtar**

01-259231-007

*Supervised by*

**Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi**

Head of Department, Islamic Studies BUIC

A Thesis Submitted in the Fulfilment of the Requirement for the Degree of Master in Science (Islam and Life)

Department of Islamic Studies

School of Humanities and Social Sciences

**BAHRIA UNIVERSITY ISLAMABAD E-8 CAMPUS**

Session (2023-2025)

**Bahria University**
Discovering Knowledge

## THESIS APPROVAL SHEET

Topic of Research: خلافتِ عمرؓ کی عسکری حکمت عملیاں اور ان کے اثرات

(تجزیاتی مطالعہ)

Student Name: Muhammad Waseem Akhtar

Enrollment No. 01-259231-007

Program: MS Islamic Studies (Islam & Life)

**Approved by:**

______________________________

**Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi**
Supervisor

______________________________

**Dr. Rahim Ullah**
Internal Examiner

______________________________

**Dr. Abdul Samad Sheikh**
External Examiner

______________________________

**Dr. Rahim Ullah**
Program Coordinator

**Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi**
Head of Islamic Studies Department

**Bahria University**
Discovering Knowledge

## SUPERVISOR’S STATEMENT

This is certified that the work contained in this thesis, entitled

“خلافت عمر کی عسکری حکمت عملیاں اور ان کے اثرات”, has been carried out under my supervision by **Muhammad Waseem Akhtar** and is approved for submission in partial fulfilment of the requirement for the degree of MS Islamic Studies.

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi
Head of Department, Islamic Studies
Bahria University Islamabad.

**Bahria University**
Discovering Knowledge

**MS-13**

# THESIS COMPLETION CERTIFICATE

Student's Name: Muhammad Waseem Akhtar

Enrollment No. 01-259231-007

Program of Study: MS Islamic Studies

Thesis Title: "خلافت عمر کی عسکری حکمت عملیاں اور ان کے اثرات"

It is to certify that the above student's thesis has been completed to my satisfaction and that to my belief, its standard is appropriate for submission for evaluation. I have also conducted a plagiarism test on this thesis using the HEC-prescribed software and found a similarity index of 10%, which is within the permissible limit set by the HEC for the MS/MPhil degree thesis. I have also found the thesis in a format recognized by the BU for the MS/MPhil thesis.

Principal Supervisor's Signature

Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi

Date: 08-Jul-2025

**Bahria University**
Discovering Knowledge

**MS-14A**

# AUTHOR’S DECLARATION

I, Muhammad Waseem Akhtar, hereby state that my MS thesis titled, “خلافت عمر کی عسکری حکمت عملیاں اور ان کے اثرات”, is my own work and has not been submitted previously by me for taking any degree from this University (Bahria University) or anywhere else in the country or world. At any time, if my statement is found to be incorrect, even after my graduation, the university has the right to withdraw or cancel my MS degree.

Scholar’s Signature

Name: Muhammad Waseem Akhtar

Date: 08-Jul-2025

**Bahria University**
Discovering Knowledge

**MS-14B**

# PLAGIARISM UNDERTAKING

I, Muhammad Waseem Akhtar, solemnly declare that the research work presented in the thesis titled "خلافت عمر کی عسکری حکمت عملیاں اوران کے اثرات" is solely my research work with no significant contribution from any other person. Any small contribution or help, wherever taken, has been duly acknowledged, and the complete thesis has been written by me. I understand the zero-tolerance policy of the HEC and Bahria University towards plagiarism. Therefore, as the author of the above-titled thesis, I declare that no portion of my thesis has been plagiarized and that any material used as a reference is properly referred to and cited.

I undertake that if I am found guilty of any formal plagiarism in the above-titled thesis, even after the award of my MS degree, the university reserves the right to withdraw or revoke my MS degree. HEC and the university have the right to publish my name on the HEC/University website, where the names of students who submitted plagiarized theses are placed.

Scholar's Signature

________________________

Name: Muhammad Waseem Akhtar

Date: 08-Jul-2025

# ACKNOWLEDGMENT

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

First of all, I am grateful to Allah, the Almighty, without whose grace no good deed can be accomplished, for giving me the courage, strength and ability to complete this thesis. Without His grace and mercy, I would not have been able to complete this research.

After that, I am deeply grateful to my esteemed supervisor, Dr. Syed Muhammad Shahid Tirmazi, whose continuous encouragement, guidance and experience have been with me throughout this journey. His academic ability and expertise have helped me immensely in making this thesis useful and profound.

Along with that, I am grateful to my beloved parents, whose selfless and unconditional love, support and encouragement was the source of strength for me in this journey.

And finally, I am very thankful to all my friends especially grateful to my friend Asad-ur-Rehman and my classmate Memona Maqsood. They have continuously encouraged me throughout this journey and not only guided me well at every important point of the thesis, but also helped me technically. The encouragement and trust of these friends gave me the courage to complete my thesis.

# DEDICATION

I dedicate this research work to the great personality whom the Holy Prophet ﷺ himself prayed to Allah for. Whose justice was so perfect that he himself came to be called Justice. Who was so brave and courageous that he defeated the two superpowers of his time and so humble that he used to rest on the soil of mosque by making a stone pillow.

The Second Caliph of Islam, the Conqueror of Rome and Persia, Ameer-ul-Momineen, Hazrat Umar Bin Al-Khattab رضی اللہ عنہ.

The more I read about him during my research, the more I became captivated by his love. I dedicate this research to him with the prayer that Allah may grant me his company on the Day of Judgment.

# فہرستِ موضوعات


**باب اول: تعارف، حیاتِ عمرؓ اور عسکریت کی اہمیت و ضرورت ........................................ 8**

**فصل اول: تعارفِ تحقیق........................................................................ 8**

تمہید و تعارف........................................................................ 8

ضرورت و اہمیت ........................................................................ 9

اہداف و مقاصد ........................................................................ 9

سوالات تحقیق........................................................................ 10

بیان مسئلہ ........................................................................ 10

سابقہ کام کا جائزہ ........................................................................ 10

تحقیقی خلا ........................................................................ 11

تحقیقی طریقہ کار........................................................................ 11

تحقیقی اخلاقیات ........................................................................ 11

مواد کی جمع و تدوین........................................................................ 12

حوالہ جات ........................................................................ 12

ابواب و فصول ........................................................................ 13

**فصل ثانی: عمرؓ، فضائل و مناقب اور خدمات ........................................ 14**

تعارف ........................................................................ 14

قبول اسلام سے پہلے کی زندگی ........................................................................ 16

قبول اسلام ........................................................................ 17

ہجرت........................................................................ 18

حضرت عمرؓ مصاحبت رسول ﷺ میں ........................................................................ 18

**فضائل و مناقب........................................................................ 19**

فضیلتِ عمرؓ قرآن مجید کی روشنی میں.......... 19
فضیلتِ عمرؓ احادیث مبارکہ کی روشنی میں.......... 21
خلافت ابو بکر صدیقؓ .......... 24
خلافت کے لیے نامزدگی .......... 24
خلافت عمرؓ کے نمایاں پہلو .......... 25
**ادارہ جات .......... 26**
ادارہِ مذہبی امور .......... 26
ادارہ تعلیم و تربیت .......... 27
بیت المال .......... 27
ادارہ عدل و انصاف .......... 27
ادارہ دفاع .......... 28
**فصل ثالث: عسکریات، اہمیت و ضرورت .......... 28**
**عسکریت کا معنیٰ و مفہوم .......... 28**
اسلام اور عسکریت .......... 29
عسکریت قرآن کی روشنی میں .......... 30
عسکریت احادیث کی روشنی میں .......... 32
عسکریت کی تاریخ .......... 36
عسکریت قبل از اسلام .......... 36
اہل عرب اور عسکریت .......... 36
روم و فارس اور عسکریت .......... 36
**باب دوم: عہد عمر رضی اللہ عنہ اور ادارہ جاتی عسکری تنظیم .......... 39**
**فصل اوّل: قیادت سے متعلقہ امور .......... 39**
**قائدین کے انتخاب کا طریقہ .......... 39**

تقوٰی، عبادت اور احکام شریعت کی پابندی ........................................ 39

تحمل مزاجی ........................................ 40

ہوشیاری و مہارت اور جنگی بصیرت ........................................ 40

جذبہ عمل کا اعتبار ........................................ 41

دور اندیشی ذہانت اور تجربہ کاری ........................................ 41

جرات مند بہادر اور سپہ گری پر عبور ........................................ 43

**قائدین کے حقوق ........................................ 43**

امیر کی اطاعت ........................................ 43

تمام معاملات کے فیصلے امیر پر چھوڑ دینا ........................................ 44

امیر کے حکم کی فوراً اطاعت کرنا ........................................ 44

مال غنیمت کی تقسیم پر رضامندی ........................................ 45

شورائیت ........................................ 45

محاسبہ ........................................ 46

**فصل ثانی: سرحدوں کا دفاعی نظام ........................................ 48**

فوجی شہروں کی تعمیر ........................................ 48

بصرہ ........................................ 49

کوفہ ........................................ 50

فسطاط ........................................ 51

سرت ........................................ 52

دشمن کے چھوڑے ہوئے شہر ........................................ 52

فوج کی نقل و حرکت کیلئے کشادہ رستے ........................................ 52

مفتوحہ علاقوں میں فوجی چھاؤنیاں ........................................ 53

**فصل ثالث: فوجیوں کے حقوق ........................................ 56**

سپاہیوں کی تیاری کا جائزہ لینا ........ 56
دوران سفر فوجیوں کے آرام کا خیال رکھنا ........ 57
کوچ کے وقت سپاہیوں سے ملنا ........ 59
دوران جنگ غلطی سے در گزر کرنا ........ 59
پڑاؤاور سفر کے دوران لشکر پر محافظوں کی تقرری ........ 60
فوج کے پڑاؤ کیلئے مناسب مقام کا انتخاب ........ 62
تقویٰ وپرہیز گاری کی ترغیب ........ 62
فوج کو زراعت و تجارت سے دور رکھنا ........ 63
فوجیوں کی چھٹی کا نظام ........ 64
سپاہیوں کیلئے تنخواہ کا اجراء ........ 65
**باب ثالث: عہد عمرؓ کی جنگی حکمت عملیاں اور ان کے اثرات ........ 68**
**فصل اول: پیشگی اقدامات ........ 68**
اہل اور ہوشیار قیادت کا انتخاب ........ 69
جنگی اصول وضوابط کی تعلیم ........ 71
نئی بھرتی ........ 72
حسب ضرورت فوجوں کی منتقلی ........ 73
پیشگی منصوبہ بندی ........ 73
جنگ کا جغرافیہ متعین کرنا ........ 74
دشمن کے رسد اور کمک کے راستے کاٹ دینا ........ 75
مذاکرات کی اجازت ........ 76
جاسوسی ........ 78
محاصرہ ........ 80
**فصل ثانی: دوران جنگ کی حکمت عملیاں ........ 83**

قرآنی آیات اور رجزیہ شاعری کا استعمال ........ 83
مبارزت و مطاردت ........ 84
جنگی صورتحال کے مطابق حکمت عملی بدلنا ........ 86
نفسیاتی حربوں کا استعمال ........ 87
جدید اسباب و ذرائع کا استعمال ........ 88
دریا عبور کرنے کی حکمت عملی ........ 89
دشمن کی قیادت کو ختم کرنا ........ 90
فدائی کاروائیاں ........ 91
دشمن کو چھوٹی جھڑپوں میں مصروف رکھنا ........ 92
دشمن کو بھٹکانا ........ 93
گھات لگا کر حملہ کرنا ........ 94
**فصل ثالث: جنگ کے بعد کے اقدامات ........ 95**
زخمیوں کی دیکھ بھال ........ 95
تعاقب ........ 96
بازاروں اور شہروں پر چھاپہ مار حملے ........ 96
جنگی کانفرنس ........ 97
پسپائی کا راستہ کاٹ دینا ........ 98
سپاہیوں کیلئے انعامات ........ 98
دشمن کو متحد نہ ہونے دینا ........ 99
مال غنیمت کی تقسیم ........ 100
**نتائج بحث ........ 101**
**تجاویز ........ 103**
**فہرست آیات ........ 104**

فہرست احادیث ............................................................................................................105
فہرست اماکن..............................................................................................................106
مصادر و مراجع.............................................................................................................107

## Abstract

This research provides a comprehensive introduction to “Askari-aat” explaining its historical background and ethical overview in different eras before and after Islam. The research describes the literal and terminological definitions of “Askari-aat” as well as its necessity and importance in the light of Quran and Ahadith.

The Study divides the military strategies of Hazrat Umar R.A into institutional military organization and war tactics. The study discusses organizational and systematic structure of “Askari-aat” and covers administrative matters including the leadership-related affairs and also the rights of soldiers. The study also summarize the details of the border defense system during the era of Hazrat Umar R.A.

This research sheds light on the war tactics used in the Caliphate of Hazrat Umar R.A and categorises these tactics into three types: pre-war, during-war and post-war, discussing the measures taken before war starts and the quick techniques used during war and the steps taken after the war ended.

# باب اول

## تعارف، حیات عمرؓ اور عسکری اقدامات

**فصل اول:** تعارفِ تحقیق

**فصل ثانی:** عمرؓ، فضائل و مناقب اور خدمات

**فصل ثالث:** عسکریات، اہمیت و ضرورت

# بابِ اول: تعارف، حیاتِ عمرؓ اور عسکریت کی اہمیت و ضرورت

## فصل اول: تعارفِ تحقیق

### تمہید و تعارف

دنیا میں اپنی بقا اور مفادات کے حصول کیلئے مضبوط عسکری قوت کا ہونا بہت ضروری ہے۔ ابتداء کائنات سے ہی انسان طاقت کے حصول کیلئے کوشاں ہے اور اس کیلئے جدت کی طرف گامزن ہے۔ مختلف قومیں اور قبیلے اپنی اپنی سمجھ بوجھ کے مطابق اپنے دشمن کو شکست سے دوچار کرنے اور غلبہ اختیار کرنے کیلئے مختلف طرح کے اقدامات اور حکمت عملیاں اپناتے رہے ہیں۔ اسلام میں ہجرت مدینہ کے بعد جب جہاد کی اجازت و فرضیت ہوئی تو ساتھ ہی اللہ رب العزت نے مسلمانوں کو جنگ کے متعلق ہمہ وقت تیار رہنے اور اپنے بچاؤ کیلئے ہر ممکن طریقہ اختیار کرنے کا حکم دیا۔ جو کہ قرآن کی کئی آیات سے سمجھا جا سکتا ہے۔

صرف قرآن میں ہی نہیں بلکہ رسول اللہ ﷺ کی احادیث مبارکہ اور سیرت سے بھی عسکری حکمت عملیوں کو اختیار کرنے اور نئی منصوبہ سازی کرنے کی ترغیب ملتی ہے۔ خود رسول اللہ ﷺ نے بھی جنگ کے موقع پر بہت سی زبردست عسکری حکمت عملیاں اختیار کیں جیسا کہ غزوہ احد کے موقع پر درے پر دستہ مامور کرنا، غزوہ احزاب میں خندق کھدوانا اور غزوہ موتہ میں ایک سالار کی شہادت کی صورت میں دوسرے اور دوسرے کی شہادت کی صورت میں تیسرے کی نامزدگی کر کے جرنیلوں کی تقرری اور تبدیلی کی بہترین مثال پیش کی۔

رسول اللہ ﷺ کی وفات کے بعد بھی چونکہ جنگوں کا سلسلہ جاری رہا اور خلفاء راشدین نے بھی ریاستی دفاع اور عسکری امور میں مختلف طرح کی پالیسیاں وضع فرمائیں اور بہت سی اصلاحات کیں۔ چنانچہ خلیفہ ثانی حضرت عمر فاروقؓ نے بھی اپنے دور میں جدت کی طرف سفر جاری رکھا اور فوج اور عسکری انتظامات میں بہت سی اصلاحات اور حکمت عملیاں اختیار کیں۔ چونکہ آپؓ کے دور میں کثرت سے فتوحات ہوئیں چنانچہ آپؓ نے فوجی انتظام و انصرام اور اصلاحات پر خصوصی توجہ دی جیسا کہ آپؓ کا قول ہے کہ:

" لَأَمِيرُ جَيْشٍ مِنْ جُيُوشِ الْمُسْلِمِينَ أَهَمُّ إِلَيَّ مِنْ أَمِيرِ مِصْرٍ مِّنَ الْأَمْصَارِ"[1]

"میرے نزدیک مسلمانوں کے لشکروں میں سے کسی لشکر کا امیر، کسی شہر کے امیر سے زیادہ اہمیت رکھتا ہے"۔

آپؓ کے اس قول سے آپ کے نزدیک عسکری معاملات کی اہمیت واضح ہوتی ہے کہ آپ اس کو دیگر تمام معاملات پر فوقیت دے رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اپنے دور حکومت میں آپ نے عسکری امور میں بہت سی اصلاحات کیں۔ فوج کو ایک منظم ادارہ کی شکل دی اور

---

[1] البلاذری، **انساب الاشراف** (بیروت: دارالفکر 1996)، ج10، ص316

اسکے لیے ایک دیوان مقرر کیا جسے **"دیوان الجند"** کہا جاتا ہے، فوجیوں کی باقاعدہ چھٹیوں کا نظام قائم فرمایا اور اسکے لئے ایک خاص مدت مقرر کی جسکے بعد فوجیوں کو گھر جانے کی اجازت ہوا کرتی تھی، اسلحے کی تیاری کے حوالے سے انتظام کیا اور اس کے لیے آمدنی کا ایک حصہ مقرر فرمایا، گھوڑوں کیلئے منظم اصطبل اور چراگاہیں تیار کروائیں جہاں انکی نشو و نما کا خیال رکھا جاتا تھا۔ اسکے علاوہ سرحدوں کی حفاظت وغیرہ کیلئے الگ سے فوجی چھاؤنیاں قائم کیں اور قلعوں کی تعمیر کروائی۔ فوجیوں کی آمد و رفت کے لئے مواصلاتی نظام بہتر کیا اور جنگی حالات سے باخبر رہنے کیلئے ڈاک کا نظام متعارف کروایا جس کے سبب آپؓ لمحہ بالمحہ جنگ کی صورتحال سے باخبر رہتے تھے۔ علاوہ ازیں آپ جنگی سالاروں سے بھی مسلسل خط و کتابت کے ذریعے رابطے میں رہتے تھے اور مسلسل انکو ہدایات دیتے رہتے تھے۔ اس حوالے سے امراء اور سپہ سالاروں کو آپکے لکھے ہوئے خطوط نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔ عسکریات کے انتظامی امور سے ہٹ کر آپ کی جنگی تدابیر اور حکمت عملیاں بھی اپنی مثال آپ ہیں۔ آپؓ نے عسکری قائدین کی تقرری کے سلسلے میں ہمیشہ ہی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو مدنظر رکھا اور انکی پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں کوتاہی کو کسی بھی طرح سے نظرانداز نہیں کیا۔ حملے کیلئے صحیح وقت کا تعین، دشمن کو بھٹکانے کے مختلف طریقے، چھاپہ مار جنگ، شب خون، اچانک حملہ، سفر کیلئے محفوظ اور تیز ترین راستوں کا انتخاب اور اس جیسی کئی دیگر زبردست حکمت عملیاں اختیار کر کے آپ نے جنگوں کے پانسے پلٹ دیئے اور دشمن کو حیران کر دیا۔ آپؓ کے یہ تمام اقدامات اسلامی فوج کی کارکردگی، ریاست کے دفاع اور مسلمانوں کی فتوحات میں بہت اہم ثابت ہوئے۔

### ضرورت و اہمیت

اسلام کے عسکری نظام اور جنگی اخلاقیات کا علم ہونا ہمارے لیے ضروری ہے اور اس حوالے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ یہ دور مسلمانوں کیلئے ایک مثالی دور کی حیثیت رکھتا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے بھی مسلمانوں کو ان صحابہ اور خلفاء راشدین کی اقتداء کا حکم دیا ہے۔ خلافت عمر میں فتوحات کثرت سے ہوئیں لہذا اس دور میں بہت سی عسکری اصلاحات و اقدامات اور حکمت عملیاں عمر رضی اللہ عنہ نے اختیار کیں۔ ان اصلاحات اور انتظامات کو قلمبند کرنا اس لیے ضروری ہے تاکہ اس شعبہ میں مسلمانوں کے کارہائے نمایاں سامنے آسکیں اور مسلمانوں کے عسکری اقدامات کی نمایاں خصوصیات اور انکے اثرات واضح ہو سکیں۔

### اہداف و مقاصد

خلافت عمر رضی اللہ عنہ میں ادارہ جاتی عسکری تنظیم کے خدوخال واضح کرنا۔

خلافت عمر رضی اللہ عنہ کی جنگی تدابیر اور حکمت عملیوں کو واضح کرنا۔

خلافت عمر رضی اللہ عنہ کے عسکری اقدامات کے اثرات بیان کرنا۔

## سوالات تحقیق

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور میں کون کون سی عسکری حکمت عملیاں اختیار کی گئیں؟

خلافت عمر رضی اللہ عنہ کے عسکری اقدامات و حکمت عملیوں کے کیا اثرات مرتب ہوئے؟

## بیان مسئلہ

جہادِ اسلامی اور اسلام کی فتوحات کے متعلق ایک رائے یہ پائی جاتی ہے کہ یہ عرب کی قدیم جنگجو آنہ فطرت کا نتیجہ تھیں جو کہ محض خون خرابہ اور مال غنیمت کے حصول کیلئے تھیں جو کسی بھی قسم کے اصول و ضوابط اور قواعد سے خالی تھیں اور اسی بنیاد پر اسلام کو ایک قدامت پرست دین شمار کیا جاتا ہے۔

## سابقہ کام کا جائزہ

1. الصلابی، ڈاکٹر علی محمد، **سیدنا عمر بن خطاب شخصیت و کارنامے**، لاہور، مکتبہ الکتاب: یہ کتاب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی سیرت پر لکھی گئی سب سے مفصل اور بہترین کتاب ہے۔ اس کتاب میں عمر رضی اللہ عنہ کی دفاعی و عسکری پالیسیوں کو مختلف ابواب کے ضمن میں کچھ مقامات پر باقاعدہ عناوین کے تحت اور کچھ مقامات پر جنگوں وغیرہ کی واقعاتی ترتیب میں بیان کیا گیا ہے۔
2. الشیخ، عبدالستار، **عمر بن الخطاب**، دمشق، دار القلم، 2012: اس کتاب میں مصنف نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کے تمام اداروں کو بیان کیا ہے۔ دفاعی ادارے کو بھی الگ سے ایک باب میں بیان کیا گیا ہے مگر وہ نہایت ہی مختصر ہے۔
3. نعمانی، شبلی، **الفاروق**، کراچی: اس کتاب میں مصنف نے خلافت عمر کے تمام احوال کو تفصیلاً بیان کیا ہے۔ دفاعی پالیسیوں کو فتوحات کے ابواب کے ضمن میں اور صیغہ فوج کے عنوان کے تحت قلمبند کیا ہے۔
4. البلاذری احمد بن یحیی بن جابر، **فتوح البلدان**، مترجم: سید ابوالخیر مودودی، لاہور، ادارہ تخلیقات، 2010: اس کتاب میں مصنف نے مختلف ممالک کی فتوحات کے ضمن میں اور تعلیقات کے باب میں چند دفاعی اقدامات کا ذکر کیا ہے۔
5. سلیمان ابوریدۃ، جمال احمد، **الخدع العسکریۃ للمسلمین فی صدر الإسلام**، غزہ، الجامعۃ الاسلامیۃ، 2009: اس کتاب میں مصنف نے دور نبوی اور دور خلافت راشدہ کی فتوحات میں استعمال ہونے والی جنگی چالوں کو ذکر کیا ہے۔
6. فیبیجر، جی۔جی، **مبادئ الاستراتجیۃ العسکریۃ**، مترجم: علی رمضان فاضل، الجیزہ، مکتبہ النافذہ: اس کتاب میں مصنف نے دور جدید میں استعمال ہونے والی دفاعی و عسکری اصلاحات کی بنیادی تعریفات اور عسکری تدابیر کا تعارف اور جدید تدابیر بیان کی ہیں۔

7. عویس، عبد الحلیم، **تاریخ الجیش فی الاسلام**، شبکۃ الالوکۃ، 2017: اس مضمون میں مصنف نے دور نبوی اور دور خلافت راشدہ میں مستعمل فوجی اصطلاحات اور فوج کے حصوں کی تفصیل بیان کی ہے۔

## تحقیقی خلا

اب تک عسکری اقدامات یا نظام کے حوالے سے جتنا بھی کام راقم کی نظر سے گزرا ہے اس میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی عسکری حکمت عملیوں پر علیحدہ سے کوئی مرتب کام نہیں مل سکا۔ اگرچہ کتب سیرت و تاریخ اور عسکریات کی کتب میں متفرق عنوانات کے تحت اس حوالے سے مواد موجود ہے تاہم کوئی منظم و مرتب کام اس عنوان پر سامنے نہیں آ سکا۔

## تحقیقی طریقہ کار

اس تحقیقی مقالہ میں بنیادی طریقہ تحقیق تاریخی و وصفی اختیار کیا گیا ہے۔

کسی پیرائے کی تشریح کیلئے یا اس پر اپنی رائے دینے کی صورت میں تجزیاتی طریقہ اپنایا گیا ہے۔

طویل عربی اقتباسات کی صورت میں طوالت سے بچنے کیلئے صرف مختصر حصہ یا ابتدائی حصہ ذکر کیا ہے۔

بعض مقامات پر تفصیلی ابحاث واقتباسات کا فقط خلاصہ ذکر کر کے اصل کتاب سے اس کا حوالہ ذکر کیا گیا ہے۔

قرآنی آیات کا ترجمہ "حافظ عبد السلام بھٹوی" کی تفسیر "تفسیر القرآن الکریم" سے لیا گیا ہے۔

عسکری اقدامات کے ضمن میں ادارہ جاتی نظام کے علاوہ جنگی حکمت عملیاں بھی بیان کی گئی ہیں۔

بعض مقامات پر ایک ہی واقعہ سے کئی حکمت عملیاں اخذ کی گئی ہیں۔

مقالہ میں جنگی پالیسیوں کے ضمن میں بعض مواقع پر مکمل جنگی احوال بھی ذکر کیے گئے ہیں۔

## تحقیقی اخلاقیات

مقالہ میں مذکور تمام اقتباسات کا حوالہ ذکر کیا گیا ہے۔

ہر مصنف کے نقل کردہ کام کو اسی کی جانب منسوب کیا گیا ہے۔

مقالہ میں مذکور شخصیات کا احترام مد نظر رکھا گیا ہے۔

قرآنی آیات، احادیث، اور عربی اقتباسات کا ترجمہ تحریر کیا گیا ہے۔

## مواد کی جمع وتدوین

مواد کے حصول کیلئے پہلی ترجیح بنیادی مصادر یعنی قرآن وحدیث اور اقوال صحابہ کو دی گئی ہے۔ اسکے علاوہ دیگر مصادر، کتب سیرت، کتب تاریخ اور عسکری معاملات پر تصنیف کردہ کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔

مختلف قسم کے آنلائن مکتبات اور ویب سائٹس کا بھی استعمال کیا گیا ہے۔

قدیم وجدید رسائل و جرائد اور مختصر مضامین سے بھی استفادہ کیا گیا ہے۔

## حوالہ جات

حوالہ جات اور کتابیات کیلئے بحریہ یونیورسٹی کا طے کردہ فارمیٹ استعمال کیا گیا ہے۔

## ابواب و فصول

### باب اول

### تعارف، حیات عمرؓ اور عسکری اقدامات

**فصل اول:** تعارف

**فصل ثانی:** عمرؓ، فضائل و مناقب اور خدمات

**فصل ثالث:** عسکریات، اہمیت و ضرورت

### باب دوم

### عہد عمر رضی اللہ عنہ اور ادارہ جاتی عسکری تنظیم

**فصل اول:** قیادت سے متعلقہ امور

**فصل ثانی:** سرحدوں کا دفاعی نظام

**فصل ثالث:** فوجیوں کے حقوق

### باب سوم

### عہد عمر رضی اللہ عنہ کی جنگی حکمت عملیاں اور ان کے اثرات

**فصل اول:** پیشگی جنگی منصوبہ بندی

**فصل ثانی:** دوران جنگ کی حکمت عملیاں

**فصل ثالث:** جنگ کے بعد کے اقدامات

## فصل ثانی: عمرؓ، فضائل و مناقب اور خدمات

### تعارف

**نام و نسب:** عمرؓ بن الخطاب بن نفیل بن عبد العزیٰ بن ریاح بن عبد اللہ بن قرط بن رزاخ بن عدی بن کعب بن لوئی بن غالب، القرشی العدوی[1]۔ کعب پر آپ کا نسب نبی کریم ﷺ سے مل جاتا ہے۔

**کنیت:** آپؓ کی مشہور ترین کنیت ابو حفص تھی۔ جس کے متعلق دو آراء ہیں۔ ایک یہ کہ یہ کنیت غزوہ بدر کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے آپؓ کو عطا فرمائی۔ اسی کنیت کی بنا پر آپؓ نے ایک بیٹے کا نام بھی رکھا تھا جو بچپن میں فوت ہو گیا تھا۔ اسکی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ بعد میں آپؓ نے اپنی بیٹی کا نام بھی اسی بیٹے کی محبت کی وجہ سے حفصہؓ رکھا جو کہ بعد میں ام المؤمنین بنیں[2]۔

**لقب:** مختلف روایات کی روشنی میں آپؓ کے تین القابات بیان کئے جاتے ہیں جن میں سے مشہور ترین **"الفاروق"** ہے جو کہ اسلام قبول کرنے پر رسول اللہ ﷺ نے آپؓ کو عطا فرمایا کیونکہ آپؓ کے اسلام قبول کرنے سے کفر و اسلام کے درمیان واضح فرق ہو گیا[3]۔ آپؓ کا دوسرا لقب **"القوی"** تھا۔ یہ لقب امیر المؤمنین علیؓ نے آپؓ کو دیا تھا[4]۔ آپؓ کا تیسرا لقب **"الاصیلع"** تھا جو کہ آپؓ کے تابعین شاگردوں نے آپؓ کو دیا تھا[5]۔

**ولادت و جسمانی اوصاف:** آپؓ کی ولادت عام الفیل کے تیرہ سال بعد ہوئی یوں آپؓ نبی کریم ﷺ سے تیرہ برس چھوٹے تھے[6]۔ بعثت نبوی ﷺ کے وقت آپؓ کی عمر ستائیس سال اور ہجرت کے وقت آپؓ کی عمر چالیس سال تھی۔ آپؓ سرخ و سفید رنگت کے حامل تھے۔ آپؓ کے رخسار، آنکھیں اور ناک انتہائی خوبصورت تھے۔ آپؓ کے ہاتھ اور پاؤں موٹے اور بھرے ہوئے تھے۔ گٹھے ہوئے جسم، طویل قد، مضبوط اعصاب، اور خوبصورت بدن کے مالک تھے۔ سر کے بال آگے کی جانب گرے ہوئے تھے۔ اتنے دراز قامت تھے گویا گھوڑے پر سوار ہوں۔ بہت طاقتور تھے۔ انتہائی شجاع و بہادر تھے۔ کمزوری اور بزدلی کی رمق تک نہ تھی۔ بالوں پر خضاب لگاتے تھے اور مونچھیں اطراف سے بڑھی ہوئی تھیں۔ غصے میں ان کو تاؤ دیتے تھے۔ تیز قدموں سے چلا کرتے تھے اور تیز لہجے میں بولا کرتے تھے۔ مارتے وقت زوردار اور کاری ضرب لگاتے تھے۔[7] آپؓ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کرتے تھے جس پر یہ الفاظ کندہ تھے: "كَفٰى بِالْمَوْتِ وَاعِظاً يَا عُمَر"[8]، کہ موت سب سے بڑی واعظ ہے۔

---

[1] ابن الاثیر، علی بن محمد الجزری، **اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ**(بیروت: دارالکتب العلمیہ 1995)،ج4، ص137

[2] الشیخ، عبد الستار، **عمر بن الخطاب الخلیفۃ الراشدی العظیم و الامام العادل الرحیم**(دمشق: دار القلم 2012)، ص25

[3] ابو نعیم، احمدبن عبداللہ، **حلیۃ الاولیاء وطبقات الاحفیاء**(بیروت: دارالاحیاء التراث العربی )،ص43

[4] السمعانی، عبدالکریم بن محمد، **الانساب**(قاہرہ: مکتبہ ابن تیمیہ1976)،ج10، ص267

[5] الشیبانی، احمد بن محمد بن حنبل، **مسند الامام احمد بن حنبل**(قاہرہ: دار الحدیث1995)، مسندعمر بن خطاب، ح361

[6] ابن حجر، احمد بن علی، **الاصابہ فی تمیز الصحابہ**(بیروت: دارالکتب العلمیہ 1995)،ج4، ص484

[7] الشیخ، **عمر بن الخطاب**، ص28

[8] ابن عبد البر، یوسف بن عبداللہ، **الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب**(قاہرہ:مکتبہ نھضۃ مصر 1960)،ج3، ص1146

**خاندان:** آپؓ کے والد کا نام خطاب بن نفیل تھا جو کہ نفیل بن عبد العزیٰ کے بیٹے تھے۔ نفیل بن عبد العزیٰ قریش کے ان معزز لوگوں میں سے تھے جن کے پاس لوگ اپنے معاملات کے تصفیے کروانے کیلئے آیا کرتے تھے[1]۔ آپؓ کے اجداد میں سے عدی کے نام پر آپؓ کے قبیلے کو بنو عدی کہا جاتا تھا جو کہ قریش کا ایک بااثر قبیلہ تھا۔ آپؓ کی والدہ کا نام حنتمہ بنت ہاشم تھا جو کہ ہاشم بن مغیرہ کی صاحبزادی تھیں۔[2] بعض مؤرخین کے نزدیک وہ ابو جہل کی بہن تھیں۔ لیکن درست بات یہی ہے کہ وہ ہاشم یعنی ابو جہل کے چچا کی بیٹی تھیں، جبکہ ابو جہل کے والد کا نام ہشام تھا۔[3]

**ازواج:** آپؓ نے زمانہ جاہلیت واسلام میں کل آٹھ خواتین سے شادی کی۔ زمانہ جاہلیت میں آپؓ نے تین خواتین سے شادی کی جن کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

زینب بنت مظعون، قریبہ بنت ابی امیہ المخزومیہ، ام کلثوم ملیکہ بنت جرول الخزاعیہ[4]

جبکہ اسلام لانے کے بعد آپؓ نے پانچ خواتین سے شادی کی جن کے نام یہ ہیں۔

ام حکیم بنت حارث بن ہشام، جمیلہ بنت ثابت بن ابی الافلح، عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیل، سبیعہ بنت الحارث، ام کلثوم بنت علیؓ بن ابی طالب[5]۔

**اولاد:** آپؓ کی کل اولاد 14 تھی۔ جن میں نو بیٹے اور 5 بیٹیاں تھیں۔ ان سب کے نام ذیل میں ہیں۔

**بیٹے:** عبداللہ، عبدالرحمٰن الاکبر، عبدالرحمٰن الاوسط، عبدالرحمٰن الاصغر، زید الاکبر، زید الاصغر، عاصم، عبیداللہ، عیاض

**بیٹیاں:** حفصہ، فاطمہ، رقیہ، زینب، جمیلہ۔[6]

اکثر مؤرخین نے آپؓ کی بیٹیوں میں جمیلہ کا نام ذکر نہیں کیا تاہم صحیح مسلم کی ایک روایت بطور دلیل موجود ہے جس میں آپکی ان صاحبزادی کا ذکر موجود ہے۔ "عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ عمرؓ کی ایک بیٹی تھی جس کا نام عاصیہ تھا، تو رسول اللہ ﷺ نے انکا نام بدل کر جمیلہ رکھ دیا۔"[7]

---

[1] الزبیری، مصعب بن عبداللہ، **نسب قریش**(قاہرہ: دار المعارف)،ص347

[2] ابن سعد، محمد بن سعد، **الطبقات الکبریٰ**(بیروت:دارالکتب العلمیۃ 1990)،ج3، ص201

[3] ابن عبد البر، **الاستیعاب**، ج3، ص1144

[4] ابن سعد، **الطبقات الکبریٰ**، ج3، س201

[5] الشیخ، **عمر بن الخطاب**، ص35،34،33

[6] ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، **البدایۃ والنهایۃ**(قاہرہ:مطبع السعادۃ 1930)،ج7، ص139

[7] نیشاپوری، مسلم بن حجاج، **المسند الصحیح المختصر بنقل العدل عن العدل الی رسول اللہ**(بیروت: دار الاحیاء التراث العربی1955)،کتاب الآداب، باب استحباب تغییر الاسم القبیح، ح2139

**خادمین وحاجبین:** آپؓ کے خدام وحاجبین کی کل تعداد 10 مذکور ہے جو آپ کی طرف سے عائد کردہ مختلف خدمات سرانجام دیتے تھے۔ان کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

یرفع، مہجع،اسلم،مالک،الاقرع،ہنی، عمیر،یسار،سعد،اسق الرومی۔[1]

## قبول اسلام سے پہلے کی زندگی

آپؓ نے اپنی عمر کا ابتدائی لمبا عرصہ اسلام کے بغیر گزارااور قریش میں اپنے ہم عمر لوگوں کے ساتھ ہی پرورش پائی۔آپؓ قریش کے ان چند قابل ترین افراد میں سے تھے جنہوں نے لکھناپڑھنا سیکھ لیا تھا جبکہ اس دور میں عربوں میں پڑھنے لکھنے کا رجحان نہ ہونے کے برابر تھا۔آپؓ نے اپنے بچپن ہی سے جفاکشی اور سختی میں وقت گزارااور آپؓ کے والد کی طرف سے یہ سختی اس قدر زیادہ تھی کہ آپؓ نے باوجود مالدار ہونے کے عیش وعشرت کی کوئی گھڑی نہ گزاری۔آپؓ کے والد خطاب آپؓ پر بہت زیادہ سختی کرتے تھے۔وہ آپؓ کو اونٹ چرانے کے لیے چراگاہ میں بھیج دیتے تھے اور اگر آپؓ سے کبھی کوئی کمی کوتاہی ہو جاتی تو انتہائی سختی سے پیش آتے اور مارتے پیٹتے تھے۔ ان واقعات نے آپؓ پر بہت گہرا اثر ڈالا اور یہ آپؓ کی چند تلخ یاداشتوں میں سے ایک بن گئی۔آپؓ ہمیشہ اپنے ان دنوں کو یاد کیا کرتے تھے۔آپؓ کے یہ اونٹ چرانے ہی کی وجہ سے آپؓ کی طبیعت میں بھی سختی کا عنصر پایا جاتا تھا۔جیسا کہ حضرت سعید بن مسیبؓ سے مروی ہے کہ عمرؓ نے جب حج کیا تو مقام ضجنان پر پہنچے تو فرمایا کہ "لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ"،اللہ جسے جو چاہتا ہے عطا کردیتا ہے، یہ وہی وادی ہے جس میں میں اونی قمیص پہن کر خطاب کے اونٹوں کو چرایا کرتا تھا وہ بہت سخت تھے۔جب بھی میں کام کرتا تو میرے پیچھے لگے رہتے اور اگر کبھی مجھ سے کوئی کوتاہی ہو جاتی تو بہت مارا کرتے تھے۔لیکن آج میری حالت یہ ہو چکی ہے کہ میرے اور اللہ کے درمیان کوئی نہیں یعنی اب دنیا پر سب سے بڑی حکمرانی اللہ تعالیٰ نے مجھے عطا کر دی ہیں اور اسلام سے ٹکر لینے والا آج کوئی نہیں ہے۔[2] اس کے علاوہ آپؓ بنو مخزوم سے تعلق رکھنے والی اپنی خالاؤں کے اونٹ بھی چند مٹھی کھجور یا کشمش کے عوض میں چرایا کرتے تھے۔امیر المومنین بننے کے بعد ایک دن آپؓ کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اب تو میں امیر المومنین بن چکا ہوں اور میں سب سے افضل ہوں، مجھ سے افضل آج کے دن کون ہو سکتا ہے جیسے ہی آپؓ کے دل میں یہ خیال پیدا ہوا فوراً ہی آپؓ متنبہ ہو گئے اور آپؓ نے اپنے نفس کا غرور توڑنے کے لیے "الصلوۃ الجامعہ" کی منادی کروادی اور پھر جب سارے لوگ جمع ہو گئے تو آپؓ نے فرمایا:

" أيُّها النَّاسُ، لقدْ رَأَيْتُموني وَمَا لِي مِنْ أَكَالٍ يَأْكُلُهُ النَّاسُ، إِلَّا أنَّ لِي خَالاتٍ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ، فكنتُ أَسْتَعْذِبُ لَهُنَّ الماءَ، فَيَقْبِضْنَ لِي القَبَضاتِ من الزَّبِيبِ"[3]

[1] الشیخ،**عمر بن الخطاب**،ص 39،38،37

[2] ابن عساکر، علی بن الحسن، **تاریخ مدینۃ دمشق**(دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع1995)،ج44، ص315

[3] ابن سعد، **الطبقات الکبریٰ**، ج3، س 222

"اے لوگو! میں وہی عمر ہوں جو بنو مخزوم کی اپنی خالاؤں کے جانور چرایا کرتا تھا اور مجھے ایک مٹھی بھر کھجور یا کشمش ملا کرتی تھی جس پر میں اپنا سارا دن گزارا کرتا تھا"۔

اس کے علاوہ آپؓ دیگر مشاغل میں بھی مصروف رہے، جیسا کہ کشتی، گھڑ سواری، شعر و شاعری اور ان سب میں آپؓ نے خوب کمال حاصل کیا۔

عمرؓ نے وسیع پیمانے پر تجارت بھی کی اور اس سے خوب مال حاصل کیا جس کی وجہ سے آپؓ مکہ کے مالدار لوگوں میں شمار ہوتے تھے۔ آپؓ تجارت کی غرض سے موسم گرما میں شام اور موسم سرما میں یمن کی سرزمین کا سفر کیا کرتے تھے اور وہاں کی تجارتی منڈیوں میں مصروف رہا کرتے تھے۔ آپؓ کو دانشمندی، دور اندیشی، عزت اور مقام و مرتبہ، فیصلہ سازی کی قوت اور دیگر کئی ساری خصوصیات ورثے میں ملی تھیں۔ اس لیے آپؓ اسلام سے قبل بھی عربوں کے ممتاز ترین لوگوں میں سے تھے اور اہل عرب اپنے تنازعات کا فیصلہ کروانے کے لیے آپؓ کے پاس حاضر ہوا کرتے تھے اور آپؓ ان کے معاملات سن کر ان کے درمیان تصفیہ کروایا کرتے تھے۔ آپؓ بہترین سفارت کار بھی تھے۔ اگر کسی قبیلے کے ساتھ قریش کی جنگ چھڑ جاتی تو وہ آپؓ کو سفیر بنا کر بھیجا کرتے تھے اور بسا اوقات دوسرے قبائل پر برتری جتانے اور فخر و مباہات کے لیے بھی بطور سفیر آپؓ کو بھیجا جاتا تھا۔[1]

آپؓ قبول اسلام سے قبل اسلام کے سخت ترین مخالفین میں سے تھے اور اسلام لانے والوں پر سخت ظلم و تشدد کیا کرتے تھے۔ زمانہ جاہلیت میں اسلام قبول کرنے والی ایک لونڈی کو تو آپؓ نے اتنا مارا کہ مارتے مارتے تھک کر بے حال ہو گئے اور بیٹھ گئے۔ ابو بکرؓ وہاں سے گزرے تو انہوں نے اس لونڈی کو آپؓ سے خرید کر آزاد کر دیا۔[2]

## قبول اسلام

نبوت کے چھٹے سال ذوالحجہ میں حمزہؓ کے تین دن بعد آپؓ نے اسلام قبول کیا۔ عمرؓ کے اسلام قبول کرنے کے بارے میں بہت سی روایات و واقعات منقول ہیں مگر علم حدیث کی رو سے وہ روایات درجہ صحت کو نہیں پہنچتیں۔ تاہم ان میں سے کئی روایات کثرتِ طرق اور دیگر شواہد کی بنا پر حسن لغیرہ کے درجہ کو پہنچ جاتی ہیں۔ ابتداءً مسلمانوں کے مکہ سے ہجرت کرنے پر آپؓ بہت رنجیدہ ہوئے اور آپؓ کا دل نرم پڑ گیا اور بعد میں رسول اللہ ﷺ کی دعا کی وجہ سے آپؓ نے اسلام قبول کیا۔[3]

عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے دعا کی تھی کہ:

"اَللّٰهُمَّ أعِزَّ الْإِسْلَامَ بِأَحَبِّ هٰذَينِ الرَّجُلَيْنِ إِلَيْكَ: بِأَبِيْ جَهْلٍ، أَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ"[4]

---

[1] المزی، جمال الدین یوسف، **تہذیب الکمال فی اسماء الرجال**(بیروت:مؤسسۃ الرسالۃ1980)،ج21، ص322
[2] الشرقاوی، عبدالرحمٰن، **الفاروق عمر**(قاہرہ:مرکز الاہرام للترجمۃ والنشر1984)،ص8
[3] ابن ہشام، عبدالملک بن ہشام، **السیرۃ النبویۃ**(شرکۃ الطباعۃ الفنیۃ المتحدہ)ج1، ص295
[4] الترمذی، محمد بن عیسٰی، **سنن ترمذی**(دار الرسالۃ العالمیۃ2009)،باب فی مناقب عمر بن الخطاب، ح4012

"اے اللہ ابو جہل بن ہشام اور عمرؓ بن خطاب میں سے جو تیرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہو اس کے ذریعے اسلام کو قوت و غلبہ بخش دے۔ آپ ﷺ بعد میں فرمایا کرتے کہ اللہ کو ان دونوں میں سے عمرؓ زیادہ محبوب تھے۔"

نبی کریم ﷺ کی یہ دعا قبول ہوئی اور آپؓ نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آکر اسلام قبول کر لیا۔ جیسے قبول اسلام سے قبل حالت کفر میں آپؓ اپنے کفر پر سخت تھے، ایسے ہی اسلام قبول کرنے کے بعد اسلام میں بھی آپؓ نے رسوخ حاصل کیا اور اسلام میں اسی طرح سخت، پختہ اور ثابت قدم رہے۔ آپؓ کی قبول اسلام کے بعد مسلمان اعلانیہ نمازیں پڑھنے لگے اور دعوت و تبلیغ کا کام کرنے لگے۔ آپؓ اور حمزہؓ کے قبول اسلام سے مسلمانوں کو بہت ہمت حوصلہ اور تقویت ملی اور مسلمانوں کی جماعت نہایت مضبوط ہو گئی۔

## ہجرت

آپؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے مدینہ کی جانب ہجرت کی۔ آپؓ نے باقی مسلمانوں کے برعکس مخفی کی بجائے اعلانیہ طور پر ہجرت کا عزم کیا اور تمام کفار مکہ کو چیلنج کرتے ہوئے مکہ سے اپنی جماعت سمیت روانہ ہوئے۔ آپؓ کے ساتھ آپؓ کے خاندان اور حلیفوں میں سے بھی کم و بیش 20 افراد موجود تھے۔ آپؓ نے جب ہجرت کا ارادہ کیا تو آپؓ حرم تشریف لے گئے وہاں پر کعبہ کا طواف کیا اور اس کے بعد بلند آواز سے اعلان کیا اور فرمایا کہ:

"مَنْ أَرَادَ أَنْ تَثْكِلَهُ أُمُّهُ، وَيُيَتِّمَ وَلَدَهُ، وَتَرْمِلَ زَوْجَتُهُ، فَلْيَلْقَنِي وَرَاءَ هٰذَا الْوَادِي"۔[1]

"جو چاہتا ہے کہ اس کی ماں اسے گم پائے اور اس کی اولاد اس پر ماتم کرے اور اس کی عورت بیوہ ہو جائے تو وہ اس وادی کے پیچھے مجھ سے ملاقات کرے"۔

مدینہ میں متعدد اوقات میں نبی کریم ﷺ نے عویم بن ساعدہؓ، عتبان بن مالکؓ اور معاذ بن عفراءؓ اور عمرؓ کے درمیان مواخات یعنی بھائی چارہ قائم کروایا۔[2]

## حضرت عمرؓ مصاحبت رسول ﷺ میں

اسلام قبول کرنے کے بعد آپؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تقریباً سارا وقت نبی کریم ﷺ کی صحبت میں گزرا۔ آپؓ تمام امور میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ رہتے اور آپؓ سے دین سیکھنے کی جستجو میں لگے رہتے تھے۔ خصوصاً رسول اللہ ﷺ کے فرامین اور آپ ﷺ کی تربیت کا کوئی ایک جزو بھی چھوڑنا آپؓ کو گوارا نہ تھا۔ لہذا آپؓ فرماتے ہیں کہ میں اور بنو امیہ بن زید کا میرا ایک انصاری پڑوسی ہم دونوں رسول اللہ ﷺ کے پاس باری باری آتے تھے، ایک دن وہ آتے اور ایک دن میں آتا۔ جس دن میں آتا تو اس دن کی وحی وغیرہ کی خبریں لاتا اور آکر اپنے پڑوسی کو بتاتا اور جس دن وہ جاتا ہے تو وہ بھی ایسے ہی کرتا تھا۔[3] یہ دینی علوم اور قرآن کی تعلیمات سیکھنے میں آپؓ کی حرص تھی

---

[1] السیوطی، عبدالرحمٰن بن ابو بکر، **تاریخ الخلفاء**(مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز2004)،ص94

[2] الخطیب، علی احمد، **عمر بن الخطاب**(بیروت:المزرعۃ بنایۃ الایمان1986)،ص55

[3] البخاری، محمد بن اسماعیل، **الجامع المسند الصحیح المختصر من امور رسول اللہ ﷺ وسننہ وایامہ**(دمشق:دار ابن کثیر1993)،کتاب العلم، باب التناوب فی العلم، ح89

کہ آپؓ کسی بھی ایسی قیمتی موتی سے محروم نہ رہنا چاہتے تھے جو رسول اللہ ﷺ کی زبان سے ادا ہو۔ آپؓ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہتے اور شرعی احکامات کو سنتے اور یاد کرتے رہتے۔ جب مجلس نبویؐ میں جاتے تو آغاز مجلس سے اختتام مجلس تک وہیں پر تشریف فرما رہتے آپؓ کی کوشش ہوتی کہ جو بھی بات دل میں کھٹکے یا کوئی واہمہ پیدا کرے تو اس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ سے فوراً دریافت کرلیں۔ آپؓ نے حضور اکرم ﷺ سے جو دین اور علم سیکھا اس کی گواہی خود رسول اللہ ﷺ نے دی اور فرمایا کہ میں نے خواب میں دودھ پیا اور اتنا زیادہ پیا یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ اس کی تری میرے ناخن یا ناخنوں کے نیچے سے بہنے لگی پھر میں نے وہ پیالہ عمرؓ کو تھما دیا صحابہؓ نے استفسار کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ اس کی کیا تاویل ہے تو آپ ؐ نے فرمایا کہ علم۔ ابن حجر بیان کرتے ہیں کہ یہاں علم سے مراد قرآن و سنت کی روشنی میں لوگوں پر سیاست کا علم ہے۔[1] حالت امن کے ساتھ ساتھ آپؓ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تمام غزوات میں بھی شریک رہے اور کسی غزوے سے بھی غیر حاضر نہ ہوئے۔

علاوہ ازیں آپؓ نے نبی کریم ﷺ سے 539 احادیث بھی روایات کی ہیں جن میں سے 26 احادیث متفق علیہ ہیں جبکہ 39 احادیث میں امام بخاری اور 21 احادیث میں امام مسلم منفرد ہیں۔

## فضائل و مناقب

### فضیلتِ عمرؓ قرآن مجید کی روشنی میں

- اللہ تعالیٰ نے آپؓ کی زبان پر حق جاری کرنے کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کے کئی احکام ایسے نازل فرمائے جو کہ وحی کے نزول سے پہلے ہی عمرؓ رسول اللہ ﷺ کو مشورہ کی صورت میں بتا چکے ہوتے تھے۔ چنانچہ جب وحی نازل ہوتی تو وہ آپؓ کی رائے کے موافق ہوتی۔ ان امور و احکامات کو "موافقات عمرؓ" کہا جاتا ہے۔ جن میں حرمت شراب، بدر کے قیدیوں کا معاملہ، منافق کی نماز جنازہ، پردے کا حکم، مقام ابراہیم کو مصلی بنانے کا حکم اور دیگر کئی اہم احکامات شامل ہیں۔ خود آپؓ بیان کرتے ہیں کہ:

"وَافَقْتُ رَبِّي فِيْ ثَلَاثٍ، فَقُلتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوِ اتَّخَذْنَا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى، فَنَزَلَتْ {وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى}، وَآيَةُ الحِجَابِ، قُلتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ أَمَرْتَ نِسَاءَكَ أَنْ يَّحْتَجِبْنَ، فَإِنَّه يُكَلِّمُهُنَّ الْبَرُّ وَالْفَاجِرُ، فَنَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ، وَاجْتَمَعَ نِسَاءُ النبيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْغَيْرَةِ عَلَيْهِ، فَقُلتُ لَهُنَّ: (عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُّبَدِّلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ)، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ"[2]

---

[1] العسقلانی، احمد بن حجر، **فتح الباری بشرح صحیح البخاری**(مصر:مکتبۃ السلفیہ 1346 ھ)،کتاب فضائل الصحابۃ، باب مناقب عمر بن الخطاب، ح3681

[2] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب التفسیر، باب قولہ(واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی)، ح4213

"تین مواقع پر اللہ تعالیٰ کے نازل ہونے والے حکم سے میری رائے نے پہلے ہی موافقت کی یا میرے رب نے تین مواقع پر میری رائے کے موافق حکم نازل فرمایا میں نے عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ کیا ہی اچھا ہوتا کہ آپ مقام ابراہیم کو طواف کے بعد نماز پڑھنے کی جگہ بناتے تو بعد میں یہی آیت نازل ہوئی اور میں نے عرض کیا تھا کہ یا رسول اللہ آپ کے گھر میں اچھے اور برے ہر طرح کے لوگ آتے ہیں کیا ہی اچھا ہوتا کہ آپ امہات المؤمنین ؓ کو پردہ کا حکم دے دیتے اس پر اللہ تعالیٰ نے آیت حجاب (پردہ کی آیت) نازل فرمائی اور انہوں نے بیان کیا کہ مجھے بعض ازواج مطہرات ؓ سے نبی کریم ﷺ کی خفگی کی خبر ملی میں ان کے یہاں گیا اور ان سے کہا کہ تم باز آجاؤ ورنہ اللہ تعالیٰ تم سے بہتر بیویاں نبی کریم ﷺ کے لیے بدل دے گا بعد میں میں ازواج مطہرات ؓ میں سے ایک کے ہاں گیا تو وہ مجھ سے کہنے لگیں کہ عمر رسول اللہ ﷺ تو اپنی ازواج کو اتنی نصیحتیں نہیں کرتے جتنی تم انہیں کرتے رہتے ہو آخر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی

(عَسَىٰ رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ)"۔

قرآن مجید کی ایسی بے شمار آیات ہیں جن کا مصداق حضرت عمر ؓ بھی ہیں۔ ان آیات سے قرآن کریم کی روشنی میں عمر فاروق ؓ کا مقام و مرتبہ معلوم ہوتا ہے۔ چند آیات ذیل میں ہیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

- "لَّقَدْ رَضِيَ اللَّهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ إِذْ يُبَايِعُونَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِي قُلُوبِهِمْ فَأَنزَلَ السَّكِينَةَ عَلَيْهِمْ وَأَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيبًا"[1]

"بلاشبہ یقیناً اللہ ان مومنوں سے راضی ہو گیا جب وہ درخت تلے بیعت کر رہے تھے پس اللہ نے معلوم کر لیا کہ ان کے دلوں میں کیا ہے پھر اس نے ان پر سکینت اتار دی اور انہیں ایک قریب فتح بدلے کے طور پر عطا فرمائی"۔

عمر ؓ ان خوش قسمت صحابہ میں شامل تھے جنہوں نے حدیبیہ کے مقام پر رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ پر بیعت کی۔ اس بیعت میں شامل تمام افراد سے اللہ نے راضی ہونے کا اعلان فرمایا۔ گویا ان خوش نصیب صحابہ ؓ کو دنیا ہی میں وہ اعلیٰ ترین نعمت حاصل ہو گئی جس کا نام اللہ کی رضامندی اور خوشنودی ہے۔ اور یقیناً یہی وہ عظیم ترین نعمت ہے جس کے حصول کی تگ و دو میں انسان ساری زندگی کوشش کرتا ہے اور جو جنت میں داخلے کیلئے لازمی ہے۔ اسی نعمت کی وجہ سے اس بیعت کا نام "بیعت رضوان" رکھا گیا۔

ایک اور مقام پر فرمایا:

- "وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُم بِإِحْسَانٍ رَّضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ۚ ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ"[2]

[1] الفتح:18

[2] التوبة:100

"اور مہاجرین اور انصار میں سے سب سے پہلے ایمان میں سبقت لے جانے والے لوگ اور وہ لوگ جو احسان کے ساتھ ان کے بعد آئے اللہ ان سب سے راضی ہو گیا اور وہ اس سے راضی ہو گئے اور اس نے ان کے لیے ایسی جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، یہی سب سے بڑی کامیابی ہے۔"

اس آیت میں ان عظیم صحابہؓ کا ذکر ہے جو مہاجرین و انصار میں سے سب سے پہلے اسلام لے کر آئے۔ ان خوش قسمت افراد کیلئے بھی اللہ نے اپنی رضامندی کا اعلان کیا اور ان کے ساتھ جنتوں کا وعدہ کیا اور ان کو کامیاب قرار دیا۔ اور عمرؓ بھی انہی سابقین الاولین میں سے تھے۔ آپؓ کے اسلام قبول کرنے کے وقت مکہ میں فقط 39 لوگ مسلمان تھے۔ آپؓ کے اسلام قبول کرنے سے مسلمانوں کی تعداد 40 ہو گئی۔ آپؓ نے ہجرت میں بھی پہل کی اور رسول اللہ ﷺ سے پہلے ہی مدینہ کی جانب ہجرت کر گئے۔ گویا اللہ نے بار بار آپؓ سے راضی ہونے کا اعلان کیا۔

ارشاد ربانی ہے:

❖ " وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوا وَّنَصَرُوا أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا ۚ لَّهُم مَّغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ"[1]

"اور وہ لوگ جو ایمان لے آئے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کے رستے میں جہاد کیا اور وہ لوگ بھی جنہوں نے ٹھکانہ دیا اور مدد کی یہی سچے مومنین ہیں ان کیلئے مغفرت اور باعزت رزق ہے"۔

اس آیت کی روشنی میں ان لوگوں کی فضیلت بیان کی گئی جنہوں نے ایمان لانے کے بعد ہجرت بھی کی اور اللہ کے رستے میں جہاد بھی کیا۔ اللہ نے ان کے ایمان کا خود اعلان کرتے ہوئے ان کو حقیقی مومن ہونے کا سرٹیفکیٹ دیا اور ان کے ساتھ مغفرت و رزقِ کریم کا وعدہ کیا۔ عمرؓ بھی ان تمام امور میں شامل رہے۔ اولین اسلام لانے والوں میں شامل ہونے کے ساتھ ساتھ آپؓ نے ہجرت بھی کی اور آپؓ تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ شریک ہوئے اور کسی جنگ میں بھی غیر حاضر نہ رہے۔

## فضیلتِ عمرؓ احادیث مبارکہ کی روشنی میں

آپؓ کے فضائل و مناقب میں بے شمار احادیث مبارکہ وارد ہیں۔ چند احادیث ذیل میں ہیں۔

❖ عمرؓ کو یہ اعلیٰ ترین اعزاز حاصل ہے کہ آپ کو رسول اللہ ﷺ نے بذات خود اللہ سے فریاد کر کے مانگا۔ یہ اعزاز صحابہؓ میں سے کسی اور کو حاصل نہیں ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اللَّهُمَّ أَعِزَّ الْإِسْلَامَ بِأَحَبِّ هَذَيْنِ الرَّجُلَيْنِ إِلَيْكَ: بِأَبِي جَهْلٍ أَوْ بِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ وَكَانَ أَحَبَّهُمَا إِلَيْهِ عُمَرُ"[2]

---

[1] الانفال:74

[2] الترمذی، **سنن ترمذی**، ابواب المناقب عن رسول الله، باب مناقب عمر بن الخطاب، ح4012

"اے اللہ اسلام کو ان دو لوگوں یعنی ابو جہل یا عمر بن خطاب میں سے جو تیرے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہو، کے ذریعے طاقت و غلبہ عطا فرما پھر آپؐ نے فرمایا کہ اللہ کو ان دونوں میں سے عمر سے زیادہ محبت تھی"۔

❖ حضرت ابوذر غفاریؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"إِنَّ اللَّهَ وَضَعَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ يَقُولُ بِهِ"[1]

"بے شک اللہ نے حق کو عمرؓ کی زبان پر رکھ دیا ہے اور وہ اسی حق کے ساتھ کلام کرتے ہیں"۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؓ اللہ کی طرف سے خاص انعام یافتہ تھے کہ آپؓ کی زبان سے ہمیشہ حق بات ہی نکلتی تھی۔

❖ دینداری و تقویٰ میں آپؓ سب سے بڑھ کر تھے۔ جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"بَيْنا أَنَا نَائِمٌ، رَأَيْتُ النَّاسَ عُرِضُوا عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ، فَمِنْها مَا يَبْلُغُ الثَّدْيَ ومِنْها مَا يَبْلُغُ دُونَ ذٰلِكَ، وعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ اجْتَرَّهُ، قَالُوْا: فَمَا أَوَّلْتَهُ يَا رَسُوْلَ اللَّهِ؟ قالَ: الدِّينَ"[2]

"میں سویا ہوا تھا کہ میں نے لوگوں کو اپنے سامنے پیش ہوتے دیکھا وہ قمیص پہنے ہوئے تھے ان میں بعض کی قمیص تو سینے تک کی تھی اور بعض کی اس سے بڑی تھی اور میرے سامنے عمر بن خطابؓ پیش کئے گئے تو ان کی قمیص زمین سے گھسٹ رہی تھی صحابہ نے پوچھا رسول اللہ آپ نے اس کی تعبیر کیا کی آپ ﷺ نے فرمایا کہ دین اس کی تعبیر ہے"۔

❖ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ! مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ"[3]

"اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر شیطان بھی کہیں راستے میں تم سے مل جائے تو جھٹ وہ راستہ چھوڑ کر دوسرا راستہ اختیار کر لیتا ہے"۔

یعنی نبی کریم ﷺ کی کثرتِ مصاحبت کی وجہ سے شیطان آپؓ کو کبھی بہکا نہ پاتا اور آپؓ پر اس کا کوئی وار کارگر نہ جاتا تھا۔ جس کی وجہ سے آپؓ کی رائے ہمیشہ صائب ہوتی تھی۔

❖ آپؓ کو اللہ کی طرف سے ایک انعام یہ بھی عطا کیا گیا تھا کہ آپؓ الہام یافتہ شخصیت تھے جیسا کہ سیدنا ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"لَقَدْ كَان فِيما قَبْلَكُمْ مِنَ الأُمَمِ نَاسٌ مُحَدَّثُونَ فَإِنْ يَكُ فِي أُمَّتِي أَحَدٌ فإِنَّهُ عُمَرُ"۔[4]

"تم سے پہلے سابقہ امتوں میں الہام یافتہ لوگ ہوا کرتے تھے اور اگر میری امت میں سے کوئی ایسا ہے تو وہ عمرؓ ہیں"۔

---

[1] ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، **سنن ابی داؤد**(دار الرسالۃ العلمیہ2009)، کتاب الامارۃ والخراج والفئ باب فی تدوین العطاء، ح2962
[2] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب فضائل الصحابہ، باب مناقب عمر بن الخطاب، ح3488
[3] مسلم، **صحیح مسلم**، کتاب فضائل الصحابۃ، باب من فضائل عمرؓ،ح2396
[4] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب فضائل الصحابہ، باب مناقب عمر بن الخطاب، ح3486

اس حدیث میں الہام یافتہ ہونے کا راجح معنیٰ یہ ہے کہ آپؓ کی زبان سے بلا قصد وارادہ حق اور درست بات وارد ہوتی تھی۔

❖ آپؓ کا شماران دس خوش نصیبوں میں بھی ہوتا ہے جن کو رسول اللہ ﷺ نے دنیا ہی میں جنت کی خوشخبری سنادی تھی۔ یعنی آپؓ عشرہ مبشرہ میں سے تھے۔ حضرت ابو موسیٰ اشعریؓ بیان فرماتے کہ:

"كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صلى الله عليه وسلم فِي حَائِطٍ مِنْ حِيطَانِ الْمَدِينَةِ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: (افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ). فَفَتَحْتُ لَهُ، فَإِذَا أَبُو بَكْرٍ، فَبَشَّرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم، فَحَمِدَ اللَّهَ، ثُمَّ جَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَحَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم: (افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ). فَفَتَحْتُ لَهُ فَإِذَا هُوَ عُمَرُ، فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم فَحَمِدَ اللَّهَ، ثُمَّ اسْتَفْتَحَ رَجُلٌ، فَقَالَ لِي: (افْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ، عَلَى بَلْوَى تُصِيبُهُ). فَإِذَا عُثْمَانُ، فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صلى الله عليه وسلم فَحَمِدَ اللَّهَ، ثُمَّ قَالَ: اللَّهُ الْمُسْتَعَانُ"۔[1]

"میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ مدینہ کے باغوں میں سے ایک باغ میں تھا۔ نبی کریم ﷺ کے ہاتھ میں ایک لکڑی تھی، آپؐ اس کو پانی اور کیچڑ میں مار رہے تھے۔ اس دوران میں ایک صاحب نے باغ کا دروازہ کھلوانا چاہا تو نبی کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا کہ اس کے لیے دروازہ کھول دو اور اسے جنت کی خوشخبری سنادو۔ میں گیا تو وہاں ابو بکرؓ موجود تھے میں نے ان کے لیے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی خوشخبری سنائی۔ پھر ایک اور صاحب نے دروازہ کھلوایا نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ دروازہ کھول دو اور اسے جنت کی خوشخبری سنادو۔ اس مرتبہ عمرؓ تھے میں نے ان کے لیے بھی دروازہ کھولا اور انہیں بھی جنت کی خوشخبری سنادی۔ پھر ایک تیسرے صاحب نے دروازہ کھلوایا، نبی کریم ﷺ اس وقت ٹیک لگائے ہوئے تھے آپؐ سیدھے بیٹھ گئے پھر فرمایا دروازہ کھول دو اور جنت کی خوشخبری سنادو ان آزمائشوں کے ساتھ جس سے (دنیا میں) انہیں دوچار ہونا پڑے گا۔ میں گیا تو وہاں عثمانؓ تھے ان کے لیے بھی میں نے دروازہ کھولا اور انہیں جنت کی خوشخبری سنائی اور وہ بات بھی بتادی جو نبی کریم ﷺ نے فرمائی تھی، عثمانؓ نے کہا خیر اللہ مددگار ہے۔"

❖ اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے تمام لوگوں کو ابو بکرؓ و عمرؓ کی اقتداء کرنے کا حکم دیا جو کہ آپؓ کی خلافت کی طرف بھی اشارہ تھا۔ حضرت حذیفہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"اِنّی لَا أَدْرِي مَا قَدْرُ بَقَائِي فِيْكُمْ فَاقْتَدَوْا بِاللَّذَيْنِ مِنْ بَعْدِي، وَأَشَارَ إِلٰى أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ"[2]

"میں نہیں جانتا کہ میں کتنا عرصہ اور تمھارے اندر رہ پاؤں گا پس میرے بعد ان دو لوگوں کی اقتداء کرنا، پھر آپؐ نے ابو بکرؓ و عمرؓ کی طرف اشارہ کیا"۔

[1] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب فضائل الصحابہ، باب مناقب عمر بن الخطاب، ح3490

[2] ابن ماجۃ، محمد بن یزید، **سنن ابن ماجۃ**(دار الرسالۃ العلمیۃ2009)، باب فی فضائل اصحاب رسول اللہ ﷺ،فضائل ابی بکرالصدیقؓ، ح97

## خلافت ابو بکر صدیقؓ

نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد امت کو سب سے بڑا مسئلہ یہ درپیش تھا کہ اب امت کی قیادت کی باگ دوڑ کون سنبھالے گا؟ اور یہ معاملہ درحقیقت سب سے زیادہ اہمیت کا حامل تھا کیونکہ بغیر قائد کے کوئی بھی قوم جلد ہی فتنے اور انتشار کا شکار ہو جاتی ہے۔ چنانچہ نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد کبار انصاری صحابہؓ سقیفہ بنو ساعدہ میں حضرت سعد بن عبادہؓ کی خدمت میں جمع ہوئے اور مسئلہ امارت پر بحث ہونے لگی۔ پھر ان کے پاس ابو بکرؓ اور عمرؓ اور ابو عبیدہؓ بھی پہنچ گئے اور گفتگو شروع کی۔ ابو بکرؓ نے عمرؓ کو خاموش کروا کر از خود نہایت مفصل اور فصیح و بلیغ خطاب فرمایا اور انصار کو اس مسئلے بابت سمجھانے کی کوشش کی کہ امارت مہاجرین میں اور وزارت انصار میں ہو گی جس پر کچھ انصاری صحابہ نے اختلاف کیا، تاہم ابو بکرؓ اپنی بات پر مسلسل قائم رہے اور لوگوں کو حکم دیا کہ عمرؓ اور ابو عبیدہؓ میں سے کسی ایک کی بیعت کرلیں۔ اس موقع پر عمرؓ نے کمال فراست کا ثبوت دیتے ہوئے آگے بڑھ کر ابو بکرؓ کا ہاتھ تھاما اور رسول اللہ ﷺ کی آپؓ سے محبت اور آپؓ کی فضیلت کو تمام صحابہؓ کے سامنے واضح کیا اور آپؓ کی خلافت کا اعلان کرتے ہوئے آپؓ کی بیعت کرلی۔ آپؓ کے اس عمل کے بعد باقی لوگوں نے بھی ابو بکرؓ کی بیعت کرنا شروع کردی۔ آپؓ نے انصار پر واضح کرتے ہوئے فرمایا کہ کیا تم جانتے نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ابو بکرؓ کو لوگوں کی امامت کا حکم دیا جب آپؐ بیماری کی حالت میں تھے، پھر تم نے ابو بکرؓ سے آگے بڑھنا کیسے گوارا کرلیا؟ چنانچہ انصار نے اپنے اس فعل پر ندامت کا اظہار کیا اور سب نے متفقہ طور پر ابو بکرؓ کی امارت کو تسلیم کرتے ہوئے آپؓ کی بیعت کی۔[1]

پھر عمرؓ مسلسل لوگوں کو ابو بکرؓ کی بیعت پر ابھارتے رہے اور ابو بکرؓ کو تقویت پہنچاتے رہے یہاں تک کہ سب لوگ آپؓ کی خلافت پر متفق ہو گئے۔ یہ امت پر آپؓ کے عظیم ترین احسانات میں سے ایک تھا کہ آپؓ نے امت کو فتنے و انتشار سے بچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کے بعد ابو بکرؓ کے تمام دور میں آپؓ ان کے دست راست رہے اور ہر معاملے میں ان کو مشورہ اور تجاویز دیتے اور ان کی مکمل مدد اور معاونت کرتے رہے۔ تمام اہم فیصلوں جیسا کہ معاذ بن جبلؓ کی یمن سے واپسی، جمع قرآن، آبادکاری کے لیے صحابہؓ کو جاگیریں عطا کرنا اور بحرین کی گورنری جیسے اہم فیصلوں میں آپؓ کی مشاورت شامل رہی۔

## خلافت کے لیے نامزدگی

اپنی خلافت کے آخری ایام میں جب ابو بکرؓ سخت علیل ہوئے تو آپؓ نے سب صحابہؓ کو اپنے پاس بلا بھیجا اور سب کے سامنے اپنی بیماری کا ذکر کرتے ہوئے اپنی حالت زار بیان کی اور فرمایا کہ خلافت کا معاملہ میں تمہارے حوالے کرتا ہوں تم جسے پسند کرتے ہو اسے اپنا خلیفہ منتخب کرلو اور میری خواہش ہے کہ میری زندگی میں ہی یہ کام کر گزرو تاکہ بعد میں اختلاف میں نہ پڑو۔ سبھی صحابہؓ نے مشورہ کے بعد یہ اختیار آپؓ کو دے دیا کہ جسے آپؓ منتخب کرلیں ہم اسی پر راضی ہو جائیں گے۔ ہمارے معاملے میں جو آپؓ کی رائے ہو گی وہی ہماری رائے قرار پائے گی۔ آپؓ نے ان سے مشورے کے لیے وقت مانگا اور پھر مختلف صحابہ کرامؓ سے حضرت عمرؓ کے بارے میں رائے طلب کی۔ جن صحابہؓ سے آپؓ نے مشورہ کیا ان میں عبدالرحمٰن بن عوفؓ، عثمانؓ، اسید بن حضیرؓ، سعید بن زیدؓ اور دیگر کئی انصار اور مہاجرین

[1] البخاری، **الجامع الصحیح** ، باب فضائل الصحابہ، ح3467

صحابہؓ شامل تھے۔ طلحہ بن عبید اللہؓ کے علاوہ سبھی صحابہ آپؓ کی خلافت پر متفق ہوئے۔ طلحہ بن عبید اللہ عمرؓ کی سختی کی وجہ سے فکر مند تھے کہ کہیں آپؓ کی سختی کی وجہ سے امت کو نقصان نہ پہنچے، تو ابو بکرؓ نے فرمایا کہ ان کی سختی میری نرمی کی وجہ سے تھی، جب وہ خود خلافت کا بار اٹھائیں گے تو آپؓ دیکھیں گے کہ وہ نرم پڑ جائیں گے۔[1] پھر عمرؓ کو ابو بکرؓ نے اپنی زندگی میں ہی نامزد کرنا اور لوگوں سے اقرار کروانا ضروری سمجھا چنانچہ سب لوگوں کے سامنے عمرؓ کی خلافت کا اعلان کر کے ان کی سمع واطاعت کا عہد وپیمان لیا۔[2]

عمرؓ کی خلافت کے لیے نامزدگی کے سارے حالات وواقعات کا جائزہ لینے کے بعد یہ بات سامنے آتی ہے کہ خلافت کا یہ اہم ترین معاملہ ابو بکرؓ کا ذاتی فیصلہ نہ تھا اور یہ اس وقت تک قابل قبول اور شرعی حیثیت حاصل نہ کر سکا جب تک کہ اکثریت کی رضامندی حاصل نہ ہو گئی۔ لوگوں نے اپنی رائے ابو بکرؓ کے حوالے کی تب بھی ابو بکرؓ نے خود سے فیصلہ نہیں کیا بلکہ کبار اور کثیر صحابہؓ سے مشورہ لے کر اس کا اعلان فرمایا۔ پھر اعلان کے بعد دوبارہ عوام الناس کی رضامندی کے بارے استفسار کیا اور جب سبھی مطمئن ہو گئے تبھی ابو بکرؓ مطمئن ہوئے۔ اس سارے عمل سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حاکم کے انتخاب کا حق امت کو حاصل ہے اور جب تک امت کسی شخص پر متفق اور راضی نہ ہو گی اور جب تک اصحاب حل وعقد اور امت کی رضامندی شامل نہ ہو گی تب تک امارت قابل قبول نہ ہو گی۔ یہی وجہ تھی کہ عمرؓ کے دور خلافت میں بغاوت کا کوئی ایک واقعہ بھی سامنے نہ آ سکا اور سب لوگ آپؓ کی اطاعت پر متحد ومتفق رہے۔

### خلافت عمرؓ کے نمایاں پہلو

1) **شورائیت:** حضرت عمرؓ کی خلافت کا سب سے نمایاں اور بنیادی پہلو شورائیت تھا۔ آپؓ کے تقریباً سبھی فیصلے صحابہ کرامؓ کی متفقہ رائے سے اور مشورے کے مطابق ہوتے تھے۔ آپؓ کے خلافت کے دیگر تمام ارکان کی بنیاد بھی شورائیت پر تھی۔

2) **عدل وانصاف:** آپؓ کی خلافت کا ایک اور اہم ترین پہلو عدل وانصاف تھا۔ آپؓ کا دور خلافت عدل وانصاف کے حوالے سے پوری دنیا کے لیے مثال ہے۔ آپؓ کا عدل ایسا تھا کہ آپؓ "عمر العدل" کہلائے جانے لگے گویا آپؓ خود ہی سر تا پا عدل وانصاف کی عملی تصویر تھے کیونکہ آپؓ جانتے تھے کہ کسی بھی ریاست کی بقا کا ضامن عدل وانصاف ہے۔

3) **مساوات:** آپؓ نے اپنے دور میں تمام قسم کے انسانی امتیازات ختم کر دیے تھے۔ خصوصاً رعایا کے عدل وانصاف کے معاملے میں تمام لوگ چاہے وہ کوئی عالی مرتبت ہوں یا عام لوگ سبھی برابر تھے۔ کسی کو رنگ، نسل، جنس یا زبان کی بنیاد پر کوئی فوقیت حاصل نہ تھی۔ عاملین اور امراء کا احتساب بھی عام شخص کی طرح ہی ہوتا تھا۔ یہ ایسی خوبی تھی جس نے آپؓ کی پوری رعایا میں اعتماد اور اطمینان کو بحال رکھا۔

---

[1] ابن اثیر، علی بن ابی الکرم، **الكامل فی التاريخ**(بیروت:دار الكتاب العربی1997)،ج2، ص266

[2] الطبری، محمد بن جرير، **تاريخ الرسل والملوك**(مصر: دار المعارف1967)،ج3، ص429

4)**ربانیت اور تقویٰ:** حضرت عمرؓ اپنے تمام امور میں اسلام اور شریعت اسلامیہ کو مد نظر رکھتے تھے۔ فیصلہ سازی کرتے ہوئے آپؓ کے پیش نظر ہمیشہ قرآن وسنت رہتے تھے۔ رعایا کے متعلق کسی بھی قسم کا فیصلہ لیتے ہوئے آپؓ پر خشیت الٰہی کا غلبہ ہوتا تھا اور جب معاملہ اسلام کا ہوتا یا حدود اسلام کے نفاذ کا ہوتا تو پھر آپؓ کسی ملامت گر کی ملامت کی پرواہ نہ کرتے۔

5)**آزادیاں:** آپؓ شریعت کی حدود میں رہتے ہوئے شخصی آزادی کے قائل تھے اور کسی بھی قسم کے جبر واستبداد کے خلاف تھے۔ اس دور کی بڑی بڑی سلطنتوں جیسے روم وفارس میں لوگوں کو محکوم بنا کر رکھا گیا تھا اور رعایا کو بہت سی قیود وشرائط کا سامنا تھا۔ جبکہ اس کے برعکس اسلام میں انسانوں کو بہت سی آزادیاں حاصل تھیں یہاں تک کہ کسی کو جبری مسلمان تک نہیں بنایا جاسکتا تھا۔ ہر شخص اپنے اپنے مذہب پر قائم رہ کر اپنی عبادات بجالا سکتا تھا۔ چند آزادیاں مندرجہ ذیل ہیں:

مذہبی آزادی، آمد ورفت کی آزادی، شخصی ملکیت کی آزادی، آزادیِ اظہار رائے۔[1]

## ادارہ جات

آپؓ کے دور میں مختلف امور کی انجام دہی کے لیے الگ الگ اداروں کا قیام عمل میں لایا گیا۔ چند مشہور ادارے یہ ہیں:

### ادارہِ مذہبی امور

آپؓ نے اپنے پورے دور میں سب سے زیادہ توجہ دینی امور اور عبادات پر مرکوز رکھی۔ آپؓ نے رعایا کی مذہبی تعلیم وتربیت اور ارکان اسلام کی پابندی پر خوب سختی کی کیونکہ اسلامی ریاست کے قیام کا مقصد بھی یہی ہوتا ہے کہ اسلامی ریاست کے باشندے شعائر اسلام کی پابندی کریں۔ آپؓ خود منبر پر بیٹھ کر لوگوں کو نماز، روزے، زکوٰۃ اور حج کے احکامات سکھایا کرتے تھے۔[2] آپؓ خود بھی لوگوں کی نمازوں کی اصلاح پر خصوصی توجہ دیتے تھے اور بسا اوقات نماز میں کوئی شخص اگر غلطی کرتا تو اس کی موقع پر اصلاح فرمادیتے۔[3] آپؓ نے تمام شہروں کے امراء کو بھی یہی حکم دے رکھا تھا کہ اپنے تمام کاموں سے بڑھ کر نمازوں کی حفاظت کا خاص خیال رکھنا کیونکہ میرے نزدیک تمام امور میں سے سب سے اہم نماز ہے۔ آپؓ کے دور میں مساجد کی تعمیر وترقی پر بہت پیشرفت ہوئی، سرزمین عرب پر 4ہزار مساجد تھیں جبکہ پورے بلاد اسلامیہ میں 12 ہزار کے قریب مساجد تھیں جن میں نماز جمعہ ادا کی جاتی تھی۔[4] آپؓ نے مساجد میں روشنی کا اہتمام بھی کروایا تا کہ لوگ آسانی سے عبادت کر سکیں۔ آئمہ ومؤذنین مقرر کیے اور ان کے لیے وظائف مقرر کیے۔[5]

---

[1] الصلابی، محمد بن علی، **سیدنا عمر بن خطاب شخصیت وکارنامے** (ریاض: دار الفرقان)، مترجم خلیل احمد سلفی، ص181

[2] الاصبحی، مالک بن انس، **مؤطا امام مالک** (بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ1991)، بروایۃ ابی مصعب الزهری، کتاب الجمعۃ، باب التشهد فی الصلاۃ، ح499

[3] ابن ابی شیبۃ، عبداللہ بن محمد بن ابی شیبۃ، **المصنف** (ریاض: دار کنوز اشبیلیا للنشر والتوزیع2015)، کتاب صلاۃ التطوع والامامۃ، باب من کان یکرہ الصلاۃ بین السواری، ح7708

[4] الشیخ، **عمر بن الخطاب**، ص402

[5] ایضاً، ص399

اجمالی طور پر اس ادارے کے تحت نمازوں کی پابندی، مساجد کی تعمیر و ترقی، شعائرِ اسلامیہ کا تحفظ، امورِ حج، حدود اللہ کا قیام اور جہاد و غیرہ جیسے امور کا خیال رکھا جاتا تھا۔

### ادارہ تعلیم و تربیت

عمرؓ نے بھی نبی کریم ﷺ اور ابو بکرؓ کی طرح رعایا کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دی۔ اسلام کی آمد سے قبل عرب میں تعلیمی رجحان نہایت کم تھا۔ حضرت عمرؓ ان چند افراد میں سے ایک تھے جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ آپؓ نے اپنے دور میں تعلیم تک رسائی کو عام اور آسان بنایا۔ تعلیمی درسگاہیں قائم کیں، اساتذہ و معلمین کی تعیناتی ہوئی اور ان کے باقاعدہ وظائف جاری کیے گئے۔ تعلیمی اداروں میں قرآن و سنت، ادب و شعر، لغت و تاریخ اور انساب وغیرہ کا علم سکھایا جاتا تھا۔ آپؓ نے اپنے دور میں تقریباً تمام بڑے شہروں میں درسگاہیں قائم کروائیں جیسا کہ مدینہ کی درسگاہ، مکہ کی درسگاہ، کوفہ و بصرہ کی درس گاہیں، شام و مصر کی درس گاہیں۔[1]

### بیت المال

آپؓ کے دور میں اسلامی سلطنت کو دولت کی فراوانی حاصل ہوئی۔ کثیر فتوحات کی وجہ سے بڑے پیمانے پر مال غنیمت حاصل ہوا جس کے سبب اللہ تعالی نے امت کو مالی فراوانی عطا کی۔ اس دولت اور خزانے کو منظم کرنا اور اس انتظامی ادارے کو جدید بنانا نہایت ضروری تھا۔ چنانچہ آپؓ کے دور میں سب سے زیادہ کام اسی شعبے میں ہوا۔ ذرائع آمدن مثلاً زکوۃ، جزیہ، خراج، عشور، مال غنیمت اور مال فے وغیرہ کی وصولی اور اخراجات کا اہتمام منظم انداز میں کیا گیا۔ ان امور کیلئے باقاعدہ عاملین مقرر کیے گئے۔ آپؓ کے دور میں پہلی مرتبہ بیرونی تاجروں پر عشور یعنی ٹیکس نافذ کیا گیا۔ آپؓ نے پہلی مرتبہ بیت المال کا ادارہ قائم کیا اور اس کے لیے ایک دیوان یعنی رجسٹر بنوایا جس پر تمام قسم کے آمدن و اخراجات کی تفصیل درج ہوتی تھی۔ اس دیوان کے لیے مرکزی دفتر مدینہ میں اور ذیلی دفاتر دیگر ریاستوں میں قائم کیے گئے اور اس میں مردم شماری کے نتائج کی روشنی میں افراد کا اندراج بااعتبار مراتب کیا گیا اور ان کے لیے وظائف مقرر کیے گئے۔ مراتب میں پہلا نمبر اہل بیت کا، دوسرا نمبر خاندان بنو ہاشم کا، تیسرا نمبر ابو بکرؓ کے خاندان کا تھا۔ عمرؓ نے اپنے خاندان کا نام سب سے آخر میں رکھوایا۔ اسی وزارت کے زیرِ اہتمام تمام شعبہ ہائے زندگی کے افراد کے لیے وظائف کا اجراء ہوا۔ اسلامی سکہ جاری کیا گیا جس پر "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ " یا "اَلْحَمْدُلِلّٰہِ " یا خلیفہ کا نام درج ہوتا تھا۔ اسی طرح ایک مخصوص مدت تک آپؓ نے آبادکاری کے لیے مختلف لوگوں کو زمینیں بھی عطاء کیں تاکہ ان کو قابلِ استعمال بنا کر ان سے آمدن و پیداوار حاصل کی جا سکے۔[2]

### ادارہ عدل و انصاف

عدل و انصاف آپؓ کے دور حکومت کا خاصہ تھا لہذا اس کو بھی خوب ترقی دی گئی اور اسے ایک مستقل ادارے کی شکل دی گئی۔ آپؓ نے مختلف شہروں میں عدالتوں کا قیام عمل میں لایا، عدالتوں کے لیے قاضی مقرر کیے اور ان کے لیے وظائف جاری کیے۔ کچھ شہروں میں

---

[1] العمری، اکرم ضیاء، **عصر الخلافۃ الراشدۃ**(مکتبۃ العبیکان)، ص 271

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص 403تا426

گورنران ہی کو اضافی طور پر قاضی کا عہدہ دیا گیا۔ آپؓ کے دور کے مشہور قاضیوں میں سے چند یہ لوگ تھے؛ عبداللہ بن مسعودؓ، سلمان بن ربیعہؓ، نافع یعلی بن امیہؓ، مغیرہ بن شعبہؓ، علی بن ابی طالبؓ، زید بن ثابتؓ، ابو موسی اشعریؓ اور معاویہ بن ابی سفیانؓ وغیرہ۔ آپؓ قاضیوں کو وقتاً فوقتاً خطوط میں عدل و انصاف اور فرائض منصبی کے حوالے سے تاکید کرتے رہتے تھے۔[1] آپؓ کے خطوط سے عدل و انصاف کی جو تعلیمات واضح ہوتی ہیں ان میں سے چند ایک یہ ہیں: تقویٰ و خشیت الٰہی، قران و سنت اور شریعت کو مقدم رکھنا، شورائیت، مساوات، عدل و انصاف کی آسان فراہمی اور سائلین کی آسان رسائی، تحمل مزاجی، متنازعہ امور سے بچنا اور فریقین کے درمیان مصالحت کی کوشش کروانا۔[2]

### ادارہ دفاع

دیگر اداروں کی طرح ایک اہم ترین ادارہ دفاع کا بھی تھا۔ اس شعبے کے زیر اہتمام جہاد اور لشکر کشی کی تیاری کا اہتمام کیا جاتا تھا۔ جس میں تمام قسم کے امور شامل تھے۔ فوجیوں کی تربیت کرنا، ان کے وظائف مقرر کرنا، غیر عرب فوجیوں کا دیوان میں اندراج کرنا، ان کو فوج کے مختلف دستوں میں شامل کرنا، ان کی دلجوئی کرنا اسی وزارت کے زیر اہتمام تھا۔ اس وزارت کی ذمہ داریوں میں سے گھوڑوں کا انتظام و انصرام کرنا، ان کی تربیت کا اہتمام کرنا، ان کے لیے باقاعدہ اصطبل اور چراگاہوں کا قیام عمل میں لانا بھی تھا۔ اس وزارت کے فرائض منصبی میں سے لشکر اور سپاہیوں کو کھانا، اسلحہ، گھوڑے، اونٹ اور دیگر زادِ راہ مہیا کرنا بھی تھا۔ اسی وزارت کے زیر اہتمام سردی اور گرمی کے موسموں میں سرحدی علاقوں میں مختلف مہمات جاری کی جاتی تھیں۔ ان مہمات کا مقصد اسلامی حدود کی حفاظت کرنا ہوتا تھا۔ اسی طرح سرحدی علاقوں میں چھاؤنیاں اور چوکیاں قائم کرنا اور سرحدوں کا دفاع کرنا بھی شامل تھا۔ ان مہمات اور سرگرمیوں کی امارت کیلئے کبار صحابہؓ کو متعین کیا جاتا تھا۔ جیسا کہ ابو عبیدہؓ، معاویہ بن ابی سفیانؓ، نعمان بن مقرنؓ وغیرہ جیسے کبار صحابہ شامل تھے۔[3]

## فصل ثالث: عسکریات، اہمیت و ضرورت

## عسکریت کا معنیٰ و مفہوم

### لغوی معنیٰ:

عربی زبان کے باب "دحرج" کے وزن پر باب "عَسْكَرَ يُعَسْكِرُ" آتا ہے اور اسی سے لفظ "عَسْكَرٌ" ماخوذ ہے جس کا معنیٰ ہے: فوج، لشکر، ہجوم، اکٹھ، بھیڑ وغیرہ۔[4]

---

[1] ابو يوسف، يعقوب بن ابراهيم، **كتاب الخراج**(المكتبة الازهريه للتراث)، ص24

[2] ابن قيم، محمد بن ابی بكر، **إعلام الموقعين عن رب العالمين**(بيروت:دارالكتب العلميه1991)، ج1، ص88

[3] الشيخ، **عمر بن الخطاب**، ص535

[4] ابن منظور، محمد بن مكرم، **لسان العرب**(بيروت: دار صادر1414ھ)، ج4، ص567

پھر اسی لفظ "عَسْکَرٌ" سے لفظ "عَسْکَرِیٌّ" معرض وجود میں آیا جس کا معنٰی ہے: فوجی، سپاہی یا اگر اضافت کیلئے استعمال کریں تو معنٰی ہوگا "فوج کا، ملٹری کا، فوجی سپاہی"۔[1]

اسی لفظ "عَسْکَرِیٌّ" سے دوسرا لفظ "عسکریت" ماخوذ ہے جس کا معنٰی ہے: جارحیت، جنگ پسندی، فوجی اور جنگی ذہنیت۔[2]

ریختہ کی آن لائن لغت میں اس لفظ کے نتائج میں جو معنٰی لکھا ہے وہی اس کے اصطلاحی معنوں کی بھی ترجمانی کرتا ہے۔ جو یہ ہے: "سپاہیانہ جذبہ یا رجحان، فوجی یا جنگی ذہنیت، جنگ پسندی"[3]

## اصطلاحی معنٰی:

عسکریت کے معنی میں لغوی اعتبار سے تقریباً سبھی الفاظ ایک جیسے ہی ہیں۔ جن میں سپہ سالار، فوج، جنگی ذہنیت، لشکر، جنگ بندی وغیرہ شامل ہیں۔ یہ وہ تمام عناصر یا پہلو یا امور ہیں جو کسی قوم یا ملک کی حفاظت کے ضامن ہوتے ہیں اور ایک عسکری نظام کو تشکیل دیتے ہیں۔ عسکریت کے اصطلاحی معنی بھی تقریباً یہی ہیں۔ جیسا کہ عسکریت کی اصطلاحی تعریف کو ایک مصنف یوں بیان کرتے ہیں کہ:

"عسکر یا فوج کس چیز کا نام ہے؟ یہ ایک منظم لوگوں کے گروہ یا ہجوم کا نام ہی تو ہے جسے مختلف قسم کے ہتھیاروں سے مسلح کر کے لڑنے کی تربیت دی جاتی ہے۔ جنگ کے لئے تیار کیا جاتا ہے اور پھر میدان کارزار میں اُتار دیا جاتا ہے۔ صدیوں سے فوج کا کردار یہی رہا ہے اس تمام عمل میں فوج کی تیاری یا ٹریننگ (تربیت) یا ایجوکیشن (تعلیم) اسے جو بھی نام دے دیں ایک ایسا پہلو ہے جو اہم ترین ہے"۔[4]

درجہ بالا لغوی اور اصطلاحی نکتہ نظر کے بعد یہ بات واضح ہوتی ہے کہ عسکریت یا عسکری عناصر کا تعلق فوج اور اسکے متعلقہ امور اور جنگی منصوبہ بندیوں اور حکمت عملیوں سے ہے۔ اسی طرح وہ تمام امور جو فوج اور حرب وضرب سے تعلق رکھتے ہوں وہ عسکری عناصر یا عسکری حکمت عملی کہلاتے ہیں۔ انسان اپنی بقا و دفاع اور ملک وملت کی حفاظت کیلئے جو تدابیر اختیار کرے وہ عسکریت کے زمرے میں آتی ہیں۔

## اسلام اور عسکریت

اسلام نے عسکریت کے مروجہ نظاموں کے برخلاف مثالی اصول وضوابط مقرر کئے اور ایسی تعلیمات دیں جن کی وجہ سے ظلم وتشدد پر مبنی عسکری سوچ کا خاتمہ ہوا اور مفید عالمگیر مقاصد کیلئے جنگ کرنے کا فلسفہ متعارف ہوا۔

---

[1] کیرانوی، وحید الزمان، **القاموس الوحید** (کراچی: ادارہ اسلامیات 1986)، ص1082

[2] مولوی، فیروزالدین، **فیروز اللغات** (لاہور: فیروز سنز پرائیوٹ لمیٹڈ 2005)، صفحہ نمبر 1012

[3] https://www.rekhtadictionary.com/meaning-of-askarii?lang=ur

[4] کرنل، غلام جیلانی خان، **اقبال کے عسکری افکار** (لاہور: البلال پبلشرز 1999)، ص37

## عسکریت قرآن کی روشنی میں

اہل عرب کی ظلم وجبر والی فطرت کے پیش نظر رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرامؓ کو مکہ میں انتہائی سخت ظلم وستم اور تشدد برداشت کرنا پڑا۔13 سال مکہ میں گزارنے کے بعد جب مسلمان مدینہ کی جانب ہجرت کر کے چلے گئے اور اپنی الگ ریاست قائم کر کے اس کو منظم کر لیا تو اس کے بعد اللہ نے مسلمانوں کو جنگ کی اجازت دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ:

"أُذِنَ لِلَّذِينَ يُقَاتَلُونَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوا ۚ وَإِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ نَصْرِهِمْ لَقَدِيرٌ"[1]

"جہاد کی اجازت دے دی گئی ہے ان لوگوں کو جن کے خلاف قتال کیا جاتا ہے، اس وجہ سے کہ ان پر ظلم کیا گیا ہے، اور بے شک اللہ تعالیٰ ان کی مدد کرنے پر قادر ہے"۔

اس آیت کے نزول کے بعد اب مسلمان اپنے خلاف ہونے والے کسی بھی ظلم وستم یا جبر کا جواب دینے کیلئے آزاد تھے۔ کیونکہ دین اور ریاست کے تحفظ وبقا کیلئے اب یہ ناگزیر تھا۔ مدینہ کی نئی ریاست جس نے آگے چل کر پوری دنیا کے طاقت ور ترین دارالخلافہ کی حیثیت اختیار کرنی تھی، کا دفاع اور حفاظت بہت ضروری تھی۔ یہی وجہ تھی کہ اللہ نے جہاد کی اجازت عطا فرما دی۔

قرآن مجید میں دیگر کئی مقامات پر بھی عسکری قوت کو تیار رکھنے اور بہترین ومضبوط حکمت عملی تیار کرنے کا حکم دیا گیا۔ جیسا کہ سورۃ التوبۃ میں اللہ کا فرمان ہے:

"وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكُمْ وَآخَرِينَ مِن دُونِهِمْ لَا تَعْلَمُونَهُمُ اللَّهُ يَعْلَمُهُمْ ۚ وَمَا تُنفِقُوا مِن شَيْءٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ وَأَنتُمْ لَا تُظْلَمُونَ"[2]

"اور ان کے لیے جتنی کر سکو قوت کی صورت میں اور تیار بندھے گھوڑوں کی صورت میں تیاری رکھو، جس کے ساتھ تم اللہ کے دشمن کو اور اپنے دشمن کو ڈراؤ گے اور ان کے علاوہ کچھ دوسروں کو بھی جنھیں تم نہیں جانتے، اللہ انھیں جانتا ہے اور تم جو چیز بھی اللہ کے راستے میں خرچ کرو گے وہ تمھاری طرف پوری لوٹائی جائے گی اور تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا"۔

اس آیت میں اللہ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ جتنی زیادہ سے زیادہ قوت اپنے اور اللہ کے دشمنوں کیلئے تیار کر سکتے ہو کر رکھو۔ اور ساتھ ہی جنگ میں اہم ترین کردار ادا کرنے والے جانور یعنی گھوڑے بھی دستیاب رکھنے کا حکم دیا تا کہ مسلمانوں کی فوج مضبوط سے مضبوط تر ہو سکے اور دشمن پر لرزہ وہیبت طاری رہے۔ کیونکہ زمانہ قدیم کی فوجوں میں سب سے طاقتور فوج اس کو سمجھا جاتا تھا جس کے پاس گھوڑے زیادہ ہوں چنانچہ اللہ نے اسی بات کا حکم دیا۔ اسی حکم کے تحت فوجی گاڑیاں، ٹینک، بکتر بند گاڑیاں، جنگی جہاز، آبدوزیں، بحری بیڑے، جاسوسی کے آلات اور ادارے، اعلام کے ذرائع سب آ جاتے ہیں، مگر ان سب کے باوجود قیامت تک جنگ میں گھوڑوں کی ضرورت اور

---

[1] القرطبی، محمد بن احمد، **الجامع لاحکام القرآن**(دارالکتب مصریۃ1964)، ج12، ص67، الحج:39

[2] طبری، محمد بن جریر، **جامع البیان عن تاویل آیی القرآن**(مکہ مکرمہ: دار التربیۃ والتراث2000)، ج14، ص32، الانفال:60

اہمیت کبھی ختم نہیں ہو گی۔ جو کام یہ مبارک جانور سرانجام دے سکتا ہے دنیا کی کوئی چیز نہیں دے سکتی۔ عروہ بارقی اور جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا:

"اَلْخَيْلُ، مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، الأَجْرُ والمغْنَمُ"[1]

"یہ گھوڑے، ان کی پیشانیوں میں قیامت کے دن تک خیر باندھ دی گئی ہے، اجر اور غنیمت"۔

ایک اور مقام پر اللہ نے ارشاد فرمایا:

"يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا خُذُوا حِذْرَكُمْ فَانفِرُوا ثُبَاتٍ أَوِ انفِرُوا جَمِيعًا"[2]

"اے لوگو جو ایمان لائے ہو اپنے بچاؤ کا سامان پکڑو، پھر دستوں کی صورت میں نکلو، یا اکٹھے ہو کر نکلو"۔

اس آیت میں اللہ نے دفاع مضبوط کرنے کا حکم دیا اور اپنی حفاظت و بچاؤ کیلئے ہر طریقہ اختیار کرنے کا حکم دیا۔ جنگی حکمت عملی کے طور پر اللہ نے کوچ کی یا لشکر کشی کی دو صورتیں بھی بیان کر دیں کہ چاہے تو چھوٹے دستوں کی شکل میں نکلو، اور چاہے تو سبھی مل کر ایک بڑی فوج کی شکل میں نکلو۔ نبی کریم ﷺ سمیت آپؐ کے صحابہؓ نے ان سب احکامات پر ایسے ہی عمل کیا۔ موجودہ دور میں افواج پاکستان کے سرکاری علامتی نشان پر بھی اسی آیت کے الفاظ "خذوا حذرکم" کنندہ ہیں جو کہ ہمہ وقت تیار رہنے کی یقین دہانی کرواتے ہیں۔

جہاد کے حکم کے ساتھ ہی اللہ نے مسلمانوں کا عسکری نقطہ نظر یا فلسفہ بھی واضح کر دیا کہ آخر اسلام میں عسکریت کا مقصد کیا ہے، چنانچہ ارشاد فرمایا:

"وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ ۖ فَإِنِ انتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ"[3]

"ان سے لڑو، یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور دین اللہ کے لیے ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو ظالموں کے سوا کسی پر کوئی زیادتی نہیں"۔

اس آیت میں اللہ نے بالکل واضح کر دیا کہ مسلمانوں کی عسکری سرگرمی یا جنگ فقط فتنہ و فساد اور انتشار کے خاتمے کیلئے ہو گی۔ اور جب فتنہ ختم ہو جائے گا تو پھر لشکر کشی کی کوئی صورت باقی نہ رہے گی۔ اور فتنہ کی سرکوبی سے مراد یہ ہے کہ اسلام کی راہ میں کوئی رکاوٹ باقی نہ رہے۔ لوگوں کو اپنے دین پر عمل کرنے میں آزادی ہو۔ اگر یہ مقصد حاصل ہو جائے تو پھر کوئی جنگ نہیں۔ جیسا کہ حبشہ کے بادشاہ نے جب مسلمانوں کو اپنے ملک میں بسنے اور دین پر عمل کرنے اور تبلیغ کرنے کی اجازت دی تو ہم دیکھتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اور خلفائے راشدینؓ کے دور پر حبشہ پر لشکر کشی کا کوئی ثبوت نہیں ملتا۔ حالانکہ وہ ایک عیسائی اکثریتی ملک تھا۔

[1] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب الجهاد والسير، باب الخيل معقود فی نواصيها الخير الى يوم القيامة، ح2850

[2] الآلوسی، شهاب الدين محمد بن عبدالله، **روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی**(بیروت: دارالکتب العلمیة1415)، ج3، ص77، النساء:71

[3] حافظ، عبدالسلام بن محمد، **تفسیر القرآن الکریم**(لاہور: دارالاندلس)، ج1، ص743، الانفال:39

اسی بات کو اللہ نے ایک دوسرے مقام پر یوں ذکر کیا کہ اگر کافر تم سے جنگ کی بجائے صلح پر آمادہ ہو جائیں تو تم بھی صلح کی طرف قدم بڑھاؤ۔ گویا اسلام کا فلسفہ عسکریت سراسر امن و سلامتی کا متمنی ہے۔

مذکورہ بالا قرآنی آیات کے علاوہ کئی ساری ایسی قرآنی آیات ہیں جو کہ مسلمانوں کی عسکری حکمت عملی اور عسکری تصور کو واضح کرتی ہیں تاہم سب آیات کا احاطہ اس مقالہ میں ممکن نہیں۔

## عسکریت احادیث کی روشنی میں

رسول اللہ ﷺ نے بھی عسکریت کی اہمیت و ضرورت کو بہت سے مقامات پر واضح کیا ہے۔ نہ صرف آپؐ کے فرامین بلکہ آپؐ کی زندگی بھی اسکا عملی نمونہ ہے۔ مدینہ ہجرت کرنے کے بعد رسول اللہ ﷺ کی زندگی کا بڑا حصہ جہاد میں گزرا۔ آپؐ نے کل 27 غزوات میں بنفس نفیس شرکت فرمائی اور 100 کے قریب مہمات روانہ کیں جس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ عسکریت آپؐ کے نزدیک کس قدر اہمیت کی حامل تھی[1]۔ آپؐ ایک بہترین عسکری قائد اور سالار تھے۔ جنگوں کے موقع پر آپؐ کے فیصلے انتہائی مدبرانہ اور کارگر ہوا کرتے تھے جیسا کہ غزوہ احد کے موقع پر درے پر تیر اندازوں کا دستہ مامور کرنا، اور غزوہ خندق کے موقع پر نو مسلم صحابی ابو نعیمؓ کو دشمنوں کے درمیان پھوٹ ڈالنے کیلئے مامور کرنا وغیرہ۔ آپؐ نے مسلمانوں کو ہمہ وقت اپنی قوت وطاقت تیار رکھنے کا حکم دیا اور فرمایا:

"أَلَا إِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ"[2]

"بے شک قوت نشانہ بازی میں ہی ہے"۔

آپؐ خود بھی ہر وقت جہاد کیلئے تیار رہتے اور صحابہ کو بھی اسی کی تلقین کرتے۔ آپؐ نے فرمایا کہ:

"مَنْ عَلِمَ الرَّمْيَ ثُمَّ تَرَكَهُ، فَلَيْسَ مِنَّا"[3]

"جس نے نشانہ بازی سیکھی اور پھر بھلا دی وہ ہم میں سے نہیں"۔

جہاد پر ترغیب دینے کے ساتھ ساتھ رسول اللہ ﷺ نے اسلام کی عسکری اخلاقیات اور اصول و ضوابط کو بھی واضح کیا۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ:

---

[1] کاندھلوی، محمد ادریس، **سیرت المصطفیٰ ﷺ** (مکتبۃ المعارف: شہداد پور سندھ)، ص 44

[2] مسلم، **صحیح مسلم**، کتاب الامارۃ، باب فضل الرمی والحث علیہ وذم من علمہ ثم نسیہ، ح4946

[3] مسلم، **صحیح مسلم**، کتاب الامارۃ، باب فضل الرمی والحث علیہ وذم من علمہ ثم نسیہ، ح4949

"أَنَّ أَعْرَابِيًّا جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ يُقَاتِلُ لِلذِّكْرِ، وَيُقَاتِلُ لِيُحْمَدَ، وَيُقَاتِلُ لِيَغْنَمَ، وَيُقَاتِلُ لِيُرِيَ مَكَانَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:"مَنْ قَاتَلَ حَتَّى تَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ أَعْلَى، فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ"[1]

"ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوا اور بولا کہ کوئی شخص مال غنیمت حاصل کرنے کے لیے جنگ کرتا ہے، کوئی شہرت وناموری کے لیے جنگ کرتا ہے، کوئی اپنی بہادری دکھانے کے لئے لیے جنگ کرتا ہے فرمایئے کہ ان میں سے کس کی جنگ راہ خدا میں ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کہ جنگ تو صرف اس شخص کی ہے جو محض اللہ کا بول بالا کرنے کے لئے لڑے"۔

ایک اور حدیث میں معاذ بن جبلؓ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

"الْغَزْوُ غَزْوَانِ: فَأَمَّا مَنِ ابْتَغَى وَجْهَ اللَّهِ، وَأَطَاعَ الْإِمَامَ، وَأَنْفَقَ الْكَرِيمَةَ، وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ، فَإِنَّ نَوْمَهُ وَنُبْهَتَهُ أَجْرٌ كُلُّهُ، وَأَمَّا مَنْ غَزَا رِيَاءً وَسُمْعَةً، وَعَصَى الْإِمَامَ، وَأَفْسَدَ فِي الْأَرْضِ، فَإِنَّهُ لَا يَرْجِعُ بِالْكَفَافِ"۔[2]

"لڑائیاں دو طرح کی ہوتی ہیں ایک وہ لڑائی جس کا بنیادی سبب صرف اللہ تعالی کی خوشنودی حاصل کرنا اور لڑائی میں امامت کی مرضی کا احترام کرنا اور اپنا بہترین مال واسباب بھی قربان کرنا اور شر وفسادات سے دور رہنا، اس کا سونا جاگنا سب اجر کا مستحق کہلائے گا اور جس نے کوئی لڑائی صرف دکھاوے اور طاقت کے لئے لڑی یا شہرت حاصل کرنے کے لئے یا مشہور عام ہونے کے لیے لڑی اور اس نے اپنے سربراہ کی نافرمانی کی اور شر وفسادات کو پھیلایا تو وہ کسی لحاظ سے معاف نہیں ہو گا"۔

وہ تمام نظریات جن کا پرچار دور جہالت میں اور مذہبی نظریات میں کیا گیا جس کا مقصد صرف طاقت کے بل بوتے پر قبضہ اور تسلط جمانا تھا اسلام نے ان سب نظریات کی نفی کی ہے۔ بلکہ غیر مسلموں کی حفاظت وتحفظ کو بنیادی بنایا اور غیر جانبدارانہ طور پر سب کی حفاظت کا حکم بھی دیا ہے۔ اسلامی قانون کے مطابق وہ اقوام جن کے ساتھ مسلمانوں کے معاہدے طے پاگئے ہوں ان کی حفاظت کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

رسول اللہ ﷺ کا فرمان مبارک ہے:

"وَلَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا طِفْلًا وَلَا صَغِيرًا وَلَا امْرَأَةً وَلَا تَغُلُّوا وَضُمُّوا غَنَائِمَكُمْ وَأَصْلِحُوا وَأَحْسِنُوا إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ"۔[3]

---

[1] ابو داؤد، **سنن ابی داؤد**، کتاب الجہاد، باب من قاتل لتکون کلمۃ اللہ ھی العلیا، ح2517

[2] ابو داؤد، **سنن ابی داؤد**، کتاب الجہاد، باب من یغزو و یلتمس الدنیا، ح2515

[3] ابو داؤد، **سنن ابی داؤد**، کتاب الجہاد، باب فی دعاء المشرکین، ح2614

"نہ کسی بوڑھے ضعیف کو قتل کرو، نہ چھوٹے بچے کو اور نہ عورت کو، مالِ غنیمت میں چوری نہ کرو، جنگ میں جو کچھ ہاتھ آئے سب ایک جگہ جمع کرو۔ نیکی واحسان کرو اور اللہ محسنون کو پسند کرتا ہے"۔

اسی طرح لوٹ مار کی نفی کا حکم آیا ہے۔ جیسا کہ آپؐ کا فرمان ہے:

"إِنَّ النُّهْبَةَ لَيْسَتْ بِأَحَلَّ مِنَ الْمَيْتَةِ"[1]

"لوٹ مار کا مال مردار سے بہتر نہیں"۔

اسلام میں جہاں لوٹ مار اور غیر حربی افراد کے قتل کی ممانعت کا ذکر ہے وہیں تباہی و بربادی کرنے سے بھی منع کیا گیا ہے۔ قرآن کریم میں اللہ رب العزت کا ارشاد ہے:

"وَإِذَا تَوَلَّىٰ سَعَىٰ فِي الْأَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ"[2]

"جب وہ حاکم بنتا ہے تو کوشش کرتا ہے کہ زمین میں فساد پھیلائے اور فصلوں اور نسلوں کو برباد کر دے مگر اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔"

اسی طرح جنگی قیدیوں کے قتل کی بھی بعض مواقع پر ممانعت آئی ہے۔ جیسا کہ فتح مکہ کے بعد جب رسول اللہ ﷺ شہر میں داخل ہوئے تو فوج کو یہ حکم دیا تھا:

"لَا تُجهِزَنَ عَلٰى جَرِيْحٍ وَلَا يُتْبَعْن مُدْبَر وَلَا يُقْتَلْن أَسِيْرٍ وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ"[3]

"کسی زخمی پر حملہ نہ کیا جائے اور نہ ہی کسی بھاگنے والے کا پیچھا کیا جائے اور نہ کسی قیدی کو قتل کیا جائے اور جو اپنے گھر کا دروازہ بند کر دے اسے امان حاصل ہے"۔

اسلامی نکتہ نظر سے وحشیانہ طور طریقے اور افعال کو جنگ سے نکال دیا گیا ہے جس کا عکس دوسرے مذاہب میں نظر آتا ہے اور جو ان کا بنیادی مقصد بھی ہوتا ہے۔ جنگ میں اسیر بنائے جانے والے مسافروں کا قتل، معاہدین کا قتل، غیر اہل قتال، لوٹ مار، قطع طریق، فصلوں اور بستیوں کی بربادی و تباہی یہ اسلامی جنگی فلسفے کے خلاف ہے اور اسلام میں جنگ کا مقصد صرف اور صرف فساد کا خاتمہ ہے۔ سیرت ابن ہشام میں روایت ہے کہ:

---

[1] النسائی، **سنن نسائی**، کتاب الجهاد، باب النهی عن النهبی، ح2705

[2] البقرة:205

[3]ابن ابی شیبة، **المصنف**، کتاب الجمل وصلى الله على سيدنا محمد وآلہ، باب فی مسیر عائشة وعلی وطلحة والزبیر، ح40594

**"حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نظام حیات کے مطابق الٰہ العالمین کے سوا کسی کو اطاعت کی اجازت نہ تھی اس اصول کے تحت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی فوج کے سپاہی اگر شکست قبول کرتے تو اس کے معنی یہ تھے کہ وہ غیر اللہ کی اطاعت قبول کر رہے ہیں۔"**[1]

نظریاتی لحاظ سے لشکر کی قوت محرکہ کو تربیت کے ذریعے بہتر کیا جاتا ہے اور تربیت کے لئے جو بنیادی نصب العین مطلوب ہے وہ مذہب مہیا کرتا ہے جس میں دین اسلام اور اس کی تعلیمات ایک بنیادی پہلو کی حیثیت رکھتی ہیں۔اور یہ بات مسلم ہے کہ جب بھی کسی ریاست کے نصب العین اور بنیادی ترجیحات میں مذہب کو فوقیت دی جائے تو اسکی عظمت اور طاقت و قوت میں مضبوطی آتی ہے کیونکہ دینی محبت اور اخوت پوری قوم کو ایک کر دیتی ہے جس سے پوری قوم میں اتحاد و اتفاق پیدا ہوتا ہے جس کا مقابلہ کرنا آسان نہیں رہتا۔ایسی قومیں جن کا کوئی مذہبی عقیدہ نہ ہو وہ چاہے تعداد میں کروڑوں میں کیوں نہ ہوں جب بھی مقابلے پر اترتی ہے تو جیت سے محروم رہتی ہے۔چنانچہ ایک مصنف نے لکھا ہے کہ :

"چنانچہ یہ واقعہ ہے کہ صدر اسلام میں مسلمانوں کو جو بے پناہ فتوحات حاصل ہوئیں وہ اسی سبب سے ہوئیں کہ مسلمان دین سے بہرہ مند تھے اور مخالفین میں دینی نکتہ نظر مفقود تھا۔ قادسیہ اور یرموک کی معرکہ آرائیوں کو دیکھیے۔ مسلمانوں کے فوجیں تو تیس ہزار سے کچھ ہی اوپر تھیں مگر ان کے مقابلے میں واقدی کی روایت کے مطابق اہل فارس کے عساکر کی تعداد ایک لاکھ سے بھی زیادہ تھی اور رومی سپاہی تو چار چار لاکھ کی تعداد میں میدان جنگ میں اترتے تھے لیکن اس کثرت تعداد کے باوجود ان کو شکست کا سامنا کرنا پڑا"۔[2]

اسلام کا عسکری تصور یہ ہے کہ اسلام کی فتح کے لیے مسلمان خود کو عسکری بنائے اور اسلام کی خدمت اور سربلندی کے لیے خود کو اسلام کے لئے اس پیشے سے منسلک کرے اور اپنی صلاحیتیں دین اسلام کی سربلندی اور دفاع کیلئے صرف کرے۔اسلام ان ضروری پہلوؤں اور امور پر عمل درآمد کرنے کی تلقین کرتا ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ایک مسلمان عسکری تنظیم اور تربیت حاصل کر سکے اور اسلام کی سربلندی کے لیے جان کی بازی لگانے سے سے بھی دریغ نہ کرے۔

[1] کرنل، محمد صادق، **افواج پاکستان کی دینی اور نظریاتی تربیت اور اس کا دائرہ کار**، ص510

[2] ندوی، محمد حنیف، **افکار ابن خلدون** (لاہور: ادارہ ثقافت اسلامیہ 1984)، ص116

## عسکریت کی تاریخ

عسکریت کی اہمیت ایک مسلمہ حقیقت ہے۔انسان اس دنیا میں آنے کے بعد سے اپنی حفاظت کو بنیادی اہمیت دیتا ہے اور یہی اہمیت عسکریت کی بنیاد رکھتی ہے۔

## عسکریت قبل از اسلام

### اہل عرب اور عسکریت

نبی اکرم ﷺ سے پہلے کے حالات کا جائزہ لیا جائے تو یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جہالت کے زمانے میں اہل عرب جنگ کو ایک مضبوط پیشے کے طور پر اپناتے تھے اور ظلم واستبداد اس کا بنیادی مقصد ہوا کرتا تھا۔اس دور میں قبائل اپنے نظام کے نفاذ اور غلبے کے حصول کے لیے ہر وقت جنگ وجدل میں مصروف رہتے تھے۔ان کی فکر کا بنیادی نکتہ یہ ہوتا تھا کہ دشمن پر کس طرح قبضہ اور تسلط قائم کیا جائے اور اس مقصد کے حصول کے لئے کسی طرح کے اصول وضوابط کو نہیں اپنایا جاتا تھا۔جنگ ہی انکی معیشت کا بھی بنیادی ذریعہ ہوتا تھا۔جنگ میں غیظ وغضب اور نفرت وانتقام بنیادی اور مرکزی خصوصیت رکھتے تھے۔اہل عرب نے تمام لڑائیاں قتل وغارت گری، بدلہ لینے اور فخر کے لیے لڑی تھیں اور حسد کی آگ نے ان کے وحشی انداز جنگ کو ہلاکت خیزی کا منظر بنا دیا۔اور یہی انکی جنگ کے بنیادی مقاصد تھے۔

### روم وفارس اور عسکریت

صرف عرب ہی نہیں بلکہ اس دور کی دونوں بڑی طاقتوں روم وفارس کے حالات بھی کچھ مختلف نہ تھے۔نبی اکرم ﷺ پر پہلی وحی کے نزول کے وقت دنیا میں فارس وروم دو عظیم الشان مملکتیں سمجھی جاتی تھیں۔دونوں کا مذہب اور تہذیب ایک دوسرے سے الگ الگ اور جدا جدا تھا اور دونوں سلطنتیں مذہبی تعصب اور تہذیب کی وجہ سے آپس میں ہر وقت لڑتی رہتی تھیں۔چنانچہ اسلام کے ظہور سے قبل اور بعد کی کچھ مدت تک ان میں قتل وجنگ جاری رہا تھا لیکن اس تعصب کی جو بھیانک شکل تاریخ میں ملتی ہے وہ ان کا ظالم رخ ہے کہ یہ لوگ حملہ آور ہوتے ہی اخلاقیات اور شرافت کے تقاضوں اور اصول وضوابط کو یکسر بھول جاتے تھے۔اہل روم اور اہل فارس کے اس عسکری وحشیانہ چہرے کو مؤرخین نے یوں بیان کیا ہے۔

"ایرانی بادشاہ قباد کے زمانے میں جب حکومت ایران کے اشارے سے حیرہ کے بادشاہ منذر نے شام پر چڑھائی کی تو اس نے انطاکیہ میں چار سو راہبات کو پکڑ کر عزیٰ کے بت پر بھینٹ چڑھا دیا"۔[1]

---

[1] کرنل، محمد صادق، **افواج پاکستان کی دینی اور نظریاتی تربیت اور اس کا دائرہ کار** (لاہور: ادارہ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب 1997) صفحہ نمبر:48

ایک اور مصنف لکھتے ہیں کہ :

"جب ہر قل نے شمال کی جانب سے ایران پر حملہ کیا تو مجوسیوں کے آتش کدہ کو برباد کرایا اور زرتشت کے وطن آرمینیہ کو پیوند خاک کر دیا اور مجوسی مذہب کی توہین وتذلیل میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی"۔[1]

[1] ایضاً۔

# باب دوم

# عہد عمر رضی اللہ عنہ اور ادارہ جاتی عسکری تنظیم

**فصل اول:** قیادت سے متعلقہ امور

**فصل ثانی:** سرحدوں کا دفاعی نظام

**فصل ثالث:** فوجیوں کے حقوق

# باب دوم: عہد عمر رضی اللہ عنہ اور ادارہ جاتی عسکری تنظیم

## فصل اوّل: قیادت سے متعلقہ امور

### قائدین کے انتخاب کا طریقہ

عسکری اُمور میں قیادت بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ایک بہترین قائد ہی کسی بھی فوج کی فتح و حفاظت میں اہم ترین کردار ادا کرتا ہے۔ در حقیقت قیادت ایک علم، فن اور صلاحیت ہے جس کی بنیاد پر لوگوں کی درست رہنمائی اور کسی بھی قسم کی تحریک کو چلانا اور وسائل و اسباب کو درست و موثر طریقے سے استعمال کرنا شامل ہوتا ہے۔اسلام میں قیادت کو اہم ذمہ داری اور امانت سمجھا گیا ہے۔ قیادت کو صرف طاقت واختیار کے حصول کے لیے نہیں بلکہ لوگوں کی فلاح و بہبود، رہنمائی اور انصاف کے لیے اپنایا جاتا ہے اور اس حوالے سے قران وسنت کی تعلیمات اور واضح احکامات موجود ہیں۔ عمرؓ بھی درسگاہ رسالت کے اولین فیض یافتگان میں سے تھے لہٰذا انہوں نے قیادت کے امور میں قران وسنت کی تعلیمات کو مد نظر رکھتے ہوئے قائدین کا انتخاب فرمایا جس کے بہت دور رس نتائج مرتب ہوئے اور اللہ تعالی نے مسلمانوں کو عظیم فتوحات اور وسیع سلطنت سے نوازا۔ عمرؓ قائدین کا انتخاب کرتے ہوئے جن امور کو مد نظر رکھتے تھے ان میں سے چند ایک مندرجہ ذیل ہیں:

### تقوٰی، عبادت اور احکام شریعت کی پابندی

قائد یا سالار کا انتخاب کرتے ہوئے آپؓ ہمیشہ اس بات کو مد نظر رکھتے تھے کہ قائد متقی و عبادت گزار ہو اور شرعی احکامات کا علم رکھنے والا اور ان کی پابندی کرنے والا ہو۔اس کے برعکس آپؓ کسی بھی فاسق وفاجر کو امیر بنانے کے سخت مخالف تھے۔ آپؓ فرمایا کرتے تھے کہ:

"مَنِ اسْتَعْمَلَ فَاجِرًا وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ فَاجِرٌ فَهُوَ مِثْلُهُ"

[1]"جس نے جان بوجھ کر کسی گنہگار اور نافرمان یعنی فاسق وفاجر کو امیر بنایا تو وہ بھی اسی کی طرح کا مجرم ہے"۔

یعنی امت کی رہنمائی کا اہم ترین اور نازک ترین معاملہ لازمی طور پر اہل شخص کے سپردہی کیا جانا چاہیے۔ چنانچہ آپؓ نے شام کی امارت کے فیصلے کے وقت حضرت سعید بن عامرؓ کو شام کے کچھ علاقوں کا امیر بنانا چاہا تو سعید بن عامرؓ نے کسر نفسی کی بنا پر اس ذمہ داری کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ جس پر عمرؓ نے فرمایا کہ:

"كَلَّا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَا تَجْعَلُونَهَا فِي عُنُقِي وَتَجْلِسُونَ فِي بُيُوتِكُمْ"[2]

---

[1] ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، **مسند الفاروق**(مصر: دارالفلاح2009)، کتاب الحدود، أثر في تحذير الإمام أن يولّي على المسلمين قريبًا لقرابته أو فاجرًا، ص416

[2] الصنعانی، **مصنف عبدالرزاق**، کتاب الجامع، باب الامراء، ح21801

"اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے ایسا نہیں ہو سکتا کہ تم اس امارت کا بارِ گراں میری گردن میں ڈال کر خود گھروں میں بیٹھے رہو"۔

چنانچہ آپؓ نے سعید بن عامرؓ کو وہاں کا امیر بنا کر بھیجا۔ اس فیصلے سے معلوم ہوتا ہے کہ جہاں آپؓ کسی نااہل کو امیر بنانے کے سخت خلاف تھے وہیں آپؓ اہل اور متقی شخص کو ذمہ داری سونپنے پر اس قدر حریص بھی تھے تاکہ امت کے معاملات کی باگ دوڑ ذمہ دار اور سمجھدار افراد کے ہاتھوں میں رہے جو عوام الناس کے بارے میں اللہ تعالی سے ڈریں اور ان کے معاملات کے درست فیصلے کر سکیں۔

## تحمل مزاجی

جنگ ایک ایسا معاملہ ہے جس میں حزم و احتیاط کا پہلو ہر لمحہ تھامے رکھنا ضروری ہوتا ہے کیونکہ امیر کے ایک فیصلے پر سینکڑوں ہزاروں افراد کی جانوں کا دارومدار ہوتا ہے۔ جلد بازی پر مبنی فیصلے پورے لشکر کی تباہی کا باعث بن سکتے ہیں۔ اس لیے عمرؓ اس امر کو بھی لازمی پیش نظر رکھتے تھے کہ قائد متحمل مزاج ہو اور جلد بازی کرنے والا نہ ہو۔ آپؓ کے پیش نظر رسول ﷺ کی احادیث مبارکہ اور تعلیمات تھیں جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

"يَا اَيُّهَا النَّاسُ، لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ، وَسَلُوْا اللهَ الْعَافِيَةَ"[1]

"کہ اے لوگو دشمن سے ملاقات کی تمنا اور خواہش نہ کرو اور اللہ تعالی سے عافیت کا سوال کرو"۔

اسی طرح آپؓ کے سامنے رسول ﷺ کا طرز عمل بھی تھا کہ آپ ﷺ کبھی بھی دشمن سے جنگ کرنے میں جلدی نہ کرتے تھے بلکہ بسا اوقات سورج ڈھلنے تک کا انتظار کرتے تھے اور اس کے بعد دشمن پر حملہ کرتے۔ چنانچہ آپؓ بھی ان امور کو مد نظر رکھتے ہوئے قائد کا انتخاب فرماتے۔ جیسا کہ عراق کی جنگ کے لیے ابو عبید ثقفیؓ کو امیر بنایا اور فرمایا:

"إِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أُؤَمِّرَ سُلَيْطًا إِلا سُرْعَتُهُ إِلَى الْحَرْبِ وَفِي التَّسَرُّعِ إِلَى الْحَرْبِ ضَيَاعٌ إِلا عَنْ بَيَانٍ وَاللَّهِ لَوْلا سُرْعَتُهُ لأَمَّرْتُهُ وَلَكِنَّ الْحَرْبَ لا يُصْلِحُهَا إِلا الْمَكِيثُ"[2]

"میں نے سلیط کو لشکر کی امارت کی ذمہ داری اس لیے نہیں سونپی کیونکہ وہ جنگ کے حوالے سے بہت جلد باز واقع ہوئے ہیں، حالانکہ جب تک جنگ کی کھلی اور اشد ضرورت محسوس نہ ہو تب تک اس میں جلدی کرنا نقصان کا باعث بنتا ہے، واللہ اگر ان میں جلد بازی نہ ہوتی تو انہی کو امیر بناتا لیکن جنگ کے لیے متحمل مزاج لوگ ہی موزوں ہوتے ہیں"۔

## ہوشیاری و مہارت اور جنگی بصیرت

قیادت کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ قائد جنگی بصیرت کا حامل ہو اور خوب ہوشیار و ماہر ہو۔ پل بھر میں فیصلہ کرنے اور بدلتی صورتحال کے مطابق فیصلہ بدلنے کی صلاحیت بھی رکھتا ہو اور خوب جنگی بصیرت رکھنے والا ہو۔ اور ساتھ ہی ساتھ وہ مسلمانوں کے لیے

[1] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب الجهاد و السير، كَانَ النَّبِيُّ صلى الله عليه وسلم إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ أَخَّرَ الْقِتَالَ حَتَّى تَزُولَ الشَّمْسُ، ح2804

[2] الطبری، **تاریخ الرسل والملوک**، ج3، ص 445

نرم گوشہ رکھنے والا، خیر خواہ ہو اور امانت دار ہو۔ اس قسم کی اعلیٰ صفات کا حامل شخص ہی صحیح معنوں میں قیادت کا اہل ہوتا ہے اور عمرؓ ایسی خوبیوں کے حامل افراد کی پوری خبر رکھتے اور بوقت ضرورت انہیں استعمال کرتے تھے۔ لہٰذا جب عراق میں جنگ قادسیہ کا مرحلہ درپیش آیا تو عمرؓ نے صحابہ کرامؓ کے مشورے سے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو لشکر کا امیر بنایا کیونکہ سعدؓ ایک طرف ماہر جنگجو اور اچھے تیر انداز تھے تو دوسری طرف نہایت نرم دل اور مسلمانوں کے لیے انتہائی خیر خواہ بھی تھے۔ چنانچہ انہیں اس جنگ کے لیے موزوں سمجھتے ہوئے امیر بنایا گیا اور جب ان کی تقرری سے پہلے صحابہ کرامؓ سے مشورہ کیا گیا کہ اس جنگ کیلئے کس شخص کو امیر بنایا جائے تو عبدالرحمن بن عوفؓ نے فرمایا کہ میں نے تلاش کر لیا ہے، عمرؓ نے پوچھا وہ کون ہیں؟ عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے جواب دیا کہ وہ کچھار کے شیر! سعد بن مالک الزہریؓ ہیں۔ عمر نے عبدالرحمن بن عوفؓ کی بات کو پسند کیا اور سعدؓ کو نجد سے بلا کر جنگ کا امیر بنا دیا۔[1]

## جذبہ عمل کا اعتبار

عمرؓ کی ایک خوبی یہ بھی تھی کہ کبھی بھی کسی سے زبردستی کام لینے کے قائل نہ تھے جب تک کہ وہ دلی طور پر تیار نہ ہوتا اور نہ ہی آپؓ کسی ایسے شخص کو کسی ایسے کام کا ذمہ دار بناتے جس کی طرف اس کا طبعی میلان نہ ہوتا۔ آپؓ ایسا اس وجہ سے کرتے تھے تاکہ وہ معاملہ درست اور بہتر طریقے سے انجام پائے۔ چنانچہ محاذ عراق پر کمک بھیجنے کے لیے ایک مرتبہ آپؓ لوگوں کو مسلسل تین دن تک جہاد کی ترغیب اور جوش دلاتے رہے مگر کوئی شخص کھڑا نہ ہوا، جب چوتھے دن آپؓ نے ترغیب دی تو سب سے پہلے ابو مسعود ثقفیؒ کھڑے ہوئے اور آگے آئے۔ ان کی دیکھا دیکھی باقی لوگ بھی تیار ہونے لگے اور ایک بڑی جمیعت تیار ہو گئی۔ آپؓ نے انہیں ہی محاذِ عراق پر جانے والوں کا امیر مقرر کر دیا حالانکہ وہ صحابی بھی نہ تھے۔ جب لوگوں نے آپؓ سے اس عمل کی وجہ پوچھی تو آپؓ نے فرمایا کہ میں نے اسی کو امیر بنایا جس نے سب سے پہلے میری دعوت قبول کی۔[2]

یہ تمام اوصاف آپؓ کے مقرر کردہ دیگر امراء میں بھی بدرجہ اتم موجود تھے جیسا کہ عمرو بن عاصؓ، ابو عبیدہؓ اور سعد بن ابی وقاصؓ وغیرہ جو کہ فاروقی دعوت پر ہر کام میں سب سے پہلے لبیک کہنے والے اور میدان عمل میں سب سے آگے بڑھنے والے تھے۔ ان امور کے علاوہ آپؓ قیادت کے انتخاب کے وقت امانت داری، صبر واستقامت، مقصد جنگ سے واقفیت اور غیر جانبداری جیسے امور کو مد نظر رکھتے تھے تاکہ فریضہ جہاد بہترین طریقے سے ادا کیا جا سکے۔

## دور اندیشی ذہانت اور تجربہ کاری

جنگ کے میدان میں تجربہ بہت اہمیت رکھتا ہے۔ مخالف کی نفسیات اور حملے کی صلاحیت کو سمجھنا اور اس کے مطابق حملہ کرنے کی حکمت عملی تیار کرنا وسیع ذہانت و تجربے کی متقاضی ہے۔ عمرؓ کے دور میں اسلامی افواج کا مقابلہ روم و فارس جیسی بڑی اور پیشہ وارانہ

[1] ابن کثیر، **البداية والنهاية**، ج7، ص35
[2] ایضاً، ج7، ص26

صلاحیتوں کی حامل افواج سے تھا جو کہ باقاعدہ اور منظم فوجی ڈھانچہ اور تربیتی نظام رکھتی تھیں۔اس کے ساتھ ساتھ روم اور فارس کی طویل اور بڑی آپسی جنگوں نے انہیں جنگ کا بہت تجربہ دیا تھا۔اس کے برعکس مسلمان افواج کا بڑا حصہ رضاکارانہ جنگ میں حصہ لیتا تھا۔ان کی تربیت اور مشقوں کا ایسا انتظام موجود نہ تھا جیسا دشمن کا تھا لہٰذا ایسے میں ضرورت اس امر کی تھی کہ روم و فارس کے کمانڈروں کے مقابلے میں ایسے ذہین، دوراندیش اور تجربہ کار کمانڈر میدان میں اتارے جائیں جو مخالف سالاروں کا تمام فنون میں مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ عمرؓ جو اپنے سالاروں کی صلاحیتوں کی گہری بصیرت رکھنے والے تھے، ایسے موقع پر درست ترین شخصیت کا انتخاب کر کے جنگ کا پانسا پلٹ دیتے تھے۔ آپؓ ہمیشہ ایسے شخص کا انتخاب کرتے جو اسلامی فوج کے کم سے کم نقصان کے ساتھ دشمن کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتا ہو کیونکہ آپؓ کا فرمان ہے کہ :

"وَلَكُمْ عَلَيَّ أَنْ لَا أُلْقِيكُمْ فِي الْمَهَالِكِ وَلا أَجَمِّرَكُمْ فِي ثُغُورِكُمْ"[1]

"تمہارا مجھ پر یہ فریضہ عائد ہوتا ہے کہ میں تمہیں ہلاکت میں نہ ڈالوں اور نہ ہی تمہیں تمہاری سرحدوں سے منع کروں"۔

جنگ اجنادین کے موقع پر رومیوں کی قیادت کرنے والا ارطبون نامی کمانڈر تھا جو کہ رومیوں میں سب سے بڑا زیرک، سخت جنگجو، انتہائی خطرناک اور دوراندیش مانا جاتا تھا۔ آپ کی طرف سے اس کے مقابلے کے لیے عمرو بن عاصؓ مقرر کیے گئے۔ عمرو بن عاصؓ نے ارطبون کے مقابلے میں ایلیاء اور رملہ کے علاقوں میں اپنی فوجیں پھیلا دیں اور عمرؓ کو تمام صورتحال لکھ بھیجی۔اس کے جواب میں عمرؓ نے جو خط روانہ کیا اس میں آپؓ نے لکھا کہ :

"قَدْ رَمَيْنَا أَرْطَبُونَ الرُّومِ بِأَرْطَبُونِ الْعَرَبِ فَانْظُرُوا عَمَّن تَنْفَرِجُ"[2]

"میں نے روم کے ارطبون سے عرب کے ارطبون کو ٹکرا دیا ہے اب آگے دیکھو کیا ہوتا ہے"۔

اور یہ بات مسلم ہے کہ عمرو بن عاصؓ عرب کے ذہین ترین اور ماہر ترین افراد میں سے تھے اور اس قدر شجاع تھے کہ جب آپؓ نے ارطبون کے لشکر کی معلومات اکٹھی کرنا چاہی تو کسی سپاہی کو بھیجنے کی بجائے بذات خود ارطبون کے پڑاؤ میں داخل ہو گئے اور نہایت ہوشیاری سے معلومات حاصل کرنے کے بعد ارطبون کو دھوکہ دینے میں کامیاب ہو گئے اور واپس اپنے لشکر سے جا ملے۔ عمرؓ کو یہ بات معلوم ہوئی تو آپ نے فرمایا کہ :

"غَلَبَهُ عَمْرٌو ، لِلَّهِ عَمْرٌو"[3]

"عمرو اس پر غالب آ گئے، اللہ عمرو کے ساتھ ہے"۔

---

[1] ابو یوسف، **کتاب الخراج**، ص131

[2] ابن اثیر، **الکامل فی التاریخ**، ج2، ص328

[3] الطبری، **تاریخ الرسل والملوک**، ج3، ص 606

### جرات مند بہادر اور سپہ گری پر عبور

جنگ کے مختلف مراحل ہوتے ہیں۔بسااوقات تحمل مزاجی اور انتظار کی ضرورت ہوتی ہے اور بسااوقات تیزی اور پہل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ دشمن کو سنبھلنے اور جوابی حملہ کرنے کا موقع ہی نہ ملے۔ عمرؓ اپنے فیصلوں میں اس قسم کے تمام حالات کو مد نظر رکھا کرتے تھے۔ جیسا کہ عراق کی جنگ کے موقع پر ابو عبید ثقفیؓ جیسے متحمل مزاج شخص کو سالار بنایا وہیں جنگ نہاوند کے موقع پر جبکہ اسلامی افواج تیزی سے آگے کی جانب پیش قدمی کر رہی تھیں تو اس موقع پر آپؓ نے اہل شوریٰ سے مشورہ کیا کہ اس جنگ کے لیے کس کو کمانڈر بنایا جائے ؟ صحابہؓ واہل الرائے نے کہا کہ آپؓ اپنے لشکر اور عراق کے لوگوں سے ہماری نسبت زیادہ واقفیت رکھتے ہیں، وہ آپؓ کی خدمت میں حاضر ہو چکے ہیں اور آپؓ انہیں دیکھ پرکھ چکے ہیں اور ان کی گفتار سے بھی واقف ہیں، تو آپؓ نے جواب دیا کہ :

"لَأَسْتَعْمِلَنَّ عَلَيْهِمْ رَجُلاً يَكُوْنُ لِأَوّلِ أَسِنَّةٍ يَلْقَاهَا"[1]

"اللہ کی قسم میں ان پر ایک ایسا آدمی بطور سالار مقرر کروں گا جو کل جنگ کے میدان میں سب سے پہلے نیزے کی انی اچھالے گا"

لوگوں نے پوچھا کہ وہ کون ہیں تو آپؓ نے بتایا کہ وہ نعمان بن مقرن المزنیؓ ہیں۔ لوگوں نے کہا کہ بے شک آپ نے درست ترین فیصلہ کیا ہے وہی اس عہدے کے مستحق ہیں۔

## قائدین کے حقوق

امیر المؤمنین عمر بن خطابؓ جہاں قائدین کے انتخاب میں اور ان کے احتساب میں سخت ترین معیار کو مد نظر رکھتے تھے وہیں آپؓ لشکر کے عام سپاہیوں کو قائدین کے حقوق ادا کرنے کی بھی تلقین کرتے رہتے تھے اور نظم وضبط کے معاملے میں بہت سختی کرتے تھے۔

قائدین کی حقوق میں سے چند حقوق مندرجہ ذیل ہیں۔

### امیر کی اطاعت

اللہ کا فرمان ہے :

"يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ وَأُولِي الْأَمْرِ مِنكُمْ ۖ"[2]

"اے ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو اور اسکے رسول کی اطاعت کرو اور جو تم میں سے حکومت والے ہیں"

جس سے اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے بعد امیر کی اطاعت کا وجوب ثابت ہوتا ہے۔ عمرؓ اس آیت اور اس میں مذکور اطاعتِ امیر کے حکم کی اہمیت سے خوب واقف تھے لہٰذا آپؓ اپنے لشکر کے سپاہیوں اور ماتحت سالاروں کو بھی سالارِ اعلیٰ کی اطاعت کرنے کا حکم دیتے۔ جیسا کہ جب آپؓ نے ابو عبید ثقفیؓ کو عراق جانے والی فوج کا سپہ سالار مقرر کیا تو ان کی معیت میں سلمہ بن اسلم خزرجیؓ اور سلیط

---

[1] الشیبانی، خلیفہ بن خیاط، **تاریخ خلیفۃ بن خیاط**(بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ)، ص148

[2] النساء: 59

بن قیس انصاریؓ کو بھی روانہ کیااور ابو عبیدؓ کو حکم دیا کہ یہ دونوں بدری اصحاب ہیں لہٰذا ان سے مشاورت کیے بغیر کوئی کام نہ کرنا۔اور ساتھ ہی ان دونوں اصحاب کو بھی امیر کی اطاعت کا حکم دیا۔[1]

معرکہِ جسر میں جب ابو عبیدؓ کا مقابلہ فارسیوں سے ہوا تو انہوں نے دریا عبور کر کے جنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ سلیطؓ نے آپ کو دریا عبور نہ کرنے کا مشورہ دیا لیکن ابو عبیدؓ نے یہ مشورہ نہ مانا اور اس کے نتیجے میں مسلمانوں کو ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔ جنگ کے بعد جب جنگ کے حالات پر تبصرہ کیا جارہا تھا تو سلیطؓ نے ابو عبیدؓ سے کہا کہ :

"اگر امیر کے حکم کی نافرمانی کو میں حرام نہ سمجھتا تو اسی وقت اپنے لوگوں کو لے کر الگ ہو جاتا کیونکہ آپ کا فیصلہ غلط تھا لیکن امیر ہونے کی وجہ سے میں آپ کی بات مانتا رہا اور اطاعت کرتا رہا"۔[2]

یعنی آپؓ کے ماتحت سالاروں نے جنگ میں نقصان اٹھانا برداشت کر لیا لیکن امیر کے حکم کی نافرمانی نہیں کی۔

## تمام معاملات کے فیصلے امیر پر چھوڑ دینا

بسا اوقات عمرؓ پورے اسلامی لشکر کا ایک ہی امیر مقرر فرمادیتے اور اسی کو سب معاملات کا نگران اور اسی کے فیصلے کو حرف آخر قرار دے دیتے۔ اس کا مقصد یہ ہوتا کہ کہیں امراء کی زیادہ تعداد کی وجہ سے ان کی آپس کی رائے میں اختلاف پیدا نہ ہو جائے اور اس اختلاف رائے کے نتیجے میں کوئی پھوٹ پیدا نہ ہو چنانچہ لشکر کو متحد اور متفق رکھنے کے لیے ایک ہی امیر مقرر کر دیتے۔ معرکہ نہاوند کے موقع پر عمرؓ نے تمام اسلامی فوجوں کو نہاوند میں اجتماع کرنے کا حکم دیا۔ اس وقت لشکر میں مختلف فوجیں تھیں جیسا کہ بصرہ کی فوج، کوفہ کی فوج، مدینہ کی فوج جن کی قیادت مختلف لوگ کر رہے تھے۔ مدینہ کا لشکر جو مہاجرین و انصار پر مشتمل تھا اس کی قیادت عمرؓ کے بیٹے عبد اللہ بن عمر بن خطابؓ کر رہے تھے۔ بصرہ کی فوج کی قیادت ابو موسی اشعریؓ اور کوفہ کی فوج کی قیادت حذیفہ بن یمانؓ کر رہے تھے۔ جب یہ تمام فوجیں نہاوند پہنچ چکی تو آپؓ نے ان کو فرمان جاری کیا کہ اب تم سب لوگوں کی قیادت نعمان بن مقرن مزنیؓ کریں گے۔[3]

## امیر کے حکم کی فوراً اطاعت کرنا

آپؓ سپاہیوں کو یہ تلقین کیا کرتے تھے کہ امیر کی اطاعت فوراً کیا کریں، کیونکہ بسا اوقات حکم کی تعمیل میں تاخیر حکم کو غیر موثر کر دیتی ہے، خصوصاً جنگ کے موقع پر تو یہ معاملہ اور بھی اہمیت کا حامل ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ ابو عبید ثقفیؓ نے آپؓ کی دعوت پر سب سے پہلے لبیک کہا جس سے آپؓ بہت زیادہ متاثر ہوئے اور انہی کو امیر بنا دیا۔ اسی طرح آپؓ نے حضرت عتبہ بن غزوانؓ کو بصرہ روانہ کرتے ہوئے نصیحت کی اور فرمایا کہ تم کوئی بات کہتے ہو تو فوراً اس کی پیروی کی جاتی ہے اور کسی کام کا حکم دیتے ہو تو فوراً اس کی تعمیل کر دی جاتی ہے، یہ اللہ کی عظیم نعمت ہے بشرطیکہ تم تکبر و غرور کا شکار نہ ہو جاؤ اور اپنے زیردست افراد کو کم تر و حقیر نہ سمجھنے لگو۔[4]

---

[1] ابن کثیر، **البدایۃ والنھایۃ**، ج7، ص26

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص788

[3] کمال، سلمان بن محمد، **الادارۃ العسکریۃ فی الدولۃ الاسلامیۃ نشاتھا و تطورھا** (جامعۃ ام القریٰ 1992)، ج1، ص100

[4] الطبری، **تاریخ الرسل والملوک**، ج3، ص591

## مال غنیمت کی تقسیم پر رضامندی

جنگ کے موقع پر مال غنیمت کی تقسیم ایک اہم اور نازک معاملہ ہوتا تھااور اس میں ذرا سی بھی بے احتیاطی کی گنجائش نہ ہوتی تھی۔ عمرؓ قائدین منتخب کرتے ہوئے بطور خاص امانت داری کا لحاظ اسی مقصد سے کیا کرتے تھے تاکہ مال غنیمت اور دیگر مالی امور میں انصاف کے تقاضے پورے کیے جا سکیں اور خیانت کا کوئی شائبہ باقی نہ رہے۔ چنانچہ اپنے سالاروں پر مکمل بھروسہ کرتے ہوئے آپؓ انہیں مال غنیمت تقسیم کرنے کا اختیار دیتے اور باقی لشکر بھی ان کی تقسیم پر رضامند رہنے کا پابند ہوتا تھا۔ فتح ابلہ کے موقع پر ایک سپاہی کو پیتل کی ایک دیگچی ملی جس کے بارے میں بعد میں پتہ چلا کہ وہ تو سونے کی ہے۔ جب اس بات کی اطلاع امیر لشکر کو دی گئی تو ان کے لیے یہ ایک نئی صورتحال تھی، چنانچہ انہوں نے اس کے حل کے لیے عمرؓ کو خط لکھ دیا۔ عمرؓ نے جواب میں لکھا کہ سپاہی سے اس بات کی قسم لی جائے کہ اس نے دیگچی پیتل سمجھ کر لی تھی، اگر وہ قسم اٹھالے تو دیگچی اس کے حوالے کر دی جائے اور اگر نہ اٹھائے تو اس سے زبردستی دیگچی لے کر مسلمانوں میں تقسیم کر دو۔ چنانچہ اس سپاہی نے قسم کھائی کہ میں نے دیگچی پیتل سمجھ کر اٹھائی تھی تو وہ دیگچی اسی کے حوالے کر دی گئی اور باقی لشکر بھی اس تقسیم پر راضی رہا۔[1]

فتح جلولاء کے موقع پر جریر بن عبداللہ البجلیؓ نے اپنی قوم کے لیے مال غنیمت میں سے ایک چوتھائی حصے کا مطالبہ کیا۔ ایک چوتھائی حصہ ان کو مثنی بن حارثہؓ کے ساتھ عراق کی مہمات میں تالیفِ قلب کے لیے ملا کرتا تھا۔ حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے عمرؓ سے اس بابت دریافت کیا تو آپؓ نے جواب دیا کہ جریرؓ بالکل درست کہہ رہے ہیں تاہم یہ فیصلہ اس وقت ان کی تالیفِ قلب کے لیے تھا۔ ان سے پوچھیں کہ اگر انہوں نے یہ جنگ بھی اسی نیت سے لڑی ہے تاکہ ان کی قوم کو تالیفِ قلب کے زُمرے میں شامل رکھا جائے تو انہیں ایک چوتھائی حصہ دے دیں اور اگر انہوں نے یہ جنگ خالص اللہ کی رضا کے لیے لڑی ہے تو ان کے لیے عام سپاہیوں کا حکم ہے اور ان کے لیے تمام حقوق وواجبات عام مسلمانوں کے سے ہوں گے۔ جب سعد بن ابی وقاصؓ نے جریر بن عبداللہ البجلیؓ کو یہ پیغام پڑھ کر سنایا تو انہوں نے جواب دیا کہ بے شک امیر المؤمنینؓ نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا اب ہمیں ایک چوتھائی حصے کی کوئی ضرورت نہیں ہم بھی عام مسلمانوں کی طرح ہیں لہذا عام مسلمانوں کا حصہ ہی ہمیں دیا جائے۔[2]

## شورائیت

حضرت عمرؓ کے دور میں شورائیت کا دائرہ کار بہت وسیع ہو گیا تھا۔ تمام امورِ ریاست میں مشورہ کو بنیادی حیثیت حاصل تھی اور عمرؓ کوئی بھی کام مشورہ کے بغیر کرنے کے قائل نہ تھے۔ جیسا کہ آپؓ کا فرمان ہے:

"إِنَّهُ لَا خَيْرَ فِي أَمْرٍ أُبْرِمَ عَنْ غَيْرِ شُورَى"[3]

---

[1] ابن جوزی، عبدالرحمٰن بن علی، **المنتظم فی تاریخ الامم والملوک**(بیروت: دار الکتب العلمیہ1992)، ج4، ص181

[2] ایضاً، ج5، ص245

[3] الطبری، **تاریخ الرسل والملوک**، ج4، ص260

"جس کام کو مشورہ کے بغیر عمل میں لایا گیا اس میں خیر نہیں"۔

اور ایک مقام پر فرمایا کہ:

"وَكَذٰلِكَ يَحِقُّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ انْ يَكُوْنُوْا أَمْرُهُمْ شُورى بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ ذَوِي الرَّأْيِ مِنْهُمْ فَالنَّاسُ تُبَّعٌ لِمَنْ قَامَ بِهَذَا الأَمْرِ مَا اجْتَمَعُوا عَلَيْهِ وَرَضُوا بِهِ لَزِمَ النَّاسُ وَكَانُوا فِيهِ تُبَّعًا لَهُمْ وَمَنْ أَقَامَ بِهَذَا الأَمْرِ تَبعٌ لأُولِي رَأْيِهِمْ مَا رَأَوْا لَهُمْ وَرَضُوا بِهِ لَهُمْ مِنْ مَكِيدَةٍ فِي حَرْبٍ كَانُوا فِيْهِ تبعاً لَهُمْ"[1]

"مسلمانوں پر واجب ہے کہ ان کا معاملہ ان کے اور اہل حل و عقد کے درمیان شورائیت سے طے ہو اور جو شخص اس شورائیت کو بروئے کار لائے گا وہ اصحاب حل و عقد کے مشوروں کی پابندی کرے گا اور عسکری امور و کاروائیوں میں اس شخص کو اصحاب حل و عقد کی رہنمائی پر عمل کرنا لازمی ہو گا"۔

آپؓ عسکری سالاروں کو مشورہ لینے کی بار بار تاکید کرتے رہتے تھے۔ جب آپؓ نے ابو عبید ثقفیؓ کو محاذ عراق پر روانہ کیا تو ان کو نصیحت فرمائی کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ اور بالخصوص بدری صحابہؓ کے مشوروں کو غور سے سننا اور ان کی پیروی کرنا۔ عراق ہی کے دیگر محاذوں پر ڈٹے ہوئے اپنے فوجی کمانڈروں کو حکم جاری کیا ہے کہ اپنے عسکری امور میں عمرو بن معد یکربؓ اور طلیحہ اسدیؓ سے مشورہ لیا کرو۔ اسی طرح آپ نے سعد بن ابی وقاصؓ کے نام بھی فرمان بھیجا جس میں انہیں مشورہ لینے کی تلقین کی گئی تھی۔ عتبہ بن غزوانؓ کو جب بصرہ کی طرف روانہ کیا تو آپ نے ان سے فرمایا کہ میں نے علاء بن الحضرمیؓ کو پیغام بھیجا ہے کہ عرفجہ بن ہثمہؓ کے ذریعے تمہاری قوت میں اضافہ کریں، وہ دشمن کو چکمہ دینے اور اس کو زیر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ لہٰذا وہ جب تمہارے پاس آئیں تو ان سے مشاورت کرو اور انہیں اپنے ساتھ رکھو۔[2]

شورائیت کا یہ طرز عمل عمرؓ کے دیگر امور ریاست میں بھی مد نظر رہتا تھا۔ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا کہ مختلف لوگوں کی آراء کی روشنی میں کسی عمدہ فیصلے کی طرف رہنمائی مل جاتی اور آپ وہی فیصلہ نافذ فرما دیتے اور اس پر سب لوگوں کا اتفاق بھی ہو جاتا ہے۔

## محاسبہ

عمرؓ امراء کی تقرری کے بعد ان کی نگرانی کا بھی مکمل اہتمام فرماتے تھے تاکہ ان کے بہترین کردار اور کارکردگی سے مطمئن ہو جائیں اور ایسا نہ ہو کہ عدم توجہی کی وجہ سے وہ غفلت کا شکار ہو جائیں۔ آپؓ کا فرمان ہے کہ:

"میں ہر روز ایک امیر کو معزول کروں یہ مجھے اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ میں کسی ظالم کو منصبِ امارت پر گھنٹہ بھر کے لیے فائز رکھوں"۔[3]

---

[1] ایضاً، ج3، ص481

[2] الصلابی، عمر بن خطاب، ص169

[3] ایضاً، ص543

اسی طرح آپؓ کا فرمان ہے کہ:

"میرا کوئی عامل کسی شخص پر ظلم کرے اور میں اس کی خبر ہو جانے کے بعد بھی اسے نہ بدلوں تو گویا کہ میں نے خود وہ ظلم کیا ہے"۔[1]

لہذا آپ بہت تندہی سے عاملین و امراء کی نگرانی کرتے۔ آپ کے پاس ایک داخلی انٹیلیجنس ایجنسی تھی جس سے آپ امراءِ لشکر اور رعایا کی صحیح خبر رکھتے تھے۔ چنانچہ افسران کی ایک ایک پل کی خبر آپ کو ہوتی تھی۔ آپ کے جاسوس ہر وقت امراء لشکر اور والیان راست کے ساتھ لگے رہتے تھے اور اسلامی سلطنت میں بولا گیا ہر ہر لفظ صبح شام آپ کے پاس آموجود ہوتا تھا، چنانچہ اس سخت نگرانی کی وجہ سے افسران بھی کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت نہ کرتے اور خوب جانفشانی سے اپنی ذمہ داری ادا کرتے۔[2]

---

[1] ایضاً

[2] الجاحظ، عمرو بن بحر، **التاج فی اخلاق الملوک**(قاھرہ: مکتبۃ الامیریۃ1914)، ص 168

## فصل ثانی: سرحدوں کا دفاعی نظام

کثرتِ فتوحات کے سبب دورِ عمر فاروقؓ میں اسلامی سرحدیں اور سلطنت بہت وسیع ہو چکی تھی۔ اور سرحدوں کی یہ وسعت حفاظت کا تقاضہ بھی کرتی تھی تاکہ اتنی قربانیوں سے حاصل کی گئی سرزمین دوبارہ غیر مسلموں کے ہاتھوں میں جانے سے اور ان کے حملوں سے محفوظ رہ سکے۔ عمرؓ کی اس معاملے پر پوری نظر تھی چنانچہ آپؓ نے اسلامی سرحدوں کی حفاظت و دفاع کا ایسا بہترین اور کامیاب نظام قائم کیا جس سے اسلامی سلطنت کی سرحدات ہمیشہ کیلئے محفوظ ہو گئیں۔ آپؓ نے ان حفاظتی اقدامات میں نئے فوجی شہروں کی تعمیر، فوجی قلعوں کی تعمیر، ذرائع نقل و حمل کی بہتری، فوجی چھاؤنیوں کا قیام، فوجیوں کیلئے سواری و اسلحے کی بروقت فراہمی، منظم ڈاک کا نظام جیسے اہم اقدامات شامل ہیں۔ ان اقدامات کی بدولت سرحدوں پر پہرہ داری کا بہترین نظام قائم ہوا اور دشمنوں کے خلاف بروقت کاروائی کرنے یا حملہ کرنے کیلئے تمام وسائل بآسانی دستیاب ہو گئے۔

### فوجی شہروں کی تعمیر

آپؓ کے دور میں اسلامی ریاست کی سرحدات کے ساتھ ساتھ چھوٹے بڑے شہر تعمیر کیے گئے جن کا پہلا اور بنیادی مقصد حفاظتی مراکز کے قیام کا تھا۔ ان شہروں کی تعمیر کے ساتھ ہی آپؓ نے ان علاقوں کے قریب بسنے والوں سمیت دیگر علاقوں کے لوگوں کو ہجرت کر کے ان فوجی شہروں کے قریب اور اندر رہائش اختیار کرنے کی ترغیب دی جس کا مقصد دین اسلام کی دعوت و تبلیغ اور اس کے ساتھ ساتھ دشمن سے برسرِپیکار مجاہدین کیلئے افرادی قوت اور اسلحہ و ساز و سامان فراہم کرنا تھا۔ ان مقاصد کیلئے جو چند نمایاں شہر بسائے گئے ان میں فسطاط، کوفہ، بصرہ، موصل، جیزہ اور سرت شامل تھے۔[1] آپؓ نے حجاز کے رہائشیوں کو ترغیب دی کہ وہ اپنی آل اولاد سمیت جزیرہ عرب کے دور افتادہ علاقوں سے ترکِ سکونت کر کے ان شہروں میں جا بسیں تاکہ یہ شہر صحیح معنوں میں فوجی اڈوں کا کام دے سکیں۔ یہاں اسلامی لشکر تیار کیے جائیں اور ان کو قوت و طاقت فراہم کی جائے تاکہ وہ سرحد سے پرے واقع دشمن کے علاقوں کے اندر تک گھس جائیں اور وہاں اسلام کا پیغام پہنچائیں۔[2] چونکہ عرب کا جغرافیہ ایسا تھا کہ وہاں رہائشی آبادیاں دور دور واقع تھیں چنانچہ ان شہروں کو بساتے وقت بالخصوص ایسی جگہوں کا انتخاب کیا گیا جو ایسی طویل مسافتوں کے درمیان واقع ہوں کیونکہ ایسی جگہوں سے دشمن کی دراندازی کا خدشہ زیادہ تھا اور اس لیے بھی تاکہ اسلامی فوجیں دوران سفر ایسے مقامات پر پڑاؤ ڈال کر سفر کی تھکاوٹ دور کر سکیں اور تازہ دم ہو سکیں۔ ٹھنڈے موسم میں وہاں قیام کر سکیں اور جنگ سے واپسی پر وہاں آرام کر سکیں۔ یہ بنیادی مقاصد ان شہروں کی تعمیر میں پیش نظر رکھے گئے تھے۔[3]

چونکہ یہ شہر ایسی جگہوں پر آباد کیے گئے تھے جہاں سے دشمن کی سرحد قریب تھی اور وہاں کے غیر مسلم رہائشیوں کا ان شہروں میں آنا جانا تھا لہذا ان شہروں کی آبادکاری میں اسلامی تہذیب و تمدن اور طرز زندگی کو نمایاں رکھا گیا تاکہ یہ فوجی مراکز کے ساتھ ساتھ دعوتی مراکز کام بھی کر سکیں۔ چنانچہ ان شہروں میں اسلامی زندگی کا عکس نظر آتا تھا۔ شہر کے درمیان میں ایک بڑی جامع مسجد تعمیر کی جاتی

---

[1] الشیخ، **عمر بن الخطاب**، ص499

[2] التام، غازی بن سالم، **اقتصادیات الحرب فی الاسلام**(وقفیة الامیر الغازی للفکر القرآنی1990)، ص245

[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص333

تھی جس کے ارد گرد مجاہدین کی رہائشیں ہوا کرتی تھیں اور یہ پورا معاشرہ احکاماتِ شریعت کی پابندی کرنے والا ہوتا تھا تاکہ صرف گفتار سے ہی نہیں بلکہ کردار سے بھی غیر مسلموں کو اسلام کی دعوت دی جاسکے۔ چند اہم شہروں کی تفصیل ذیل میں ہے۔[1]

**بصرہ**

بصرہ کے لغت میں معانی سخت پتھریلی و کنکریلی زمین کے ہیں۔[2] یہ شہر دریائے دجلہ و فرات کے کنارے پر آباد کیا گیا اور اس مقام کو "شط العرب" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ یہ ایک سرحدی علاقہ تھا جہاں سے خلافتِ ابو بکر صدیقؓ میں بھی مسلم افواج اہل فارس پر حملہ آور ہوا کرتے تھے۔ اس دور میں یہاں کچھ خاص آبادی نہ تھی۔ دور دراز علاقوں میں کچھ لوگ آباد تھے اور ان میں بھی اکثر مجوسی یا غیر مسلم لوگ تھے۔ اس علاقے کے دوسری جانب فارس، اہواز اور میسان کے علاقے تھے۔ ابو بکر صدیقؓ کے دور میں قطبہ بن قتادہ الذہلیؓ نے اپنے لشکر کے ہمراہ اس علاقے سے اہل فارس پر حملہ کیا۔ خالد بن ولیدؓ جو کہ اس وقت اسلامی افواج کے سپہ سالار تھے انہوں نے قطبہ بن قتادہؓ کو یہاں کا کمانڈر مقرر کر دیا۔ عمرؓ نے جب خلافت سنبھالی تو سابقون الاولون میں سے عتبہ بن غزوانؓ کو وہاں کا حاکم و کمانڈر مقرر کیا اور ان کو تلقین کی کہ اہواز، فارس اور میسان تک اس علاقے میں مقیم ان کے کافر بھائیوں کی امداد نہ پہنچنے پائے اور ساتھ ہی وہاں کے سابق کمانڈر قطبہؓ سے کہا کہ تم اپنی فوج لے کر عتبہ بن غزوانؓ کے ساتھ شریک ہو جاؤ۔ چنانچہ عتبہؓ اپنے ہمراہ سو مجاہدین کو لے کر مدینہ سے بصرہ روانہ ہوئے اور دوسری جانب قطبہؓ بھی اپنے ہمراہ مجاہدین کو لے کر عتبہؓ سے آن ملے اور دونوں فوجیں مل کر سن 14 ہجری میں بصرہ میں اتریں۔[3]

چونکہ یہ علاقہ سرحدی اہمیت کا حامل تھا چنانچہ عتبہ بن غزوانؓ نے عمر بن خطابؓ سے اس علاقے کو مستقل شہر بنانے اور شہری آبادی میں تبدیل کرنے کی اجازت طلب کی۔ جواباً عمرؓ نے ان کو پانی اور چراگاہوں کے قریب کسی موزوں مقام پر بسیرا کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ عتبہؓ نے اس علاقے کا انتخاب کیا جس کو بصرہ کہا جاتا ہے اور یہاں کے جغرافیہ کے متعلق عمرؓ کو لکھ بھیجا۔ عمرؓ نے وہیں قیام کرنے کا حکم دیا۔ عتبہؓ اور آپؓ کی فوج نے وہاں بانس کی لکڑی اور گھاس پھوس کی مدد سے ایک مسجد تعمیر کی اور مسجد سے کچھ فاصلے پر امورِ حکومت چلانے کیلئے ایک ایوان بنایا۔ چونکہ اس علاقے میں بانس کی پیداوار بہت زیادہ تھی لہٰذا آپؓ کی فوج نے بانسوں کی مدد سے وہاں مزید سات بڑی جھونپڑیاں بنالیں۔ یہ لوگ جب بھی کسی مہم پر روانہ ہوتے تو ان جھونپڑیوں کو اکھاڑ کر رکھ دیا کرتے اور پھر جب مہم سے واپس آتے تو دوبارہ ان بانسوں کو گاڑھ کر جھونپڑیاں کھڑی کر لیتے۔[4] ایسا کرنے کے پیچھے یہ حکمت تھی کہ ان کی غیر موجودگی میں دشمن ان جھونپڑیوں پر قابض ہو کر قدم مضبوط نہ کرلے کیوں کہ نہیں معلوم کہ مہم سر کرنے میں کتنا وقت لگے۔ ایک دفعہ ان جھونپڑیوں میں آگ بھڑک اٹھی اور ساری جھونپڑیاں جل گئیں تو وہاں کے رہائشیوں نے عمرؓ سے اجازت طلب کی کہ ہمیں یہاں پختہ اینٹوں کے مکانات تعمیر کرنے دیں۔ آپؓ نے کچھ عرصہ بعد عتبہؓ کی وفات کے بعد ابو موسیٰ اشعریؓ کے دور حکومت میں ان تعمیرات کی

---

[1] ایضاً۔
[2] ابن منظور، **لسان العرب**، ج4، ص67
[3] بلازری، احمد بن یحیی، **فتوح البلدان**(بیروت: مکتبۃ الهلال1988)، ص332
[4] العمری، **عصر الخلافة الراشدة**، ص249

اجازت دے دی۔ ابو موسیٰ اشعریؓ نے گارے اور کچی اینٹوں کی مدد سے مسجد اور ایوان حکومت نواز سر نو تعمیر کروایااور بانسوں کی چھت ڈلوائی بعد ازاں ان کو پختہ مکانات کی شکل میں بنادیا گیا۔[1]

شروع شروع میں اس شہر کی حالت کچھ ایسی ہی رہی۔ یہ خالصتاً جہادی سرگرمیوں کا مرکز رہا۔ یہاں جہادی قافلے رک کر آرام کرتے، نئے قافلے تیار کیے جاتے اور ان کو عقب سے حفاظت مہیا کی جاتی۔ آغاز میں تو وہاں بسنے والے فقط مجاہدین ہی تھے تاہم بعد میں وہاں متعدد دیگر قبائل اور تاجران بھی وہاں آکر آباد ہوئے اور یہ ایک بڑے شہر کی شکل اختیار کر گیا۔ فارس کے علاقوں ابلہ، دست اور میسان کی فتح کے بعد یہاں تجارتی سرگرمیاں بڑھیں اور اس شہر کی معاشی حالت بہت بہتر ہو گئی۔[2]

## کوفہ

بصرہ کے بعد دوسرا بڑا اور اہم ترین شہر جو فوجی نقطہ نظر سے تعمیر کیا گیا وہ کوفہ تھا۔ تمام مؤرخین کے مطابق اس شہر کے بانیِ اول حضرت سعد بن ابی وقاصؓ تھے۔ سب سے پہلے انہوں نے ہی اس جگہ کا انتخاب کیا تھا اور فتح مدائن کے بعد آپؓ ہی نے اس شہر کا نقشہ تیار کرنے کا حکم دیا تھا۔ جو حکمت عملی اور مصلحتیں بصرہ کی تعمیر کے وقت مد نظر رکھی گئیں وہی کوفہ کی تعمیر کے وقت بھی مد نظر رکھی گئیں کیوں کہ سعد بن ابی وقاصؓ کے پیش نظر سب سے اہم مقصد فوجی اسباب و مصلحتیں تھیں۔[3] چنانچہ عمر فاروقؓ کی مکمل رہنمائی اور ہدایات کے بعد سعدؓ نے شہر کوفہ کی تعمیر و آبادکاری کا آغاز کیا اور فاروقی منہجِ آبادکاری کو مد نظر رکھا۔

کوفہ شہر کے قیام کی ضرورت اس وقت محسوس ہوئی جب عمرؓ نے فتح قادسیہ و فتح مدائن کے بعد وہاں سے پلٹنے والے مجاہدین کے چہروں، رنگ روپ اور صحت کو دیکھا تو آپؓ کو اندازہ ہوا کہ ان علاقوں کی فضا مجاہدین کو موافق نہیں آئی۔ لہٰذا آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کو حکم دیا کہ ان سپاہیوں کے قیام کیلئے کسی ایسے مقام کا انتخاب کریں جہاں کی آب و ہوا اور پانی وغیرہ سپاہیوں اور ان کی سواریوں کے موافق ہو۔ اس کام کیلئے آپ نے سلمان فارسیؓ اور حذیفہ بن یمانؓ کو مامور کیا۔ وہ دونوں کسی بہترین مقام کی تلاش کرتے ہوئے کوفہ پہنچے جو کہ دریائے فرات اور حیرہ کے مابین واقع ہے[4]۔ عربی میں ایسی زمین جو کنکریلی اور ریتیلی ہو اسے کوفہ کہا جاتا ہے اور یہ مقام بھی ایسا ہی تھا لہٰذا اسے کوفہ کہا جاتا تھا۔[5]

جگہ کے انتخاب کے بعد فاروقی فرمان پاکر سعد بن ابی وقاصؓ اپنے لشکر سمیت مدائن سے کوفہ منتقل ہوئے۔ عمرؓ کی خواہش تھی کہ مسلمان وہاں فوجی خیموں کو ہی اپنی رہائش گاہ بنائیں تاکہ کوچ کے وقت آسانی ہو اور اس سے دشمن بھی مرعوب رہیں کہ فوج تیاری حالت میں ہے اور کسی بھی قسم کی ہزیمت یا سنگین صورتحال میں ان خیموں کو سمیٹ کر واپس عرب سرزمین یا دارالخلافہ کی طرف آنے

---

[1] البلازری، **فتوح البلدان**، ص338

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص364

[3] ناجی، عبد الجبار، **دراسات فی تاریخ المدن العربیۃ الاسلامیہ**(بیروت: شركة المطبوعات للتوزيع والنشر 2001)، ص183

[4] ابن اثیر، **الکامل فی التاریخ**، ج2، ص352

[5] ابن منظور، **لسان العرب**، ج9، ص311

میں آسانی ہو۔ تاہم جب کوفہ کے رہائشیوں نے آپؓ سے بانس کے گھر بنانے کی اجازت طلب کی تو آپؓ نے ان کو منع نہ فرمایا اور اجازت دے دی۔ آپؓ نے فرمایا کہ :

"الْعَسْكَرُ أَجَدُّ لِحَرْبِكُمْ وَأَذْكَى لَكُمْ وَمَا أُحِبُّ أَنْ أُخَالِفَكُمْ"[1]

"فوجی چھاؤنی کی زندگی تمھاری لڑائی میں بہت زیادہ مؤثر اور جنگ کو بھڑکانے والی ہے تاہم میں تمھاری مخالفت نہیں کرنا چاہتا"۔

لوگوں نے بانسوں اور سرکنڈوں سے مکانات تعمیر کر لیے۔ تاہم بصرہ کی طرح کوفہ کے مکانات بھی آتشزدگی کے ایک واقعہ میں خاکستر ہو گئے تو لوگوں نے آپؓ کو یہ واقعہ بتا کر اور واقعے میں ہونے والے نقصانات بتا کر آپؓ سے اینٹوں اور گارے کے مکانات تعمیر کرنے کی اجازت مانگی اور آپؓ نے ان کو اجازت دے دی۔ چنانچہ آپؓ کی اجازت پا کر لوگوں نے اینٹوں اور گارے کے مکان تعمیر کیے۔ لیکن اس میں بھی آپؓ نے اونچی عمارتیں بنانے اور تین کمروں سے زیادہ بڑا گھر بنانے سے منع کر دیا۔ ایسا ہی حکم نامہ آپؓ نے اہل بصرہ کی جانب بھی روانہ کیا۔[2]

ابتداءً اس شہر میں بھی فقط مجاہدین اسلام ہی رہائش پذیر تھے لیکن بعد میں فارس سے ایک بڑی جماعت جس کی تعداد چار ہزار تھی، نے سعد بن ابی وقاصؓ سے جزیہ پر صلح کی اور ان سے کوفہ میں رہنے کی اجازت طلب کی جس پر سعدؓ نے ان کو کوفہ میں رہنے کی اجازت دے دی۔ اس جماعت کو "حمراء دیلم" کے نام سے جانا جاتا ہے۔ بعد ازاں عرب سے جلاوطن کیے گئے یہودی اور نجران کے عیسائی بھی یہاں آکر آباد ہوئے، اس جگہ کو "نجرانیہ" محلے کے نام سے جانا جاتا تھا۔[3]

یوں بصرہ کی طرح یہ شہر بھی خوب آباد ہو گیا اور یہاں پر معاشی اور علمی و ادبی سرگرمیاں فروغ پانے لگیں۔ بعد میں یہی دونوں شہر نہ صرف بڑے فوجی مراکز کے طور پر بلکہ علمی مراکز کے طور پر بھی دنیا بھر میں مشہور ہوئے اور اسلامی شان و شوکت کا مظہر بنے جس کی وجہ سے اپنے دور خلافت میں علی بن ابی طالبؓ نے دارالخلافہ یہاں منتقل کر دیا تھا۔

### فسطاط

تیسرا بڑا فوجی اہمیت کا حامل شہر مصر میں فسطاط نامی قائم کیا گیا۔ اور حضرت عمرو بن عاصؓ اس کے بانیِ اول مانے جاتے ہیں۔ فتوحات مصر کے دوران جب آپؓ نے اسکندریہ فتح کر لیا تو مستقل طور پر وہیں قیام کرنے کا ارادہ فرمایا لیکن عمرؓ نے آپ کو حکم دیا کہ کسی ایسی جگہ اپنا ٹھکانہ بناؤ جہاں اگر ہمیں ایک دوسرے تک آنے کی ضرورت پڑے تو درمیان میں کوئی سمندر یا نہر حائل نہ ہو۔ عمرؓ نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو کوفہ کی تلاش کے وقت بھی یہی حکم صادر فرمایا تھا کہ کسی ایسی جگہ قیام کرنا جہاں ہمارے اور تمھارے درمیان سمندر یا کوئی نہر حائل نہ ہو۔ کیونکہ اس دور میں عرب ابھی تک بحری سفر سے مانوس نہ ہوئے تھے اور عمرؓ کو خدشہ تھا کہ کہیں سمندر ہماری افواج کی

---

[1] طبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج4، ص43
[2] ایضاً، ص44
[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص368

نقل و حرکت میں رکاوٹ نہ بن جائے اس لئے آپؓ نے یہ حکم صادر فرمایا۔ لہذا عمرو بن عاصؓ اسکندریہ چھوڑ کر فسطاط میں آبسے۔ آپؓ نے نہایت منظم انداز میں اس شہر کی آبادکاری کی۔ شہر میں قبائلی تقسیم کے اعتبار سے کالونیاں بنائیں اور وسیع و کشادہ سڑکوں کی تعمیر کی۔ مصر کی فتح میں آپؓ کے ساتھ بہت سے غیر عربی قبائل بھی شریک ہوئے تھے اس لئے آپؓ نے ان کیلئے بھی الگ محلوں اور کالونیوں کا نقشہ بنایا۔[1]

## سرت

مصر میں فتوحات کا سلسلہ دراز کرتے ہوئے عمرو بن العاصؓ نے مصر کے مغرب میں واقع ایک شہر زرقہ کو فتح کیا اور اس کو اسلام کا مضبوط قلع بنایا۔ وہاں اچھی طرح قدم جمانے کے بعد آپؓ نے لیبیا کے شہر طرابلس کی جانب پیش قدمی کی اور سب سے پہلے لیبیا کے شہر سرت پر قبضہ کیا جو کہ طرابلس اور زرقہ کے مابین واقع تھا۔ 22 ہجری میں اسی شہر کو مسلمانوں نے ایک مضبوط فوجی چھاؤنی بنالیا اور اس کو اسلامی فوج کا قلعہ قرار دیا گیا۔ عقبہ بن نافعؓ نے اسی عسکری شہر سرت کو اپنا ہیڈ کوارٹر بنایا اور یہاں سے سوڈان، فزان، زویلہ اور ودان کے علاقوں میں لشکر کشی کی۔ چنانچہ یہ شہر بھی اسلامی فوج کیلئے ایک مضبوط چھاؤنی کی حیثیت اختیار کر گیا۔[2]

## دشمن کے چھوڑے ہوئے شہر

ان چند بڑے شہروں کی آبادکاری کے علاوہ شام کے بہت سے علاقے تھے جہاں مسلمانوں کو نئی تعمیرات نہ کرنی پڑیں۔ کیونکہ فتح کے بعد رومی وہاں موجود اپنے گھروں کو خالی چھوڑ کر بھاگ گئے تھے چنانچہ مسلمانوں نے ان پر قبضہ کر لیا اور وہ عمارات بطور مال غنیمت ان کو حاصل ہو گئیں۔ ان مکانات کی موجودگی میں نئے مکان بنانے کی ضرورت پیش نہ آئی اور پھر یہاں پہلے ہی سے عربوں کی بھی ایک اچھی تعداد آباد تھی اور مسلمانوں کے تقریباً سبھی قبائل کے رشتہ دار و حلیف وہاں موجود تھے۔ یہی وجہ تھی کہ شام میں اسلامی فوجوں کی تعداد زیادہ رہی۔[3]

## فوج کی نقل و حرکت کیلئے کشادہ رستے

شہروں کی تعمیر کے دوران عمرؓ نے اس بات کی بھی خصوصی ہدایات کی تھیں کہ راستے کشادہ رکھے جائیں تاکہ افواج کی نقل و حرکت بھی آسان ہو اور وہاں کے رہائشیوں کو بھی مشکل کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ لہذا بصرہ کی بڑی شاہراہ کی چوڑائی 60 ہاتھ اور دیگر چھوٹی سڑکوں کی چوڑائی 20 ہاتھ رکھی گئی۔ جبکہ اندرون شہر کی گلیوں کی چوڑائی 7 ہاتھ رکھی گئی کیونکہ وہ عموماً پیدل آمد و رفت کیلئے استعمال ہوتی تھیں۔ اسی طرح شہر کوفہ میں بڑی شاہراہوں کی چوڑائی 40 ہاتھ اور اس سے چھوٹی 30 ہاتھ اور سب سے چھوٹی شاہراہوں کی چوڑائی 20 ہاتھ رکھی گئی جبکہ گلیوں کی چوڑائی یہاں بھی 7 ہاتھ رکھی گئی۔[4]

---

[1] ابن عبدالحکم، عبدالرحمٰن بن عبداللہ، **فتوح مصر والمغرب**(مکتبۃ الثقافۃ الدینیہ1415ھ)، ص115

[2] ابو عبیہ، طٰہٰ عبد المقصود عبدالمجید، **موجز عن فتوحات الاسلامیہ**،(قاہرہ: دار النشر للجامعات)، ص50

[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص362

[4] یعقوبی، احمد بن اسحاق، **البلدان**(بیروت: دار الکتب العلمیہ1422ھ)، ص149

## مفتوحہ علاقوں میں فوجی چھاؤنیاں

مسلم افواج جب بھی کوئی علاقہ یا شہر فتح کرتیں تو آگے پیش قدمی سے پہلے قبضہ مکمل اور مضبوط کرنے کے بعد وہاں ایک فوجی دستہ مقرر کر دیا جاتا تھا جو اس مفتوحہ شہر کی حفاظت کرتا اور اس بات کا خیال رکھتا کہ افواج کے جانے کے بعد یہاں کوئی بغاوت یا فتنہ سر نہ اٹھائے اور نہ ہی اس شہر کے رہائشی معاہدے کی خلاف ورزی کریں۔ ان ابتدائی اقدامات کے بعد ان علاقوں میں باقاعدہ فوجی چھاؤنی قائم کی جاتی۔ بالخصوص شام کے علاقوں میں عمرؓ نے کئی چھاؤنیاں قائم کیں جنہیں "اجناد" کا نام دیا جاتا تھا۔ ان چھاؤنیوں میں فوجیوں کی رہائش کیلئے بیرکیں تعمیر کی جاتی تھیں۔ گھوڑوں کیلئے وسیع و عریض اصطبل بنائے جاتے جن میں کم از کم ایک وقت میں چار ہزار گھوڑے مکمل ساز و سامان سے لیس اور پوری تیاری کے ساتھ موجود رہا کرتے تھے۔[1] ان انتظامات کا مقصد یہ تھا کہ ہنگامی صورتحال میں 36 ہزار سے زائد گھڑ سوار مجاہدین مہیا کیے جا سکیں۔ اصطبل کے علاوہ ہر فوجی چھاؤنی میں آپؓ گھوڑوں کیلئے وسیع و عریض چراگاہیں بھی بنواتے اور جنگ کیلئے مخصوص گھوڑوں کی رانوں پر "جيش في سبيل الله" کے الفاظ داغ دیے جاتے تھے۔[2]

ان مشہور فوجی چھاؤنیوں میں دمشق، حمص، قنسرین، فلسطین اور اردن کی فوجی چھاؤنیاں شامل ہیں جن کے ذمہ دار جلیل القدر صحابہ کرامؓ ہوا کرتے تھے۔ آپؓ مسلمانوں کی حفاظت پر بے حد حریص تھے اور فرمایا کرتے تھے کہ:

"لَحِمَايَةُ الْمُسْلِمِيْنَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنَ الْغَنِيْمَةِ"[3]

"مال غنیمت کے مقابلے میں مسلمانوں کی حفاظت میرے نزدیک زیادہ محبوب ہے"۔

اسی وجہ سے آپؓ نے سرحدات کو محفوظ ترین بنا دیا۔ سرحدات پر جو جگہیں حساس تھیں وہاں دشمن کی دراندازی سے بچاؤ کیلئے وہاں قائم کردہ فوجی ہیڈ کوارٹرز کو استعمال میں لایا جاتا۔ شام اور مصر کے ساحلی علاقوں میں بھی روم کے بحری حملوں سے بچاؤ کیلئے فوجی چھاؤنیاں قائم کی گئیں تھیں۔ اس کے علاوہ دشمن ملک کی قریبی سرحدوں پر فوجی چوکیوں کے علاوہ مسلمانوں کے زیر قبضہ دشمن کے مفتوحہ قلعے بھی استعمال میں لائے جاتے تھے۔ ان کو فوجی اڈوں اور بیرکوں کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا۔ آپؓ نے فارس کی سرحد پر ہر طرف مسلح فوجی دستے متعین کر دیے اور مثنی بن حارثہؓ کو خط لکھا کہ:

"امَّا بَعْدُ فَاَخْرِجُوا مِن بَيْنِ ظَهْرَانِي الأَعَاجِم، وَتفرَّقُوا فِي الْمِياهِ الَّتي تَلي الأَعَاجِمَ عَلٰى حُدودِ أَرضِكُم وأَرْضِهِم"[4]

"امابعد! عجمیوں کے درمیان سے نکل آؤ اور عراق کی سرحد پر پہنچ کر ایرانیوں کے قریبی ساحل پر پھیل جاؤ"۔

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص 3

[2] نعمانی، شبلی نعمانی، **الفاروق** (کراچی: دارالاشاعت 1981)، ص 242

[3] سلمان کمال، **الادارة العسکریة**، ج 1، ص 352

[4] ابن جوزی، **المنتظم فی تاریخ الامم والملوک**، ج 4، ص 161

اسی طرح آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کو بھی جنگ قادسیہ کے موقع پر لکھا تھا کہ :

"وَلْيَكُنْ مِنْكَ عِندَ دُنُوِّكَ مِنْ أَرْضِ العَدُوِّ أَنْ تُكْثِرَ الطَّلَائِعَ وَتَبُثَّ السَّرايا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُمْ فَتَقْطَعَ السَّرايا أَمْدَادَهُمْ وَمَرَافِقَهُمْ وَتَتْبَعَ الطَّلَائِعُ عَوَرَاتِهِمْ"[1]

"جب تم قادسیہ پہنچ جاؤ تو وہاں کے ہر راستے پر اپنے مسلح فوجی دستوں کو تعینات کر دو"۔

اسی طرح آپؓ نے مہران وانطاق کی فتوحات کے بعد قعقاع بن عمروؓ کو حلوان کی سرحد پر تعینات کیا تاکہ اس علاقے کو ہر قسم کے خارجی و داخلی خطرات سے محفوظ رکھیں۔ یہاں تک کہ آپؓ نے سرحدات کے دفاعی نظام کا جائزہ لینے کیلئے خود شام کا دورہ کیا اور جب آپؓ کو اطمینان ہو گیا تو آپؓ نے فوجیوں سے ان الفاظ میں خطاب فرمایا:

"ألا إنِّي قد وُلِّيتُ عليكم، وقضيتُ الذي علَيَّ في الذي ولّانِي اللهُ من أمرِكم، إن شاءَ اللهُ، قَسَطْنَا بينَكم فَيْئَكم، ومنازِلَكم، ومغازيَكم، وأبلَغْنا ما لَدَيْكم، فجَنَّدْنا لكمُ الجُنودَ، وهيَّأْنا لكمُ الفُرُوجَ، وبَوَّأْناكم، ووسَّعْنا عليكم ما بَلَغَ فَيْئَكم، وما قاتَلْتُم عليه من شامِكم، وسمَّينا لكم أطماعَكم، وأمَرْنا لكم بأعطِياتِكم، وأرزاقِكم، ومغانِمِكم"[2]

"ہم نے تمہارے لیے اسلامی فوج دستیاب کر دی ہے اور تمہاری سرحدوں کو محفوظ بنادیا ہے اور تمھیں وہاں رہائش دی ہے مال غنیمت کا زیادہ سے زیادہ حصہ تمہارے اوپر خرچ کر دیا ہے اور تمہارے لیے تنخواہیں وظائف، عطیات اور غنائم مقرر کر دیے ہیں"۔

آپؓ نے ابو عبیدہؓ کو انطاکیہ کی سرحد پر بھی مجاہدین کی ایک جماعت کو بطور محافظ تعینات کرنے کا حکم جاری کیا اور ان کے وظائف و عطیات جاری رکھے۔ آپؓ کے حکم سے معاویہؓ نے شام کے ساحلی علاقوں میں اطرسوس، مرقیہ، بلنیاس اور بیت سلیمہ نام کے مضبوط حفاظتی قلعے بنوائے۔ سرحد پر نگرانی کیلئے چوکیاں بنوائیں اور وہاں چاک وچوبند پہرے دار مقرر کیے جو اس بات کا دھیان رکھتے کہ دشمن سرحد کے قریب بھی نہ پھٹکنے پائے اور اگر حملہ کرنے کی کوشش بھی کرتا تو متعلقہ چوکی والے آگ جلا کر باقی چوکیوں کو خبر دار کر دیتے اور بہت تھوڑے وقت میں یہ خبر چوکیوں سے فوجی مراکز تک پہنچ جاتی اور فی الفور اس حملے کو روکنے اور اپنا دفاع کرنے کیلئے مرکز سے فوج روانہ کر دی جاتی۔[3]

مصر میں فسطاط کی تعمیر کے علاوہ مصر کے جو قدیم قلعے اور اسلحہ خانے مسلمانوں کے زیر قبضہ آئے تھے انکی تعمیر نو اور مرمت کر کے انہیں اسلامی فوجوں کے مستقل قیام کے قابل بنادیا گیا۔ اسی سلسلے میں مصری سرحد پر واقع شہر عریش میں اس طرز کی پہلی مسلح چوکی کا قیام عمل میں لایا گیا اور پھر دیگر ساحلی علاقوں میں اسی طرح کی چوکیاں قائم ہوئیں۔ عمرو بن العاصؓ نے اسکندریہ کی فتح کے بعد وہاں

[1] النویری، شھاب الدین، **نهاية الارب فى فنون الادب**(قاھرہ: دارالکتب والوثائق القومیۃ1423ھ)، ج6، ص170
[2] ایضاً، ج4، ص65
[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص803

ایک ہزار سپاہی تعینات کیے تھے لیکن رومیوں نے بحری راستے سے دوبارہ اسکندریہ پر حملہ کر کے کچھ لوگوں کو شہید کر دیا اور کچھ لوگوں کو ان کے حملے کی وجہ سے بھاگنا پڑا۔ عمرو بن العاصؓ نے ان کی سرکوبی کیلئے دوبارہ ایک شدید حملہ کر کے سرحد پر قبضہ کیا اور اب کی بار اس کی حفاظت کیلئے لشکر کا ایک چوتھائی حصہ تعینات کر دیا دوسرا چوتھائی حصہ ساحلی پٹی کی نگرانی و حفاظت کیلئے مامور کیا اور باقی نصف فوج کے ساتھ فسطاط میں ٹھہرے رہے۔ اسکندریہ ایک اہمیت کا حامل شہر تھا اسی وجہ سے عمرؓ بھی ہر سال مدینہ سے تازہ دم مجاہدین کا ایک لشکر اس کی حفاظت کیلئے روانہ کرتے تھے۔ اور گورنروں کو بھی غفلت نہ برتنے اور چاک وچوبند دستے تعینات رکھنے کی تلقین کرتے تھے۔[1]

ان مستقل اقدامات کے ساتھ ساتھ عمرؓ ہر سال موسم سرما اور موسم گرما میں گشتی دستوں کی شکل میں سرحدات کی حفاظت کیلئے مہمات روانہ کرتے تھے اور تمام اسلامی سرحدوں کی طرف الگ الگ یہ مہمات روانہ کی جاتیں جن کی قیادت ابوعبیدہ بن جراحؓ، نعمان بن مقرنؓ اور معاویہ بن ابی سفیانؓ جیسے جلیل القدر صحابہ کرامؓ کرتے تھے۔[2]

عمرؓ سرحد پر تعینات فوجیوں کی تنخواہوں اور راشن میں بھی اضافہ کر دیتے تھے اور جنگوں میں حاصل ہونے والے مال غنیمت میں سے بھی جنگ میں شریک سپاہیوں کے برابر سرحدی محافظوں کا حصہ نکالتے تھے۔ کیونکہ فوجوں کے چلے جانے کے بعد یہی تو مسلمان رعایا کے محافظ ہوتے تھے اور فوج کے عقب کی بھی حفاظت کرتے تھے۔ اسی لیے آپؓ نے اپنی آخری وصیت میں اپنے بعد خلیفہ بننے والے کیلئے وصیت کی کہ:

"وَأُوْصِي الخَلِيفَةَ مِنْ بَعْدِي بِأَهْلِ الأَمْصَارِ خَيْرًا فَإِنَّهُمْ رِدْءُ الإِسْلَامِ وَجبَاةُ المالِ وَغَيْظُ العَدُوِّ"[3]

"میں اپنے بعد والے خلیفہ کو عسکری شعبے سے وابستہ افراد کے ساتھ حسن سلوک کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہی لوگ اسلام کے پاسبان اموال کو درآمد کرنے والے اور دشمنوں کو مرعوب کرنے والے ہیں"۔

اپنے ان اقدامات کے ساتھ عمرؓ نے عراق، شام اور مصر تینوں علاقوں کی زمینی حدود کو مکمل محفوظ بنا کر اپنی دوراندیشی اور بالغ نظری کا ثبوت دیا۔

---

[1] ابن عبد الحکیم، **فتوح مصر والمغرب**، ص192
[2] الشیخ، **عمر بن الخطاب**، ص535
[3] ابن جوزی، **مناقب امیرالمؤمنین**، ص 217

# فصل ثالث: فوجیوں کے حقوق

عمرؓ کے دور میں عسکری ادارہ بہت تیزی سے منظم ہوا۔ آپؓ کا دورِ خلافت اسلامی فتوحات اور بہترین انتظامی اصلاحات کے حوالے سے ایک مثالی دور سمجھا جاتا ہے۔ اس دور میں اسلامی فوج کو شاندار کامیابیاں ملی۔ جس کی وجوہات میں سے ایک اہم اور بنیادی وجہ حضرت عمرؓ کا فوج کے ساتھ حسن سلوک اور ان کے حقوق کی ادائیگی کا منظم نظام تھا۔ جہاں آپؓ نے ہر قسم کے انتظامی امور کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کی وہیں آپؓ اپنے فوجیوں کی ضروریات اور ان کے حقوق سے بھی غافل نہ رہتے تھے۔ آپؓ نے فوجیوں کیلئے بہت سے حقوق واضح کیے اور نہ صرف خود ان کو ادا کیا بلکہ اپنے خطوط و نصائح میں والیان ریاست اور امراء لشکر کو بھی فوجیوں کے حقوق ادا کرنے کی تلقین کرتے رہے۔ آپؓ نے فوجیوں کی مالی، جسمانی اور اخلاقی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کئی اصلاحات نافذ کیں جن سے اسلامی فوج ایک منظم اور مؤثر ادارہ بن گئی۔ جو نہ صرف میدان حرب وضرب میں کامیابیاں حاصل کرتی بلکہ اپنے اعلیٰ اخلاقی قدروں کی پاسبان بھی تھی۔ فوجیوں کے حقوق میں سے چند ذیل میں ہیں۔

## سپاہیوں کی تیاری کا جائزہ لینا

عمرؓ فوجوں کو روانہ کرنے کے بعد ان کے حالات سے غافل نہیں ہوا کرتے تھے بلکہ آپؓ کی پوری توجہ اور دھیان انہی کی جانب رہتا تھا۔ آپؓ کا ایک فرمان ہے کہ میں نماز ادا کر رہا ہوتا ہوں اور اسی دوران اپنی فوج بھی تیار کرتا رہتا ہوں۔ آپؓ کو فوج کی یہ فکر اس لیے رہتی تھی کیونکہ امیر المؤمنینؓ ہونے کی حیثیت سے آپؓ صرف خلیفہ ہی نہیں بلکہ فوج کے سپریم کمانڈر یا امیر جہاد بھی تھے۔ آپؓ جب اپنے امراء کو قیادت سونپتے اور انہیں جنگ پر روانہ کرتے تو خود تمام حالات پر نظر رکھتے اور اپنے لشکر اور ان کے امراء کو نصیحت فرماتے۔ آپؓ کی انہی نصیحتوں میں سے ایک مشہور قول یہ ہے کہ:

"اتّزورا وارتَدُوا وانتعلوا، وألقوا الخفاف والسراويلات وألقوا الرُّكُبَ وانْزُوا نزواً وعليكم بالَمعَدّية وَارْمُوا الأَغْراضَ، وَذَرُوا التَّنَعُّمَ وَزِيَّ العَجَمِ، وَإِيَّاكُمْ وَالحَرِيرَ، وَلَنْ تَخُورَ قُوَاكُمْ مَا نَزَوْتُمْ وَنَزَعْتُمْ عَلَى ظُهُورِ الخَيْلِ، وَنَزَعْتُمْ بِالقِسِيِّ "[1]

"کمر بستہ ہو جاؤ اپنے کپڑوں اور جوتوں کو اچھی طرح کس لو نشانے ٹھیک ٹھیک درست کر لو اپنی سواریوں کو خود سے مانوس کر لو اور گھوڑوں پر چھلانگ لگا کر سوار ہونے کی کوشش کرو اور اپنے لیے ہمیشہ عربی گھوڑوں کا انتخاب کرو۔ عیش پرستی کو ترک کر دو اور عجمیوں کا لباس نہ پہنو۔ جب تک تم چھلانگ لگا کر گھوڑوں پر سوار ہوتے رہو گے اور کمانوں میں تیر بھرتے رہو گے تب تک تمہاری طاقت اور قوت کمزور نہیں ہو سکتی"۔

[1] الشیبانی، **مسند احمد**، اول مسند عمر بن الخطاب، ح301

آپؓ کے ان اقوال اور دیگر حالات سے یہ بات خوب واضح ہو جاتی ہے کہ آپؓ ہمہ وقت اپنے سپاہیوں کی فکر میں اور جنگ کی تیاریوں میں اور غلبہ اسلام کی منصوبہ بندی میں مصروف رہتے تھے۔ آپؓ سپاہیوں کی جنگی تربیت مثلاً نشانہ بازی، تیر اندازی، گھڑ سواری وغیرہ کے حوالے سے خبر دار رہتے تھے۔ نہ صرف آپؓ خود بلکہ آپؓ کے مقرر کردہ امرائے لشکر بھی آپؓ کی اسی سنت پر عمل کرتے ہوئے اپنے فوجوں کا مکمل دھیان رکھتے اور اپنی فوج کے بارے میں بالکل آپؓ کے جیسا کردار ادا کرنے کی کوشش کرتے چاہے وہ جنگ کا میدان ہو یا جنگی تیاریوں کا وقت۔ مصری فوج کے امیر عمرو بن عاصؓ اپنی فوجوں کو جب بھی خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے تو اس بات پر ترغیب دیتے کہ:

"وَأَرْبِعُوا خَيْلَكُمْ، وَأَسْمِنُوهَا، وَصُونُوهَا، وَأَكْرِمُوهَا، وَلَا أَعْلَمَنَّ مَا أَتَى رَجُلٌ قَدْ أَسْمَنَ جِسْمَهُ، وَأَهْزَلَ فَرَسَهُ، وَاعْلَمُوا أَنِّي مُعْتَرِضٌ الخَيْلَ كَاعْتِرَاضِ الرِّجَالِ، فَمَنْ أَهْزَلَ فَرَسَهُ مِنْ غَيْرِ عِلَّةٍ حَطَطْتُهُ مِنْ فَرِيضَتِهِ قَدْرَ ذَلِكَ"[1]

"اپنے گھوڑوں کو اچھی طرح کھلا پلا کر موٹا تازہ کر لو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو مال غنیمت میں سے تمہارا حصہ کم کر دیا جائے گا اور مجھے تم میں سے کسی شخص کے بارے میں یہ اطلاع موصول نہ ہو کہ وہ خود تو صحت مند ہے لیکن اس کا گھوڑا کمزور ہے۔ میں خود اچھی طرح سے گھوڑوں کا معائنہ کروں گا جس طرح تمام فوجیوں کا کرتا ہوں لہٰذا اگر کسی کا گھوڑا مجھے کمزور نظر آیا تو میں اس کا مال غنیمت میں سے حصہ کم کر ڈالوں گا"۔

اس کے ساتھ ساتھ آپؓ دشمن کے سامنے اپنی قوت کا اظہار کرنے میں بھی پیش پیش رہتے تھے اور صحابہ کرامؓ کو بھی اس کی تلقین کرتے تھے۔ جب آپؓ نے شام کا سفر کیا اور وہاں پر سیدنا معاویہؓ کو شاہانہ شان و شوکت اور عمدہ لباس پہنے ہوئے محافظوں کی معیت میں دیکھا تو آپؓ نے اس چیز کو ناپسند فرمایا اور معاویہؓ کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ اے معاویہ کیا یہ کسریٰ کی بادشاہی کا اثر ہے تمہارے اوپر؟ انہوں نے جواب دیا کہ اے امیر المؤمنینؓ دراصل میں ایسی سرحد پر رہتا ہوں جو دشمن کی نگاہوں کے بالکل سامنے ہے۔ جہاد اور اسلحے وغیرہ سے لیس ہو کر ہمیں ان کو مرعوب کرنے کی بہت ضرورت ہے چنانچہ آپؓ یہ سن کر خاموش ہو گئے اور انہیں کچھ نہیں کہا کیونکہ اس میں دین حق کا غلبہ اور مسلمانوں کی شان و شوکت کا اظہار تھا۔[2]

## دوران سفر فوجیوں کے آرام کا خیال رکھنا

جہاں پر عمرؓ غلبہ اسلام اور سلطنت اسلامیہ کی وسعت پر حریص تھے وہیں پر عمرؓ اپنے سپاہیوں کی صحت سلامتی اور ان کے آرام کے متعلق بھی فکر مند رہتے تھے۔ چنانچہ آپؓ اپنے سالاروں کو اس حوالے سے مسلسل نصیحت فرماتے رہتے تھے۔ جیسا کہ آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کے نام خط لکھا اور انہیں حکم دیا کہ:

---

[1] ابن عبد الحكيم، **فتوح مصر والمغرب**، ص167

[2] النویری، **نهاية الارب فی فنون الادب**، ج6، ص168

"وترفّق بِالمسْلِمِينَ فِي مَسِيْرِهِم، ولا تُجَشِّمْهُم مسيرًا يُتْعِبُهُم، ولا تُقَصِّرْ بهم عن منزلٍ يرفق بهم حتى يبلغوا عدوّهم، والسفرُ لم يُنْقِصْ قوّتَهم، فإنّهم سائرون إلى عدوٍّ مُقيمٍ، حامِ الأنفسِ والكُراعِ، وأَقِمْ بمن معك في كلِّ جُمعةٍ يومًا وليلةً، حتى تكونَ لهم راحةٌ يُجَمُّون فيها أنفسَهم، ويُرَمُّون أسلحتَهم وأمتعتَهم، ونَحِّ منازلَهم عن قُرى أهلِ الصُّلحِ والذِّمَّةِ"[1]

"سفر کے دوران فوج کے ساتھ نہایت نرمی سے پیش آؤ، انہیں مسلسل اتنانہ چلاؤ کہ وہ تھکاوٹ سے چور ہو جائیں اور دوران سفر انہیں آرام دہ اور سہولت والی جگہ پر ٹھہرنے سے نہ روکو تاکہ دشمن کا مقابلہ کرنے کے لیے ان کی قوت وطاقت بحال رہے کیونکہ وہ ایک ایسے دشمن کا مقابلہ کرنے جارہے ہیں جو کہ اپنے گھر میں مقیم ہے اور ان کی فوج اور سواریاں تازہ دم ہیں جبکہ ہمارے سپاہی مسافر ہیں، سفر کے دوران ہفتے میں ایک رات اور دن ضرور قیام کرو تاکہ فوج کو آرام کرنے کا اور اپنے ہتھیاروں اور سامان کو درست کرنے کا موقع مل سکے اور جن قوموں قبیلوں اور لوگوں سے تمہارا معاہدہ ہو چکا ہے ان کے علاقوں سے دور پڑاؤ ڈالو"۔

اسی طرح آپؓ نے شام کے علاقے میں اسلامی فوج کی کمک کے لیے جب مدینہ سے ایک لشکر روانہ کیا تو ان کا سالار سعید بن عامرؓ کو مقرر کیا۔اس لشکر میں جن لوگوں کے پاس سواری یا سفر کا سامان دستیاب نہیں تھا آپؓ نے ریاست کی طرف سے ان کو سواری اور سامان سفر مہیا کروایا۔جب سعید بن عامرؓ فوج کو لے کر روانہ ہونے لگے تو عمرؓ نے ان کو روکا اور فرمایا کہ میں تمہیں کچھ نصیحت کرنا چاہتا ہوں پھر آپؓ خود چل کر فوج کی طرف گئے اور کہا:

"يا سَعِيدُ، إِنِّي وَلَّيْتُكَ هٰذَا الجَيْشَ، وَلَسْتَ بِخَيْرِ رَجُلٍ فِيهِم، إِلَّا أَنْ تَتَّقِيَ اللهَ، فَإِذَا سِرْتَ، فَارْفُقْ بِهِمْ مَا اسْتَطَعْتَ، وَلَا تَشْتِمْ أَعْرَاضَهُمْ، وَلَا تَحْتَقِرْ صَغِيرَهُمْ، وَلَا تُؤْثِرْ قَوِيَّهُمْ، وَلَا تَتَّبِعْ سِوَاكَ، وَلَا تَسْلُكْ بِهِمُ المغَاوِرَ، وَاقْطَعْ بِهِمُ السَّهْلَ، وَلَا تَرْقُدْ بِهِمْ عَلَى جَادَّةِ الطَّرِيقِ، وَاللهُ تَعَالَى خَلِيفَتِي عَلَيْكَ، وَعَلَى مَنْ مَعَكَ مِنَ المسْلِمِينَ"[2]

"اے سعید میں نے تمہیں اس لشکر کا سالار بنایا ہے، ان تمام لوگوں پر تمہیں صرف اور صرف تقوی کی بنیاد پر فضیلت حاصل ہے اس لیے جب تم ان کو لے کر سفر کرو تو اپنی وسعت کے مطابق ان کے ساتھ نرمی کرنا، انہیں ہر گز برا بھلا نہ کہنا، جو کمزور اور چھوٹا ہو اسے نظر انداز مت کرنا اور صرف طاقتوروں کو ہی ترجیح نہ دینا، اپنے علاوہ دوسروں کی ٹوہ اور جاسوسی میں مت لگے رہنا اور انہیں ہلاکت کے راستے پر مت ڈالنا بلکہ آسان راستے سے لے کر سفر کرنا، رات کے وقت کسی بھی شاہراہ پر قیام نہ کرنا، میری غیر موجودگی میں اللہ ہی تمہارا اور تمہارے لشکر کا محافظ ہے"۔

---

[1] النویری، **نهاية الارب في فنون الادب**، ج6، ص169

[2] الازدی، محمد بن عبداللہ، **كتاب فتوح الشام**(کلکتہ:بپتست مشن1854)، ص166

## کوچ کے وقت سپاہیوں سے ملنا

عمرؓ جب فوج کو روانہ ہونے کا حکم دیتے تو آپؓ خود فوج میں جا ملتے اور ان میں سے ہر شخص سے ملاقات کرتے، انہیں اعلیٰ اخلاق اختیار کرنے اور صبر واستقامت، تقوٰی اور دشمن کے مقابلے میں ڈٹ جانے کی تلقین کرتے اور انہیں جہاد پر ابھارتے اور شہادت کے فضائل بتاتے، آپؓ نے لشکر سے ملاقات کے دوران سعد بن ابی وقاصؓ کو حکم دیا کہ:

"اَمَرَ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ بِالْوَفَاءِ مَعَ الأَعْدَاءِ حِينَ طَلَبُوا الأَمَانَ، وَأَنْ لَا يَغْدِرُوا، وَبَيَّنَ لَهُ أَنَّ الخَطَأَ فِي الغَدْرِ هَلَكَةٌ، وَوَهْنٌ لَهُ، وَقُوَّةٌ لِلأَعْدَاءِ، وَحَذَّرَهُ أَنْ يَكُونَ شَيْئًا عَلَى المسْلِمِينَ، وَسَبَبًا لِتَوْهِينِهِمْ"[1]

"ایسا دشمن جو امان کا مطالبہ کرے تو اسے امان دے دینا اور وعدے کی پاسداری کرنا وعدہ خلافی نہ کرنا کیونکہ وعدہ خلافی تمہارے لیے بزدلی اور تباہی کی نشانی ہے اور تمہارے دشمن کے لیے طاقت کا ذریعہ ہے۔ مسلمانوں کے لیے کبھی بھی بدنامی اور بے عزتی کا باعث نہ بننا"۔

## دوران جنگ غلطی سے درگزر کرنا

جنگ ایک حساس اور نازک معاملہ ہے۔ دوران جنگ سپاہیوں کے جذبات عروج پر ہوتے ہیں اور ایسے میں ان سے کسی غلطی کا امکان نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ اس حوالے سے عمرؓ کی یہ تلقین تھی کہ دوران جنگ اگر کوئی سپاہی یا کوئی قائد امیر لشکر کی کچھ مخالفت کرلے یا کوئی اور غلطی کرلے تو اختلاف سے بچنے کے لیے اور دلجمعی سے جنگ کرنے کے لیے اس کی غلطی کو نظر انداز کر دیا جائے۔ اسی سلسلے میں عمرؓ اپنے کمانڈروں کو یہ نصیحت کرتے تھے کہ کسی بھی فوج یا سریہ کا امیر دوران جنگ کسی سپاہی پر حد کا نفاذ نہ کرے، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ شیطانی غلبے میں آکر کفار سے جا ملے۔ ایسا ہی ایک واقعہ ایک دفعہ پیش آیا جب آپؓ نے سلمان بن ربیعہ باہلیؓ کی امارت میں ایک اسلامی فوج روانہ کی، اس میں سلمانؓ کی معیت میں طلیحہ بن خویلد اسدیؓ اور عمرو بن معدیکربؓ بھی شامل تھے۔ کسی مسئلے پر عمرو بن معدیکربؓ اور سلمان بن ربیعہؓ کے درمیان بحث وتکرار ہوگئی۔ عمرؓ کو اس معاملے کی خبر ملی تو آپؓ نے سلمانؓ کی طرف یہ خط لکھا کہ عمرو بن معدیکربؓ کے ساتھ تمہارے غلط رویے کی اطلاع مجھے مل چکی ہے، تم نے یہ اچھا کام نہیں کیا اور نہ ہی ان سے اچھا سلوک روا رکھا، تم اس وقت دار الحرب میں ہو اور جب جنگ کی حالت میں ہو تو طلیحہؓ اور عمروؓ کو خاص اہمیت اور مقام دو، ان دونوں سے مشورہ لو اور ان کو اپنے ساتھ ساتھ رکھو کیونکہ جنگ کے بارے میں وہ دونوں وسیع علم اور تجربہ رکھتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی آپؓ نے دوسرا خط سلیمانؓ کے ماتحت عمرو بن معدیکربؓ کو بھی بھیجا اور اس میں لکھا کہ:

"أَمَّا بَعْدُ، فَقَدْ بَلَغَنِي اقْتِحَامُكَ لِأَمِيرِكَ، وَشَتْمُكَ لَهُ، وَإِنَّ لَكَ لَسَيْفًا تُسَمِّيهِ الصَّمْصَامَةَ، وَإِنَّ لِي سَيْفًا أُسَمِّيهِ الْمُصَمِّمَ وَإِنِّي أَحْلِفُ بِاللَّهِ، لَوْ قُدِرَ لِي وَوَضَعْتُهُ عَلَى هَامَتِكَ، لَا أَرْفَعُهُ حَتَّى أَقُدَّكَ"[2]

---

[1] سلمان کمال، **الادارة العسكرية**، ج1، ص179

[2] العسكری، حسن بن عبدالله، **الاوائل**(طنطا:دار البشير 1408ھ)، ص309

"امابعد تم نے جو امیرِ لشکر سے بحث و تکرار اور طعن و تشنیع کی ہے اس کی اطلاع مجھے مل چکی ہے تمہارے پاس جو تلوار ہے تم نے اس کا نام صمصامہ رکھا ہے اور میرے پاس جو تلوار ہے میں نے اس کا نام مصمّم رکھا ہے اور میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اگر میں نے اسے تمہاری گردن پر رکھ دیا تو اس سے تمہارا سر توڑ ڈالوں گا"۔

جب عمرو بن معدیکربؓ کو یہ خط موصول ہوا تو وہ کہنے لگے اللہ کی قسم یقیناً عمرؓ ایسا کر گزریں گے۔ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دوران جنگ آپؓ کسی بھی قسم کے باہمی اختلاف کے حق میں نہ تھے اور فوراً اس کی سرکوبی کر دیا کرتے تھے۔ چنانچہ آپؓ نے فوری طور پر امیرِ لشکر کی بھی سرزنش کی اور عمرو بن معدیکربؓ کی بھی سرزنش کی تاکہ یہ فتنہ یہیں پر دب جائے۔

ایک دوسرے واقعے میں جب عیاض بن غنمؓ کی امارت میں "رہا" فتح ہوا تو یزید بن ابی سفیانؓ نے عمرؓ کے حکم پر ایک فوج بطور کمک عیاضؓ کی جانب روانہ کی۔ جس کے امیر بسر بن ابی ارطاۃ عامری تھے۔ جب یہ دارالحرب میں مقام جنگ پر پہنچے تو عیاضؓ اور بسر کے درمیان کچھ اختلاف ہو گیا۔ عیاضؓ کو امدادی فوج کی کچھ ضرورت نہ تھی اس لیے بسر سے کہا کہ اپنا لشکر لے کر واپس روانہ ہو جاؤ مجھے تمہاری کچھ ضرورت نہیں ہے، عمرؓ کو جب اس بات کی خبر ملی تو آپؓ نے عیاضؓ کے نام خط لکھا اور ان سے پوچھا کہ بتاؤ اس معاملے کی کیا وجہ تھی جبکہ وہ فوج تمہاری ہی مدد کے لیے آئی تھی اور دشمن پر رعب ڈالنے کے لیے آئی تھی تاکہ وہ خوفزدہ ہو جائیں اور شکستہ دل ہو جائیں۔ عیاضؓ نے اس خط کے جواب میں لکھا کہ :

"میں اس بات سے ڈر گیا تھا کہ کہیں ہمارے سپاہی بغاوت نہ کر جائیں اور ان میں اختلاف پیدا نہ ہو جائے اور چونکہ مجھے کمک کی زیادہ ضرورت بھی نہ تھی اس لیے میں نے ان سے معذرت کرتے ہوئے انہیں واپس جانے کو کہا اور ان کو میرا واپس کرنے کا مقصد بھی فقط یہی تھا کہ میرے لشکر میں کوئی انتشار پیدا نہ ہو"۔ سیدنا عمرؓ نے یہ سن کر ان کی بات کو تسلیم کر لیا اور ان کے لیے دعا کی۔[1]

## پڑاؤ اور سفر کے دوران لشکر پر محافظوں کی تقرری

عمرؓ اپنے سپاہیوں کی حفاظت کے معاملے میں حد درجہ فکرمند رہتے تھے اور اسی حفاظتی نقطہ نظر سے لشکر کی روانگی کے وقت اور دوران پڑاؤ ان پر پہرے داری کا بہت اہتمام کرتے تھے۔ آپؓ اپنے امراء کو حکم دیتے تھے کہ دشمن کی طرف سے اچانک حملے سے ہمیشہ ہوشیار رہیں، لشکر کے کوچ اور پڑاؤ کے دوران ان کی حفاظت کیلئے پہرے دار تعینات کریں۔ چنانچہ آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کو مراسلہ لکھا کہ :

"ثُمَّ أَذِكْ أَحْرَاسَكَ عَلَى عَسْكَرِكَ، وَتَحَفَّظْ مِنَ البَيَاتِ جُهْدَكَ، وَلَا تُؤْتَ بِأَسِيرٍ لَيْسَ لَهُ عَهْدٌ إِلَّا ضَرَبْتَ عُنُقَهُ لِتَرْهَبَ بِذَلِكَ عَدُوَّ اللَّهِ وَعَدُوَّكَ "[2]

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص794

[2] ابن عبد ربہ، احمد بن محمد، **العقد الفريد**(بیروت: دارالکتب العلمیة1404ھ)، ج1، ص118

"اپنے لشکر پر پہرے دار تعینات کرواور حتی الوسع دشمن کے شب خون سے ہوشیار رہو، اگر تمہارے پاس کوئی ایسا قیدی لایا جائے جس کے ساتھ ابھی تک امان کا معاہدہ نہ ہوا ہو تو اس کی گردن اڑا دو تاکہ دشمن کے دل میں ڈر بیٹھ جائے"۔

اس کے ساتھ ساتھ دشمن کے حالات سے باخبر رہنے اور چوکنا رہنے کیلئے آپؓ قائدین کو جاسوس بھیجنے اور محافظ فوجی دستوں کو علاقے میں پھیلا دینے کی تلقین کرتے تاکہ دشمن کی تعداد اور استعداد اور اس کے ارادوں سے باخبر رہا جاسکے۔ اسی سلسلے میں آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کی جانب خط لکھا کہ:

"وَإِذَا وَطِئتَ أَدْنىَ أَرْضِ العَدُوِّ، فَأَذِك العُيُونَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُمْ، وَلَا يَخْفَ عَلَيْكَ أَمْرُهُمْ الخ"[1]

"جب دشمن کی سرزمین پر پہنچ جاؤ تو حالات سے باخبر رہنے کیلئے جاسوس بھیجو اور دشمن کے حالات سے پوری طرح باخبر رہو، دشمن کے علاقے کے نزدیک پہنچ کر فوجی دستے اور رسالے دشمن اور اپنے درمیان پھیلا دو تاکہ یہ فوجی امداد اور رسد و کمک دشمن تک نہ پہنچنے دیں۔ چھوٹے دستے دشمن کے فوجی راز معلوم کریں اور ان کیلئے ایسے افراد کا انتخاب کرو جو دلیر و بہادر اور قوت فیصلہ رکھنے والے ہوں، ان کو سبک رفتار گھوڑے مہیا کرو اور اگر دشمن سے انکی مدبھیڑ ہو جائے تو تمہاری رائے ان کو طاقت دے"۔

اس نصیحت سے جاسوسی کی اہمیت معلوم ہوتی ہے کہ جس کی بدولت نہ صرف اپنی حفاظت کی جاسکتی ہے بلکہ دشمن کے قیمتی راز حاصل کر کے اس کے خلاف مناسب حکمت عملی بھی تیار کی جاسکتی ہے۔ اس مقصد کیلئے آپؓ کثیر سرمایہ خرچ کیلئے بھی تیار ہو جاتے تھے۔ جیسا کہ عمیر بن سعد انصاریؓ جو کہ ایک شامی علاقے کے حاکم تھے، نے آکر امیر المؤمنینؓ سے شکایت کی کہ ہمارے اور اہل روم کے درمیان "عرب سوس" نامی ایک شہر آباد ہے۔ وہاں کے لوگ ہمارے راز کی اطلاع دشمن کو دے دیتے ہیں لیکن دشمن کے راز ہم تک نہیں پہنچاتے۔ ہمیں ان کے ساتھ کیا معاملہ کرنا چاہیے؟ آپؓ نے فرمایا کہ واپس جا کر ان کو پیشکش کرو کہ ہم اہل روم کے برعکس تمہیں زیادہ معاوضہ یعنی ایک بکری کے بدلے دو بکریاں اور ایک اونٹ کے بدلے دو اونٹ غرض ہر چیز دگنی دیں گے تم اپنے اس عمل سے باز آجاؤ۔ پھر اگر وہ قبول کرلیں تو ان کو یہ اشیاء مہیا کرتے رہو اور اگر وہ منظور نہ کریں تو انہیں ایک سال تک کی مہلت دو اور اس کے بعد ان کا وہ شہر اجاڑ دو۔

عمیر بن سعدؓ نے واپس آکر ان کے سامنے یہ پیشکش رکھی لیکن انہوں نے ماننے سے انکار کردیا، پھر آپؓ نے انہیں ایک سال کی مہلت دینے کے بعد ان کا شہر اجاڑ دیا۔[2]

---

[1] ایضاً

[2] البلاذری، **فتوح البلدان**، ص157

## فوج کے پڑاؤ کیلئے مناسب مقام کا انتخاب

فوجیوں کی حفاظت اور ان کی سواریوں کی ضروریات کے پیش نظر آپؓ اس بات کی بھی تلقین کرتے کہ پڑاؤ کیلئے ہمیشہ ایسے مقام کا انتخاب کیا جائے جو ہر لحاظ سے محفوظ ہو اور جہاں پانی وافر مقدار میں دستیاب ہو۔ چنانچہ آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کو نصیحت کی کہ:

"ثُمَّ لَا تُعَاجِلْهُمْ المُنَاجَزَةَ، مَا لَمْ يَسْتَكْرِهْكَ قِتَالٌ، حَتَّى تُبْصِرَ عَوْرَةَ عَدُوِّكَ وَمُقَاتِلِهِ، وَتَعْرِفَ الأَرْضَ كُلَّهَا كَمَعْرِفَةِ أَهْلِهَا"[1]

"جب تک تمہیں میدان جنگ کی جغرافیائی حالت، وہاں پہنچنے اور وہاں سے نکلنے کے تمام راستوں اور پانی کی وافر مقدار میں دستیابی کا علم نہ ہو جائے تب تک ہر گز جنگ نہ چھیڑو"۔

کیونکہ یہ امور جنگ کیلئے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں۔ میدان کی جغرافیائی حالت دشمن پر حملہ کرنے یا دشمن کو اپنی مرضی کی جگہ پر لڑانے کیلئے بہت اہم کردار ادا کرتی ہے تو وہیں پر راستوں کا علم چھاپہ مار دستوں کی کاروائی اور ہزیمت کی صورت میں محفوظ انخلاء کیلئے بہت ضروری ہے اور ان سب سے بڑھ کر پانی کی دستیابی جو جنگ کی بنیادی ضرورت ہے جس کے بغیر جنگی سپاہی اور جنگی سواریاں دونوں ہی زندہ نہیں رہ سکتے۔

## تقویٰ و پرہیزگاری کی ترغیب

اللہ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمایا کہ:

"وَمَا أَصَابَكُم مِّن مُّصِيبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ أَيْدِيكُمْ وَيَعْفُو عَن كَثِيرٍ"[2]

"اور تمہیں جو بھی تکلیف پہنچتی ہے وہ تمہارے اپنے ہی اعمال کی وجہ سے پہنچتی ہے اور اللہ بہت کچھ تو معاف ہی کر دیتا ہے"۔

اس آیت کی روشنی میں عمرؓ اپنی افواج کو تقویٰ و پرہیزگاری کی مسلسل تلقین کرتے۔ آپؓ یہ بات جانتے تھے کہ لشکر کو دشمن اتنا نقصان نہیں پہنچا سکتا جتنا کہ اپنے گناہ نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ اور ان کے لشکر کو ان الفاظ میں نصیحت فرمائی کہ:

"امابعد! میں تمہیں اور تمہارے لشکر کو ہر حالت میں تقویٰ اختیار کرنے کا حکم دیتا ہوں کیونکہ اللہ کا ڈر اور تقویٰ ہی دشمن کو شکست دینے کا سب سے بڑا ہتھیار اور جنگ کی سب سے زبردست چال ہے۔ میں تمہیں اور تمہاری فوج کو تلقین کرتا ہوں کہ اپنے دشمن سے جتنا زیادہ بچنے کی کوشش کرتے ہو اس سے کہیں زیادہ اللہ کی نافرمانی سے بچنے کی کوشش کرنا کیونکہ لشکر کو دشمن اتنا نقصان نہیں پہنچا سکتا جتنا خود اپنے گناہ پہنچا سکتے ہیں"۔[3]

---

[1] ابن عبد ربہ، **العقد الفريد**، ج1، ص118

[2] الشوریٰ:30

[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص798

اسی مقصد کیلئے ان کو جہاد پر قرآن و حدیث میں موجود ثواب الٰہی اور اجر عظیم کی خوشخبریاں سنائی جاتی تھیں اور ان کو مال غنیمت کی طرف رغبت دلائی جاتی۔ جیسا کہ جنگ قادسیہ کے موقع پر سعد بن ابی وقاصؓ نے اپنی فوج کو ثواب اور مجاہدین اسلام کیلئے جنت کی نعمتوں کے حصول کیلئے ابھارا۔ انہیں جہاد کی ترغیب دی اور فرمایا کہ :

"اللہ نے اپنے رسول ﷺ سے اسلام کی سربلندی اور فتح کا وعدہ کر رکھا ہے اور عنقریب تمہارے ہاتھوں میں وافر مال غنیمت ہو گا اور دشمن ممالک پر فتح کے پھریرے لہرائیں گے"۔ پھر آپ نے حفاظ قرآن کو سورۃ الانفال کی تلاوت کرنے کا حکم دیا۔[1]

کیونکہ اس سورۃ میں جہاد کے متعلقہ احکامات اور مجاہدین کیلئے جنت کے وعدے ہیں۔ اسی طرح عمرو بن عاصؓ کی ایک مشہور نصیحت جو انہوں نے فلسطینی افواج کو کی تھی کہ :

"فَمَن قُتِلَ كَانَ شَهِيدًا، وَمَن عَاشَ كَانَ سَعِيدًا "[2]

"آج جو قتل کر دیا جائے گا وہ شہید ہو گا اور جو زندہ رہے گا وہ بھی خوش نصیب ہے"

اس کے بعد انہوں نے بھی لشکر کو قرآن کی تلاوت اور صبر کی تلقین کی اور ثواب اور جنت کی رغبت دلائی"۔

## فوج کو زراعت و تجارت سے دور رکھنا

کسی بھی مسلح فوج کے قیام کا بنیادی مقصد سرحدات کی حفاظت کرنا اور دشمن کے حملوں سے دفاع کرنا ہوتا ہے۔ اور اس کیلئے ضروری ہے فوج کی توجہ اپنے مرکز و ہدف پر مرکوز رہے۔ اگر وہ دنیا اور دنیاوی مال و اسباب کی محبت میں گرفتار ہو جائیں تو اپنے مقصد سے غافل ہو جاتے ہیں لہذا ان کو مناسب تنخواہ و وظیفہ اور بنیادی سہولیات فراہم کرنا ضروری ہوتا ہے تاکہ وہ معاشی فکر سے آزاد رہیں۔ یہی بات عمرؓ کے پیش نظر بھی تھی چنانچہ آپؓ امراء لشکر، فوجیوں اور افسران کو تجارت اور زراعت جیسے کاموں سے روکتے تھے۔ آپؓ نے فوجی قائدین کے نام یہ خط لکھا کہ وہ اپنے سپاہیوں کو یہ پیغام پہنچا دیں کہ ہم نے ان کی سرکاری تنخواہ مقرر کر دی ہے۔ ان کے بال بچوں کے بھی وظائف مقرر کر دیے ہیں اور انہیں دیگر ضروریات زندگی بھی فراہم کی جا رہی ہیں، اس لیے وہ کاشتکاری میں مشغول ہونے سے اجتناب کریں۔[3]

یہ اور اس جیسی دیگر پابندیاں آپؓ نے اس لیے لگائیں تاکہ اسلامی لشکر دین اسلام کی نشر و اشاعت اور فریضہ جہاد کی ادائیگی کیلئے ہر وقت تیار رہے اور کاشتکاری میں مشغول ہو کر دنیا ہی سے چمٹ کر نہ رہ جائے۔ اسی مقصد کیلئے آپؓ نے ریزرو افواج بھی تیار کر رکھی تھیں اور ان کو بھی وظائف جاری کیے جاتے تھے۔ آپؓ نے انہیں تجارت، باغات کی دیکھ بھال اور کھیتی باڑی سے روک رکھا تھا تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں انہیں استعمال کیا جا سکے۔

---

[1] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج3، س536

[2] الواقدی، محمد بن عمر، **فتوح الشام**(بیروت: دارالکتب العلمیۃ1997)، ج1، ص16

[3] سلمان کمال، **الادارۃ العسکریۃ**، ج1، ص256

## فوجیوں کی چھٹی کا نظام

آپؓ نے فوجیوں کے آرام اور گھریلو وجسمانی ضروریات کا خیال رکھتے ہوئے ان کی چھٹی کی مدت مقرر فرمائی۔ اسکا محرک یہ بنا کہ ایک بار مدینہ کی گلیوں میں دوران گشت آپؓ نے ایک عورت کی آواز سنائی جو اپنے شوہر کے فراق میں جدائی والے اشعار پڑھ رہی تھی اور اپنے شوہر کو یاد کر رہی تھی۔ چند اشعار مندرجہ ذیل ہیں:

تَطَاوَلَ هَذَا اللَّيْلُ تَسْرِي كَوَاكِبُهُ　　وَأَرَّقَنِي أَنْ لَا ضجيع ألاعبه

(یہ رات لمبی ہو چکی اور ستارے چلے جا رہے ہیں لیکن اس بات نے میری نیند اڑا رکھی ہے کہ میرا کوئی ہم نشین نہیں جس کے ساتھ دل لگی کر سکوں)

أَلا عبه طَوْرًا وَطَوْرًا كَأَنَّمَا　　بَدَا قَمَرٌ فِي ظُلْمَةِ اللَّيْلِ حَاجِبُهُ

(لمحہ بہ لمحہ میں اس کے ساتھ اس طرح کھیلوں جیسے تاریک رات میں چاند بادلوں کے ساتھ آنکھ مچولی کرتا ہے)

يُسَرُّ بِهِ مَنْ كَانَ يَلْهُو بِقُرْبِهِ　　لَطِيفُ الْحَشَا لَا تَجْتَوِيهِ صَوَاحِبُهُ

(اس کی قربت میں رہتے ہوئے جو بھی اس کے ساتھ کھیلتا ہے وہ مسرت پاتا ہے، باریک پسلیوں والا ہے اور اسکے اقارب اسے ناپسند نہیں کرتے)

فو الله لَوْلَا اللَّهُ لَا شَيْءَ غَيْرُهُ　　لَنُقِّضَ مِنْ هَذَا السَّرِيرِ جَوَانِبُهُ

(پس اللہ کی قسم اگر اللہ کا خوف نہ ہوتا اور اس کے سوا کسی کا خوف نہیں، تو یقیناً اس چارپائی کے پائے حرکت کر رہے ہوتے)

وَلَكِنَّنِي أَخْشَى رَقِيبًا مُوَكَّلا　　بِأَنْفُسِنَا لَا يَفْتُرُ الدَّهْرَ كَاتِبُهُ

(لیکن میں ایسے نگران سے ڈرتی ہوں جو ہم پر نگہبان مقرر ہے اور اس کا کاتب کبھی بھی تھکتا نہیں ہے)

یہ اشعار سن کر آپؓ بہت غمزدہ ہوئے اور اس عورت کیلئے دعا کی کہ اللہ تم پر رحم فرمائے، پھر آپؓ نے اس کے پاس گھریلو ضروریات کی اشیاء اور کپڑے وغیرہ بھجوائے اور اس کے شوہر کو خط لکھا کہ اپنی بیوی کے پاس واپس آ جائے۔[1]

لیکن اسی وقت سے آپؓ اس اہم مسئلہ کے بارے فکر مند رہنے لگے کیوں کہ یہ مجاہدین کی عزت کے تحفظ کا معاملہ تھا چنانچہ آپؓ اپنی بیٹی حفصہؓ کے گھر گئے اور ان سے دریافت کیا کہ اے بیٹی مجھے بتاؤ کہ عورت اپنے شوہر سے کتنا عرصہ جدائی برداشت کر سکتی ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ایک مہینہ، دو مہینے یا زیادہ سے زیادہ مدت تین مہینے، چوتھے مہینے اسکے صبر کا پیمانہ لبریز ہو جاتا ہے۔ یہ جاننے کے بعد آپؓ نے یہ حکم جاری فرمادیا کہ سپاہیوں کو انکے بیوی بچوں سے چار مہینوں سے زیادہ محاذ پر نہ روکا جائے۔ اور اس حکم کے بعد ایسے فوجی جنہوں نے اس حکم کی پابندی نہ کی آپؓ نے ان کا مکمل ریکارڈ مرتب فرمایا اور ان کے فوجی سالاروں کے نام خط لکھا کہ ان لوگوں کو فوری طلب

[1] ابن جوزی، **مناقب امیر المؤمنین**، ص82

کر کے انہیں یہ فرمان سنادیا جائے کہ یاتو فوراً اپنی بیویوں کے پاس واپس پلٹیں، یا ان کے مکمل اخراجات کا انتظام کریں یا پھر انہیں طلاق دے دیں۔ لیکن طلاق کی صورت میں سابقہ سارا نان و نفقہ بھی ادا کرنا ہو گا۔[1]

## سپاہیوں کیلئے تنخواہ کا اجراء

عمرؓ نے چونکہ فوج کو تجارت و زراعت سے دور کر دیا تھا چنانچہ آپؓ نے ان کیلئے باقاعدہ تنخواہیں اور وظائف مقرر کیے۔ ان کیلئے ایک دیوان مرتب کیا جس میں حسبِ مراتب ان کی تنخواہوں کی تفصیل اور عطیات کی تقسیم کی تفصیلات درج ہوتی تھیں۔ ایسا کرنے سے فوجی اپنی معاش کے حوالے سے بے فکر ہو کر اسلام کی نشر و اشاعت میں مصروف ہو گئے۔

فوجیوں کیلئے مرتب کردہ دیوان میں جو مراتب آپؓ نے مقرر فرمائے ان میں سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ کے قرابت داروں اور اہل بیت کو رکھا۔ ان میں عباسؓ اور ازواج مطہراتؓ شامل تھیں۔ ان دو کے علاوہ باقی مسلمانوں کو جہاد میں تقدیم و تاخیر کے اعتبار سے مراتب میں تقسیم کیا۔ لہٰذا پہلا مرتبہ اہل بدرؓ کو دیا، پھر ان اصحابؓ کو درج کیا جو بدر کے بعد سے صلح حدیبیہ تک کی تمام جنگوں میں شریک رہے۔ پھر ان لوگوں کو درج کیا جو صلح حدیبیہ کے بعد سے خلافت ابی بکر صدیقؓ میں مرتدین کے خلاف جہاد میں شریک رہے پھر وہ لوگ جو قادسیہ و یرموک میں شامل تھے۔ سپاہیوں کے ساتھ ساتھ آپؓ نے انکی بیویوں اور بچوں کے وظائف بھی مقرر کیے۔ آپؓ بچوں کے پیدا ہوتے ہی وظیفے جاری کر دیتے تھے۔ سب سے کم ترین وظیفہ سو درہم سالانہ تھا جس میں بلوغت کی عمر تک پہنچتے تک ہر سال اضافہ ہوتا تھا۔ اسی طرح آپؓ نے غلاموں کو بھی خاندان کا فرد ہی شمار کرتے ہوئے ان کیلئے بھی وظائف مقرر کیے۔[2]

ازواج مطہرات میں سے جویریہؓ، صفیہؓ اور میمونہؓ کو چھوڑ کر باقی تمام امہات المومنینؓ کا وظیفہ دس ہزار درہم سالانہ تھا جو کہ کچھ عرصے کے بعد بارہ ہزار درہم کر دیا گیا۔ جبکہ صفیہؓ، جویریہؓ اور میمونہؓ کا وظیفہ چھ ہزار درہم سالانہ مقرر ہوا لیکن بعد میں ام المؤمنین عائشہؓ کے مطالبے پر عمرؓ نے سب کا وظیفہ یکساں کر دیا۔ باقی صحابہؓ میں سے وہ مہاجرین و انصار جو بدر میں شریک ہوئے ان کا وظیفہ چار ہزار درہم سالانہ تھا۔ جب کہ جو لوگ صلح حدیبیہ میں شریک ہوئے ان کا وظیفہ تین ہزار درہم سالانہ مقرر ہوا۔[3]

ان وظائف کے ساتھ ساتھ آپؓ ہر مہینے گندم اور اناج وغیرہ کی شکل میں کچھ غلہ بھی عطیہ کرتے تھے۔ اسی طرح آپؓ نے اپنے آخری ایام میں یہ خواہش ظاہر کی کہ:

"لَئِن كَثُرَ المَالُ لَأَفْرِضَنَّ لِكُلِّ رَجُلٍ أَرْبَعَةَ آلاَفِ دِرْهَمٍ: أَلْفٌ لِسَفَرِهِ، وَأَلْفٌ لِسِلَاحِهِ، وَأَلْفٌ يُخَلِّفُهَا لِأَهْلِهِ، وَأَلْفٌ لِفَرَسِهِ وَبَغْلِهِ"[4]

---

[1] القرشي، غالب عبدالكافي، **اوليات الفاروق السياسية**(المنصورة:دار الوفاء للطباعة والنشر والتوزيع)، ص170

[2] ابو يوسف، **كتاب الخراج**، ص56،55،54

[3] العمري، **عصر الخلافة الراشده**، ص234

[4] ابن سعد، **الطبقات الكبرى**، ج3، ص226

"اگر ملکی خزانے میں اضافہ ہوا تو میں ہر شخص کیلئے سالانہ وظیفہ چار ہزار درہم مقرر کر دوں گا۔ایک ہزار سفر کیلئے،ایک ہزار ہتھیاروں اور اسلحے کیلئے،ایک ہزار اہل وعیال کیلئے اور ایک ہزار گھوڑے یا خچر یعنی سواری کیلئے"۔

# باب سوم

# عہد عمر رضی اللہ عنہ کی جنگی حکمت عملیاں اور ان کے اثرات

**فصل اول:** پیشگی جنگی منصوبہ بندی

**فصل ثانی:** دوران جنگ کی حکمت عملیاں

**فصل ثالث:** جنگ کے بعد کے اقدامات

# باب ثالث: عہد عمرؓ کی جنگی حکمت عملیاں اور ان کے اثرات

## فصل اول: پیشگی اقدامات

ادارہ جاتی عسکری تنظیم سازی کے بعد عسکری معاملات کی دوسری بڑی قسم جنگی حکمت عملیوں سے تعلق رکھتی ہے۔ایک بہترین اور منظم عسکری ادارہ تشکیل ہی اس مقصد کے لیے دیا جاتا ہے کہ اس کے نتیجے میں جو فوج قیام عمل میں لائی جائے وہ بہترین صلاحیتوں اور حکمت عملیوں کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کرنے کی طاقت رکھتی ہو۔اس بارے میں مسلمانوں کے لیے قرآن وحدیث میں واضح تعلیمات موجود ہیں جیسا کہ اللہ رب العزت قران مجید میں ارشاد فرماتے ہیں:

"وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ"[1]

"اور ان دشمنوں کے مقابلے میں جتنی تم سے ہو سکے طاقت تیار رکھو"۔

اس آیت کی روشنی میں اللہ تعالی نے مسلمانوں کو ہر طرح سے جہاد کی تیاری کرنے کا حکم دیا ہے۔اور دشمن کے مقابلے میں پوری طاقت صرف کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

اسی طرح ایک دوسری جگہ پر اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا:

"يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا خُذُوا حِذْرَكُمْ"[2]

"اے ایمان والو اپنا بچاؤ لازم پکڑو"۔

اس آیت کی روشنی میں بھی یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ اپنے دفاع کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھانے چاہئیں۔

عمر فاروقؓ کے دور میں انتظامی امور کے ساتھ ساتھ محاذ جنگ پر بھی بہت سی جنگی حکمت عملیاں دیکھنے میں آئیں جن کا اگر بغور مطالعہ کیا جائے تو ان کی بنیاد قران وسنت میں نظر آتی ہے، جیسا کہ جنگ کے لیے اہل اور ہوشیار قیادت کے انتخاب کے بارے میں اللہ رب العزت نے قران مجید میں طالوت کی بادشاہت کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

"إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ"[3]

"بے شک اللہ نے اسے تم پر چن لیا ہے اور اسے علم وطاقت میں خوب وسعت دی ہے"۔

فریضہ جہاد کیلئے نئی بھرتی کے بارے میں اگر قرآنی حکم دیکھا جائے تو اللہ کا فرمان ہے:

"انفِرُوا خِفَافًا وَثِقَالًا وَجَاهِدُوا بِأَمْوَالِكُمْ وَأَنفُسِكُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ"[4]

---

[1] الانفال: 60

[2] النساء: 71

[3] البقرة: 247

[4] التوبة: 41

"ملکے ہو یا ابو جہل اللہ کی راہ میں نکلو اور اپنے مالوں اور جانوں کے ساتھ جہاد کرو"۔

دشمن کے ساتھ صلح و مذاکرات اور جنگ بندی کے قرآنی حکم کو دیکھا جائے تو فرمان خداوندی ہے:

"وَإِن جَنَحُوا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ"[1]

"اگر وہ صلح کی طرف مائل ہوں تو آپ بھی مائل ہو جایئے اور اللہ پر بھروسہ کریں"۔

اگر فوجوں کی ایک محاذ سے دوسرے محاذ کی طرف منتقلی کی بات کی جائے تو قرآن میں ارشاد ہے:

"وَإِنِ اسْتَنصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ"[2]

"اگر وہ تم سے مدد مانگیں تو تم پر مدد کرنا فرض ہے"۔

دیگر جنگی فنون و حکمت عملیوں کے بارے میں فرمان ہے:

"فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَ خُذُوْهُمْ وَ احْصُرُوْهُمْ وَ اقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ"[3]

"پس کافروں کو قتل کرو جہاں بھی انہیں پاؤ اور انہیں پکڑو اور انکا گھیراؤ کرو اور ان کیلئے گھات کی ہر جگہ پر بیٹھو"۔

پس اللہ نے اسی ایک آیت میں دشمن کو قتل کرنے، گرفتار کرنے، محاصرہ کرنے اور گھات لگا کر حملہ کرنے جیسے رہنما جنگی فنون سکھا دیئے۔

پھر عمرؓ جو کہ خود رسالت مآب ﷺ کی دعا کا نتیجہ تھے اور قرآن و حدیث کو خوب سمجھنے والے تھے وہ ان اصول و ضوابط کو نافذ کیوں نہ کرتے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ آپؓ نے مذکورہ بالا احکامات کے ساتھ ساتھ بے شمار نئی جنگی حکمت عملیاں اختیار کیں اور جنگ کے قواعد وضوابط کو بدل کر رکھ دیا۔ ذیل میں ایسی چند جنگی تدابیر ہیں جو خلافت عمرؓ کی جنگوں میں نمایاں نظر آتی ہیں اور جن کی بدولت مسلمانوں نے دشمن پر غلبہ پایا۔

### اہل اور ہوشیار قیادت کا انتخاب

جنگ شروع ہونے سے قبل سب سے اہم کام جنگ کے پیش آمدہ حالات وواقعات، محل وقوع اور فوج کی نفسیات کو مد نظر رکھتے ہوئے اہل ترین قیادت کا انتخاب کرنا بھی ہے کیونکہ ایک درست طور پر منتخب کردہ قائد جو اس جنگ کے لیے موزوں ہو وہی بہترین قیادت کے فرائض سرانجام دے سکتا ہے۔ چنانچہ عمرؓ ایسے موزوں افراد کو اپنی نظر میں رکھتے تھے اور بر موقع ان کو استعمال کرتے تھے۔ عراق کی طرف فوج روانہ کرتے ہوئے آپؓ نے اپنی صدا پر سب سے پہلے لبیک کہنے والے فرد ابو عبید الثقفیؒ کو امیر بنایا اور اس کی وجہ آپؓ نے یہ بیان کی کہ تین دن کی ترغیب کے بعد چونکہ سب سے پہلے انہوں نے ہی دعوت کو قبول کیا تھا لہذا اس عہدے کے اہل بھی وہی ہیں۔

---

[1] الانفال: 61

[2] الانفال: 72

[3] التوبۃ:5

اسی طرح جنگ قادسیہ جو کہ ایک اہم ترین اور فیصلہ کن جنگ تھی، اس میں جب قیادت کے انتخاب کا مرحلہ پیش آیا تو پہلے آپؓ نے خود بنفس نفیس جنگ کی امارت کا فیصلہ کیا اور اپنے ساتھ کبار صحابہ کرامؓ جیسا کہ عثمان بن عفانؓ اور عبد الرحمن بن عوفؓ وغیرہ کو لے کر نکلے لیکن راستے میں ایک مقام پر پہنچ کر جب آپؓ نے صحابہؓ سے اس بابت دوبارہ مشورہ کیا تو باقی سب تو آپؓ کی امارت پر متفق تھے لیکن عبد الرحمن بن عوفؓ نے یہ مشورہ دیا کہ آپؓ خود اس جنگ کی قیادت کے لیے نہ جائیں کیونکہ اگر خدانخواستہ آپؓ کو کچھ نقصان پہنچ گیا تو امت کا شیرازہ بکھر جائے گا لہٰذا آپؓ کسی مناسب شخص کو اس جنگ کا قائد بنادیں۔ عمرؓ نے استفسار کیا کہ پھر اس جنگ کا امیر کس کو بنایا جائے تو عبد الرحمن بن عوفؓ نے مشورہ دیا کہ سعد بن ابی وقاصؓ کو اس جنگ کا امیر بنایا جائے۔ چنانچہ عمرؓ نے انہی کو اس جنگ کی امارت کے فرائض سونپ دیے۔[1]

اس کے علاوہ بھی آپؓ ہر موقع پر بہترین قائد کا انتخاب فرماتے جس کی بدولت مسلمانوں کو جنگوں میں عظیم الشان فتوحات حاصل ہوئیں۔

قیادت کے انتخاب کے دوران عمرؓ ایک کے بعد دوسرے قائد کی تقرری کا اعلان بھی جنگ سے قبل ہی فرمادیا کرتے تھے۔ جس طرح کہ جنگ موتہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے حضرت زید بن حارثہؓ کو مسلمانوں کا امیر مقرر کیا تھا اور فرمایا تھا کہ اگر ان کی شہادت ہو جائے تو جعفر بن ابی طالبؓ مسلمانوں کے سالار ہوں گے اور اگر ان کی بھی شہادت ہو جائے تو عبداللہ بن ابی رواحہؓ مسلمانوں کے امیر ہوں گے اور اگر ان کی بھی شہادت ہو جائے تو پھر مسلمان جس کو چاہیں اپنا امیر بنالیں۔ عمرؓ نے اسی سنت کو زندہ کرتے ہوئے جنگ نہاوند کے موقع پر نعمان بن مقرنؓ کو اسلامی فوج کا امیر بنایا اور ان کی شہادت کی صورت میں یہ تاکید کی کہ حذیفہ بن یمانؓ امیر ہوں گے اور اگر حذیفہ بن یمانؓ بھی شہید ہو جائیں تو پھر نعمان بن مقرنؓ کے بھائی نعیم بن مقرنؓ اسلامی فوج کے قائد ہوں گے۔[2] چین آف کمانڈ کی یہ مثال عمرؓ کے ایک بہترین عسکری قائد ہونے اور ماہر جنگجو ہونے کا ثبوت دیتی ہے۔

قائدین کے انتخاب کے معاملے میں اس درجہ سخت معیار اور اہل ترین قیادت کو جنگ کا سالار منتخب کرنے کا نتیجہ یہ نکلا کہ ان لوگوں نے جنگوں میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ ابو عبید الثقفی بہادری سے لڑتے ہوئے معرکہ جسر میں شہید ہوئے۔ سعد بن ابی وقاصؓ کے ہاتھوں ایران و عراق میں قادسیہ مدائن اور نہاوند جیسی عظیم الشان فتوحات حاصل ہوئیں۔ ان سالاروں نے جنگوں میں بہترین تدابیر اور حکمت عملیاں اختیار کر کے اپنے انتخاب کو درست ثابت کیا۔

---

[1] ابن کثیر، **البدایة والنهایة**، ج7، ص35

[2] الشیبانی، خلیفہ بن خیاط، **تاریخ خلیفة بن خیاط** (بیروت: مؤسسة الرسالة)، ص148

## جنگی اصول وضوابط کی تعلیم

عمرؓ چونکہ خود کمانڈر انچیف تھے لہٰذا آپؓ خود بھی پوری طرح جنگی پلاننگ میں شامل رہتے۔اسی طرح آپؓ اپنے مقرر کردہ سالاروں کو بھی روانگی سے قبل ضرور قیمتی نصیحتوں سے فیض یاب فرماتے اور درحقیقت انہی وصیتوں پر عمل پیرا ہونے کی وجہ سے مسلم سپہ سالار بڑی بڑی کامیابیاں حاصل کرتے۔آپؓ نے جب ابو عبید الثقفیؒ کو عراق روانہ کیا تو ان کو نصیحت فرمائی کہ :

"اِسْمَعْ مِنْ اَصْحَابِ الْنَّبِيِّ ﷺ، وَأَشْرِكْهُمْ فِي الأَمْرِ، وَلا تَجْتَهِدْ مُسْرِعًا حَتَّى تَتَبَيَّنَ، فَإِنَّهَا الْحَرْبُ، وَالْحَرْبُ لا يُصْلِحُهَا إِلا الرَّجُلُ الْمَكِيثُ"[1]

"رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ کو مشوروں میں ضرور شامل کرنا، جلد بازی نہ کرنا، تحمل مزاجی سے کام لینا کیونکہ یہ جنگ ہے اور جنگ میں صابر اور متحمل مزاج آدمی ہی اہل ہوتا ہے۔جب تک جنگ کی اشد ضرورت محسوس نہ کرو تب تک جنگ شروع نہ کرنا"۔

علاوہ ازیں آپؓ کی انٹیلیجنس اس قدر مستعد تھی کہ آپؓ نہ صرف دشمن کی تعداد، رفتار اور صلاحیت وغیرہ سے واقف ہوتے تھے بلکہ دشمن کی نفسیات، مزاج اور عادات واطوار سے بھی خوب واقف رہتے تھے۔مختلف قسم کے لوگوں کے ساتھ کس طرح سے برتاؤ کرنا ہے یہ آپؓ بخوبی جانتے تھے اسی لیے آپؓ نے ابو عبیدؒ کو یہ نصیحت بھی کی تھی کہ :

"إِنَّكَ تَقْدَمُ عَلَى أَرْضِ الْمَكْرِ وَالْخَدِيعَةِ وَالْخِيَانَةِ وَالْجَبْرِيَّةِ، تَقْدَمُ عَلَى قَوْمٍ تَجَرَّؤُوا عَلَى الشَّرِّ فَعَلِمُوهُ الخ"[2]

"تم ایسے لوگوں سے مقابلہ کرنے جا رہے ہو جو دھوکہ دہی خیانت اور غرور و تکبر اور مکر و فریب سے بھرے ہوئے ہیں، جو شر اور فساد کے ماہر ہو چکے ہیں۔لہٰذا ان سے خبردار رہنا اور رازداری برتنا کیونکہ جب تک رازداری برقرار رہے تب تک انسان محفوظ رہتا ہے اور جب وہ اپنا راز ظاہر کر دیتا ہے تو خود کو ہلاک کر لیتا ہے"۔[3]

اسی طرح آپؓ نے معرکہ قادسیہ کی طرف سعدؓ کو روانہ کرتے وقت نصیحت فرمائی کہ :

"امابعد! میں تمہیں اور تمہارے لشکر کو ہر حال میں تقویٰ کی نصیحت کرتا ہوں کیونکہ تقویٰ ہی سب سے بہترین ہتھیار اور سب سے مضبوط تیاری ہے۔دشمن سے ہوشیار رہنے کے ساتھ ساتھ اپنے گناہوں پر بھی نظر رکھنا کیونکہ یہ دشمن سے زیادہ نقصان دہ ہیں۔تمہاری فتح کا راز یہ ہے کہ تم میں تقویٰ ہے اور تمہارا دشمن گناہوں میں گرفتار ہے"۔[4]

آپؓ کی ان مسلسل نصیحتوں کا فائدہ یہ ہوا کہ آپؓ کے سالار کسی بھی لمحہ غفلت کا شکار نہیں ہوتے تھے۔آپؓ کی تیار کی ہوئی جنگی حکمت عملیاں آپؓ کی تجربہ کاری کا شاخسانہ تھیں جن پر عمل پیرا ہو کر اسلامی فوجیں جنگی اصول وضوابط کی پابند رہتی تھیں۔آپؓ کی نصیحتوں

---

[1] الطبری، **تاریخ الرسل والملوک**، ج3، ص 445

[2] الخضرمی، الشیخ محمد، **اتمام الوفاء فی سیرة الخلفاء**(بیروت: المکتبة الثقافة)، ص55

[3] الخضرمی، الشیخ محمد، **اتمام الوفاء فی سیرة الخلفاء**(بیروت: المکتبة الثقافة)، ص55

[4] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص798

میں جنگی اصول وضوابط کے ساتھ ساتھ تقویٰ وپرہیز گاری پر بہت زور دیا جاتا تھا۔ لٰہذا آپؓ کے مبعوث کردہ سالار جنگ وامن دونوں حالتوں میں تقویٰ پر کاربند رہتے تھے۔

## نئی بھرتی

جنگ سے قبل ہی بسا اوقات تعداد کی کمی کی وجہ سے نئی بھرتی کی ضرورت پیش آتی تھی کیونکہ افواجِ اسلام مختلف محاذوں پر بٹی ہوئی تھیں۔ اسی طرح جنگوں میں مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد شہید بھی ہورہی تھی لٰہذا یہ ضروری تھا کہ مسلمانوں کو مسلسل کمک ملتی رہے تاکہ وہ فتوحات کا سلسلہ جاری رکھ سکیں۔ عمرؓ محاذوں کی ضرورت کے مطابق نئی بھرتی بھی کیا کرتے تھے۔ اسی اصول کے پیش نظر آپؓ نے عراقی مہمات کیلئے 7ہزار نئے فوجی بھرتی کرکے مثنیٰ بن حارثہؓ کی طرف بھیجے۔ اسی طرح معرکہ قادسیہ سے قبل عمرؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کی مدد کے لیے 4ہزار نئے فوجی بھرتی کرکے بھیجے، خود سعد بن ابی وقاصؓ نے نجد کے علاقے سے 7ہزار نئی فوج بھرتی کی۔ اس موقع پر عمرؓ نے جنگی تیاریاں اور نئی بھرتی اتنے زور وشور سے کی کہ پوری اسلامی سلطنت کے قابل ترین لوگ جن میں بڑے بڑے مالدار افراد، دانشمند، شرفاء، بزرگ، خطیب اور شاعر لوگ موجود تھے، ان سب کو بھرتی کرکے سعدؓ کی طرف روانہ کردیا۔ اس بھرتی کی دو قسمیں ہوا کرتی تھیں ایک عمومی بھرتی جو کہ رضاکارانہ بھرتی ہوا کرتی تھی اور اس میں لوگ اپنی ہی منشا سے شامل ہوا کرتے تھے جبکہ دوسری بھرتی جبری بھرتی ہوا کرتی تھی جو بعض نازک حالات کی صورت میں عمرؓ کے احکامات کے تحت عمل میں لائی جاتی تھی۔ جیسا کہ آپؓ نے مثنیٰ بن حارثہؓ کو جبری فوج بھرتی کرنے کا حکم دیا اور خود بھی جبری فوج بھرتی کرکے ان کی طرف روانہ کی[1]۔

جبری بھرتی پر غور کیا جائے تو عمومی حالات میں ایسا کرنے کی کوئی مثال سامنے نہیں آتی تاہم جب کوئی اہم معرکہ درپیش ہوتا اور عساکرِ اسلامی کی تعداد دشمن کے مقابلے میں کم محسوس ہوتی تو ایسے مواقع پر جبری بھرتی عمل میں لائی جاتی۔ دراصل عمرؓ نے تمام رعایا کو ہی فوج کا درجہ دے رکھا تھا اور اسی وجہ سے ان کے وظائف بھی مقرر کر رکھے تھے۔ وظائف لینے والوں میں محاذوں پر لڑنے والے مستقل سپاہی بھی ہوا کرتے تھے اور وہ افراد بھی جو جنگ میں شریک نہیں ہوتے تھے۔ اب جب کہ قادسیہ جیسا اہم مرحلہ درپیش آیا تو اس موقع پر عمرؓ نے ایسے تمام لڑائی کے قابل افراد سے بھی خدمات لینے کا فیصلہ کیا جو وظائف لے رہے تھے لیکن ابھی تک جنگوں میں رضاکارانہ طور پر شامل نہیں ہوئے تھے۔ ان کو فوج میں شامل کیا گیا اور اگر کسی نے تردد کیا تو اسے جبری طور پر فوج میں شامل کیا گیا۔ مخدوش حالات میں اس قسم کی جبری فوجی بھرتی کا رواج موجودہ دور میں بھی عمل میں لایا جاتا ہے اور فوجیں جنگ کے دوران نازک صورتحال میں جبری فوجیں بھرتی کیا کرتی ہیں۔

اس قسم کی ہنگامی بھرتیوں کا فائدہ یہ ہوتا تھا کہ محاذ جنگ کی ضرورت پوری ہوجاتی تھی اور مسلمان فوجیں کسی بھی محاذ پر کمزور نہیں پڑتی تھیں۔ نئے بھرتی ہونے والے سپاہی تازہ دم ہوتے جو اپنے بھائیوں کیلئے معاون ثابت ہوتے اور حوصلہ افزائی کا باعث بنتے اور نہایت

---

[1] الحضرمی، **اتمام الوفاء**، ص59

جوش و خروش سے لڑا کرتے تھے۔ پھر چونکہ ہر تین سے چار ماہ کے بعد محاذ کے فوجیوں نے چھٹی گزارنے گھر بھی آنا ہوتا تھالٰہذا نئی بھرتی سے ان فوجیوں کی آسامیاں بھی پُر کر لی جاتی تھیں۔

## حسب ضرورت فوجوں کی منتقلی

جنگ کی تیاریوں میں سے ایک اہم امر یہ بھی ہے کہ دشمن کے مقابلے میں تعداد اتنی مناسب ہو کہ دشمن کا مقابلہ آسانی سے کیا جا سکے اور اس کے ساتھ ساتھ ایک دشمن سے بر سرپیکار رہتے ہوئے دوسرے دشمن سے غافل نہ رہا جائے کہ مبادا ایک محاذ سے تو فتح ہو اور دوسرا محاذ چھن جائے۔ عمرؓ اس حوالے سے بہت محتاط رہتے تھے اور انہی مصلحتوں کے پیش نظر آپؓ نے پورے بلاد اسلامیہ میں اپنی افواج کو پھیلا رکھا تھا۔ یہ فوج مختلف دشمنوں سے مقابلے، سرحدوں کی حفاظت، مفتوحہ شہروں کی حفاظت اور امن وامان برقرار رکھنے جیسے امور کے لیے تعینات رہتی تھی۔ پھر مختلف مواقع پر اور بالخصوص اہم جنگوں کے موقع پر یا نئے شہروں کی فتوحات کے مواقع پر آپؓ ان افواج کو حسب ضرورت مختلف جنگی محاذوں پر منتقل کرتے رہتے تھے۔ جیسا کہ آپؓ نے مثنیٰ بن حارثہؓ کو عراق کی طرف روانہ کرنے کے بعد محاذِ شام سے ابو عبیدہؓ کے ساتھ موجود فوج میں سے کچھ مجاہدین کو شام سے عراق جانے کا حکم دیا اور چار ہزار لوگ قعقاع بن عمرو التمیمیؒ کی قیادت میں عراقی فوج کے ساتھ آکر شامل ہو گئے۔ اسی طرح معرکہ جسر میں ہزیمت کے بعد جب مسلمانوں کی ایک بڑی جمعیت شہید ہو گئی تو عمرؓ نے مختلف امدادی فوجیں روانہ کیں جن میں جریر بن عبد اللہ البجلیؓ، حنظلہ بن ربیعؓ، ہلال بن علقمہؓ اور عبد اللہ بن ذی سہمینؒ کی فوجیں شامل تھیں[1]۔

اس طرح کی بے شمار مثالیں فتوحات اسلامیہ کا مطالعہ کرتے ہوئے سامنے آتی ہیں۔ فوجوں کی اس منتقلی کے جنگ پر بہت مثبت اثرات مرتب ہوتے تھے مسلمان فوجوں کا مورال بلند ہو جاتا اور دشمن کا مقابلہ کرنے میں آسانی رہتی تھی۔

فوجوں کی اس تیز رفتار منتقلی سے مسلم فوجیں دشمن پر قہر بن کر ٹوٹ پڑتی تھیں۔ اسی منتقلی کے نتیجے میں دشمن کو مختلف محاذوں پر الجھایا جاتا تھا اور دشمن کی رسد و کمک کے راستوں کو بند کر دیا جاتا تھا۔ نیز محاذ پر دشمن سے بر سرِپیکار اسلامی فوجیں اپنے بھائیوں کی آمد سے حوصلہ پکڑتی تھیں اور دشمن کے مقابلے میں مزید ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتی تھیں۔

## پیشگی منصوبہ بندی

عمرؓ اگرچہ خود میدان جنگ میں موجود نہ ہوا کرتے تھے کیونکہ امورِ خلافت کے لیے آپؓ کو مدینہ منورہ میں موجود رہنا پڑتا تھا۔ کئی جنگوں کے موقع پر آپؓ نے خود آگے بڑھ کر اسلامی فوج کی قیادت کرنا چاہی تاہم آپؓ کے اہل شوریٰ اور کبار صحابہ کرامؓ نے آپؓ کو جنگ کی قیادت نہ کرنے کا مشورہ دیا تاکہ امورِ خلافت میں کسی قسم کا خلل واقع نہ ہو۔ تاہم اس سب کے باوجود عمرؓ اپنی فوجوں کے تمام حالات سے واقف رہتے اور میدان جنگ کی پل پل کی خبر رکھا کرتے تھے۔ آپؓ تمام جنگوں کی منصوبہ بندی خود کرتے تھے اور آپؓ کے مقرر کردہ سپہ سالار آپؓ کے حکم کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کرتے تھے سوائے اس کے کہ جنگ شروع ہو اور مشورہ کا وقت نہ رہے۔ عمرؓ جنگ

[1] ابن اثیر، **الکامل فی التاریخ**، ج2، ص279

کی ایسی بہترین، کامل اور موثر حکمت عملی تیار کرتے گویا آپؓ خود میدان جنگ میں موجود ہوں۔ آپؓ جنگ شروع ہونے سے پہلے سپہ سالاروں سے جنگی حالات اور وہاں کے مکمل محلِ وقوع اور جغرافیائی حالات دریافت کر لیا کرتے تھے اور اس کے مطابق سپہ سالاروں کو جنگی حکمت عملی بنا کر روانہ کر دیتے تھے۔ آپؓ کے تمام سپہ سالار آپؓ کی ہی بتائی ہوئی جنگی حکمت عملی پر عمل پیرا ہوتے تھے۔ دور فاروقی کی جنگوں اور فتوحات کا تفصیلی مطالعہ کرتے ہوئے یہ بات جابجا سامنے آتی ہے کہ آپؓ کے مقرر کردہ سالار جنگ کے ہر موقع پر آپؓ سے مشورہ لیتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ آپؓ کے دور کی اہم جنگوں میں سے ایک جنگ قادسیہ کے موقع پر سعد بن ابی وقاصؓ کو روانہ کرتے ہوئے ابتداءِ سفر کے متعلق تمام ہدایات دیں کہ کس طریقے سے مجاہدین کو لے کر چلنا ہے، کن کن مقامات پر پڑاؤ ڈالنا ہے اور فوج کی کوچ کی رفتار کیا ہو گی، جاسوس مقرر کرنے کی ہدایت کی اور ہر طرح سے ہوشیار و چوکنا رہنے کی ہدایات بھی کیں اور پھر روانگی کے بعد بھی مسلسل ان کی طرف خطوط روانہ کرتے رہے۔ جنگ قاسیہ سے پہلے آپؓ نے سعدؓ کی طرف ایک خط روانہ کیا جس میں آپؓ نے ان کو یہ نصیحت کی کہ:

"وَهُوَ مَنْزِلٌ رَغِيبٌ خَصِيبٌ حَصِينٌ دُونَهُ قَنَاطِرُ، وَأَنْهَارٌ مُمْتَنِعَةٌ وَإِذَا لَقِيتُمُ الْقَوْمَ أَوْ أَحَدًا مِنْهُمْ فَابْدَءُوهُمُ الشَّدَّ وَالضَّرْبَ، وَإِيَّاكُمْ وَالْمُنَاظَرَةَ لِجُمُوعِهِمْ وَلا يَخْدَعَنَّكُمْ، فَإِنَّهُمْ خُدْعَةٌ مَكْرَةٌ، أَمْرُهُمْ غَيْرُ اَمْرِكُم"[1]

"تم ایک ایسے علاقے میں جا رہے ہو جوا گرچہ سر سبز و شاداب ہے لیکن وہ دشوار گزار گھاٹیوں نہروں اور دریاؤں سے گھرا ہوا ہے۔ جب بھی دشمن کا کوئی فوجی تمہارے مقابلے میں آئے تو اس کے حملے کا انتظار کیے بغیر اس پر پہلے حملہ کرو تا کہ دشمن تمہیں دھوکہ نہ دے سکے۔ قادسیہ میں پہنچنے کے بعد اپنے فوجی دستوں کو اس کے راستے پر پھیلا دو"۔

## جنگ کا جغرافیہ متعین کرنا

جنگی محل وقوع سے متعلق ان کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ:

"فَتَكُونُ مَسَالِحُكَ عَلَى أَنْقَابِهَا وَيَكُونُ النَّاسُ بَيْنَ الْحَجَرِ وَالْمَدَرِ عَلَى حَافَّاتِ الْحَجَرِ وَحَافَّاتِ الْمَدَرِ وَالْجِرَاعُ بَيْنَهُمَا ثُمَّ الْزَمْ مَكَانَكَ فلا تبرحه الخ"[2]

"تمہاری فوج کی مغربی جانب صحرائے عرب اور مشرقی جانب آبادی ہونی چاہیے اور تم ان دونوں کے درمیان ایک کھلے میدان میں پڑاؤ ڈالو اور پھر اپنی جگہ پر ثابت قدم رہو اور وہاں سے ہلنے کی کوشش نہ کرنا اور ساتھ ہی ساتھ دشمن کو شب خون مار مار کر مسلسل تکلیف اور پریشانی میں مبتلا رکھو۔ پھر جب ان شب خونوں سے تنگ آ کر دشمن تم پر حملہ آور ہو گا تو ان کے مقابلے میں ثابت قدمی سے ڈٹے رہنا کیونکہ اگر تم نے دشمن کی اس فوج کو شکست دے دی تو دشمن کبھی بھی دوبارہ اتنی بڑی تعداد میں تمہارا مقابلہ نہیں کر سکے گا۔ اگر تم ثابت قدم رہے تو فتح تمہاری ہو گی اور اگر تمہیں شکست ہوئی تو تمہارے عقب میں عرب کا صحرا ہو گا اور تم آبادی سے ہٹ کر اس

---

[1] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج3، ص491
[2] ایضاً

صحرائی علاقے میں واپس آسکو گے کیونکہ یہ سارا علاقہ تمہارا دیکھا بھالا ہے جبکہ دشمن صحرائی علاقے سے واقف نہیں ہے لہذا تم صحرا میں پہنچ کر دوبارہ بلند ہمت ہو جاؤ گے اور دشمن تم سے خوفزدہ ہو جائے گا"۔

اسی قسم کی وصیت حضرت مثنی بن حارثہؓ نے اپنی وفات سے قبل سعد بن ابی وقاصؓ کو کی تھی جس میں انہوں نے یہ لکھا تھا کہ :

"أَلا يُقَاتِلَ عَدُوَّهُ وَعُدُوَّهُمْ يَعْنِي الْمُسْلِمِينَ مِنْ أَهْلِ فَارِسَ إِذَا اسْتُجْمِعَ أَمْرُهُمْ وَمَلَؤُهُمْ فِي عُقْرِ دَارِهِمْ وَأَنْ يُقَاتِلَهُمْ عَلَى حُدُودِ أَرْضِهِمْ عَلَى أَدْنَىٰ حَجَرٍ مِنْ أَرْضِ الْعَرَبِ وَأَدْنَىٰ مَدَرَةٍ مِنْ أَرْضِ الْعُجْمِ الخ"[1]

"ان ایرانیوں سے اس وقت تک جنگ نہ کی جائے جب تک ان کا آپسی اتحاد اور اتفاق قائم ہو اور وہ متحد ہوں اور نہ ہی ان کے ملک کے اندر دراندازی کر کے ان سے لڑنا مناسب رہے گا بلکہ ان کی سرحدوں پر ہی رہ کر ان سے مقابلہ کیا جائے اور سرحد پر ایسی جگہ قیام کیا جائے جہاں عجم کے بجائے عرب کی سرزمین مسلمان فوج کے زیادہ قریب ہو۔ پس اگر مسلمانوں کو فتح ہو تو مسلمان آگے بڑھ جائیں گے اور اگر اس کے برعکس صورتحال پیش آئے تو عرب ان صحراؤں کے راستوں سے زیادہ واقف ہیں وہ اپنی سرزمین میں زیادہ بہادری سے لڑ سکیں گے اور ان کے لیے پلٹ کر دوبارہ جھپٹنا آسان رہے گا"۔

اس پیشگی منصوبہ بندی کے نتائج یہ تھے کہ مسلمانوں پر جنگ سے قبل ہی انکا ہدف اور مقصد بالکل واضح ہوتا تھا۔ وہ تیز رفتاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پڑاؤ کی مناسب اور پہلے سے طے شدہ جگہوں پر قابض ہو جایا کرتے تھے۔ مسلمانوں کی کوئی بھی چھوٹی بڑی جنگ ایسی نہ تھی جو امیر المومنینؓ کی اجازت اور مشورہ و منصوبہ بندی کے بغیر لڑی گئی ہو۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عمرؓ اپنا تسلط قائم رکھنے کا کس قدر اہتمام کرتے تاکہ اسلامی فوجیں ایک منظم دائرہ کار کے تحت رہیں اور بے ہنگم ہجوم نہ بن جائیں۔

## دشمن کے رسد اور کمک کے راستے کاٹ دینا

میدان جنگ میں رسد اور کمک کی اہمیت بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور کوئی بھی جنگ بغیر رسد اور کمک کے لڑنا نہایت مشکل ہو جاتا ہے اور ایسی فوج میدان جنگ میں زیادہ دیر تک ٹھہر نہیں سکتی جس کے رسد اور کمک کے راستے بند کر دیے گئے ہوں۔ عمرؓ رسد اور کمک کی اس اہمیت کو بخوبی سمجھتے تھے چنانچہ آپؓ بھی اپنے سالاروں کو یہی تاکید کرتے تھے کہ دشمن کے علاقے میں پہنچ کر ان کے راستوں پر قبضہ کر لیا جائے تاکہ ان تک امدادی فوج یا غلہ واناج وغیرہ یا اسلحہ وغیرہ نہ پہنچنے پائے۔ اسی قسم کی نصیحت آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کو قادسیہ کی طرف روانہ کرتے ہوئے کی تھی کہ دشمن کے علاقے میں پہنچ کر ان کے راستوں پر اپنے فوجی پھیلا کر قبضہ کر لینا۔

آپؓ کے مقرر کردہ سالار بھی چونکہ جنگی علوم فنون کے ماہر ہوا کرتے تھے لہٰذا وہ بھی آپؓ ہی کے جیسی حکمت عملی تیار کرتے تھے۔ جیسا کہ فتح دمشق کے موقع پر ابو عبیدہ بن الجراحؓ نے دمشق سے لے کر بیسان تک کے تمام راستوں پر اپنا قبضہ کرنے اور دشمن کی سپلائی لائن کاٹنے کے لیے دس کمانڈروں کو روانہ کیا اور ان کا سالار ابوالاعور کو مقرر کیا۔ اسی طرح ایک فوج علقمہ بن حکیمؓ اور مسروقؓ کی قیادت میں فلسطین کی جانب الگ الگ مقامات پر تعینات کی تاکہ رومیوں کو کہیں سے کمک نہ مل سکے۔ ابو عبیدہ بن جراحؓ نے ایک اور

[1] ایضاً، ص490

فوجی دستہ ذوالکلاع کی قیادت میں دمشق کے شمالی علاقوں میں حمص اور دمشق کے درمیان قائم رابطہ سڑک کی نگرانی پر مامور کیا تاکہ اس طرف سے دشمن کے خطرے سے محفوظ رہا جائے اور رومیوں کے پاس حمص کی جانب سے کوئی امدادی فوج یا کمک نہ پہنچ سکے۔ اسی طرح آپؓ نے فتح دمشق کے موقع پر چالیس ہزار میں سے نصف فوج یعنی بیس ہزار سپاہی ایک دوسرے علاقے فحل کی جانب بھیج دیئے تاکہ اس علاقے سے دشمن کی دراندازی کے خطرے کا سدباب کیا جاسکے۔[1]

رسد اور کمک کے راستے کاٹ دینے سے دشمن کی زندگی داؤ پر لگ جاتی تھی کیونکہ وہ اپنے ساتھ ایک محدود مقدار میں ہی خوراک ذخیرہ کرسکتے تھے۔ چنانچہ ان کی سپلائی لائن کاٹنے سے وہ بہت جلد بے دست و پا ہو کر ہتھیار ڈال دیا کرتے تھے۔ نیز اسی کی بدولت وہ مسلمانوں کے خلاف بڑی جمعیتیں اکٹھی نہیں کرپاتے تھے۔

## مذاکرات کی اجازت

اسلامی فتوحات کا بنیادی مقصد صرف اور صرف "اعلائے کلمۃ اللہ" ہے اور اگر یہ مقصد جنگ کیے بغیر ہی حاصل ہو جائے تو مسلمان کبھی بھی جنگ پر مصر نہیں رہا کرتے تھے۔ عہد نبویؐ سے لے کر پوری تاریخ اسلامی میں ہمیں یہ بات نظر آتی ہے کہ تمام مسلمان فوجیں جنگ سے قبل دشمن کو دعوت و تبلیغ کا فریضہ ضرور سرانجام دیتی تھی اور عمر فاروقؓ کے دور میں اور بعد کے ادوار میں بھی کئی بہت بڑے بڑے علاقے صرف دعوت کے نتیجے میں اور مذاکرات کے نتیجے میں ہی مسلمانوں کے زیر نگیں آئے اور جنگ کی ضرورت پیش نہیں آئی۔ معرکہ نہاوند کے بعد فارسیوں کے تمام بڑے بڑے سردار اور سالار ہمدان، اصفہان اور طبرستان کے علاقوں کی طرف چلے گئے اور وہاں جاکر مسلمانوں سے صلح کے سلسلے میں خط و کتابت کی اور مسلمانوں نے بھی ان کی درخواست قبول کی اور یوں یہ بڑے شہر بغیر جنگ کے فتح ہو گئے۔ قومیس اور جرجان کے علاقے بھی اسی طرح بغیر جنگ کے فتح ہوئے۔ کیونکہ دین اسلام خون خرابے کو پسند نہیں کرتا اور عمر فاروقؓ بھی اپنے سالاروں کو یہ نصیحت کیا کرتے تھے کہ اشد ضرورت کے بغیر جنگ شروع نہ کرنا۔ جنگ قادسیہ کے موقع پر آپؓ نے سعد بن ابی وقاصؓ کے نام خط لکھا کہ:

"وَلَا يَكْرَبَنَّكَ مَا يَأْتِيكَ عَنْهُمْ، وَلَا مَا يَأْتُونَكَ بِهِ، وَاسْتَعِنْ بِاللَّهِ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ، وَابْعَثْ إِلَيْهِ رِجَالًا مِنْ أَهْلِ النَّظَرِ وَالرَّأْيِ وَالْجَلَدِ يَدْعُونَهُ، فَإِنَّ اللَّهَ جَاعِلٌ دُعَاءَهُمْ تَوْهِينًا لَهُمْ وَفَلَجًا عَلَيْهِمْ، وَاكْتُبْ إِلَيَّ فِي كُلِّ يَوْمٍ"[2]

"دشمن کی جنگی تیاریوں سے خوفزدہ اور پریشان نہیں ہونا بلکہ اللہ تعالی سے استعانت طلب کرنا اور اسی پر توکل رکھنا اور دشمن کے پاس اسلام کی تبلیغ کرنے کے لیے ایسے افراد کو روانہ کرو جو فکر و نظر کے مالک ہوں، متحمل مزاج اور بہادر ہوں۔ اللہ اس تبلیغ کو ہماری کامیابی کا اور دشمن کی ذلت و رسوائی کا ذریعہ بنائے گا اور مجھے روزانہ خط روانہ کرتے رہو"۔

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص724

[2] ابن کثیر، **البداية والنهاية**، ج9، ص619

یہ خط پاکر سعدؓ نے اہل علم اور اعلیٰ خاندانی نسب رکھنے والے اور دلیر افراد پر مشتمل ایک دستہ تیار کیا جن کو دعوت کا فریضہ سرانجام دینے کے لیے روانہ کیا، جن میں نعمان بن مقرن، عدی بن سہیل، بسر بن ابی رہم، مغیرہ بن شعبہ، عاصم بن عمرو، معنیٰ بن حارثہ اور اشعث بن قیس رضی اللہ عنھم وغیرہ جیسے صحابی موجود تھے۔ یہ لوگ اپنے قبیلوں کے سردار اور قابل عزت افراد تھے اور ان کے انتخاب کی وجہ یہ تھی کہ یہ دعوت و تبلیغ کی حکمت اور مصلحت کو سمجھتے تھے اور اچھی گفتگو اور مناظرہ کے اصولوں سے بھی خوب واقف تھے۔ یہ لوگ نہ صرف دعوت و تبلیغ کے ماہر تھے بلکہ جنگی علوم و فنون کے بھی ماہر اور سپہ سالار تھے۔ سعدؓ نے ان کو یزدگرد کی فوج کی طرف روانہ کیا تا کہ دعوت کے ذریعے ہی وہ مسلمانوں کے زیر غلبہ آجائیں اور انسانی خون بہانے کی ضرورت پیش نہ آئے۔ ان تمام افراد نے دعوت و تبلیغ کا حق ادا کر دیا۔ جنگ شروع ہونے سے قبل ان کے اور ایرانی قیادت کے درمیان مذاکرات کے طویل دور چلتے رہے تاہم ایرانیوں نے اس موقع پر دعوت کو قبول نہ کیا اور جنگ کی نوبت آہی گئی۔ اس کے بعد جنگ قادسیہ سے عین قبل سعد بن ابی وقاصؓ نے رستم کے مطالبے پر اس کی جانب بھی ربعی بن عامرؓ کو مذاکرات کے لیے سفیر بنا کر بھیجا اور انہوں نے وہاں پر اسلام کی نمائندگی کا حق بہترین طریقے سے ادا کیا اور ذرا برابر بھی کمزوری نہیں دکھائی۔[1]

جنگ فحل سے پہلے رومیوں کے مطالبے پر مسلمانوں نے ان کی جانب معاذ بن جبلؓ کو اپنا سفیر بنا کر بھیجا۔ رومیوں نے ان کو اپنے زیب و زینت، بہترین اسلحے اور دربار کی قیمتی اشیاء کے ذریعے مرعوب کرنے کی کوشش کی لیکن معاذ بن جبلؓ ان میں سے کسی ایک چیز کو بھی خاطر میں نہ لائے اور وہاں پر انتہائی جرات اور بہادری کے ساتھ اپنا موقف پیش کیا۔ رومیوں نے آپؓ سے عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں کچھ سوالات پوچھے پھر انہوں نے آپؓ سے مسلمانوں کی یہاں آمد کا مقصد پوچھا اور پھر اپنی کثیر تعداد کے ذریعے ڈرانے کی کوشش کی لیکن معاذ بن جبلؓ نے ان کے ہر سوال کا جواب انتہائی مدلل طریقے سے قرآن کی آیات کی روشنی میں دیا۔ اس طرح کی طویل گفت و شنید کے بعد رومیوں نے آپؓ کو دھمکیوں کے ذریعے مرعوب کرنے کی کوشش کی لیکن آپؓ اس سے بھی مرعوب نہ ہوئے بلکہ جب رومیوں نے آپؓ سے یہ کہا کہ وہ دن دور نہیں جب ہم تمہیں رسیوں میں باندھ دیں گے تو معاذؓ نے کہا کہ ہمیں گرفتار کرنا تو دور کی بات ہے، ہمارا آخری فرد بھی اپنی جان دینے تک لڑتا رہے گا یا پھر ہم تمہیں ذلیل و رسوا کر کے یہاں سے نکال دیں گے۔[2]

مذاکرات کے ذریعے دو قسم کے فوائد حاصل کیے جاتے تھے۔ بسا اوقات مسلمانوں کی دعوت کے نتیجے میں دشمن اسلام کی جانب مائل ہو جاتا یا صلح پر مائل ہو جاتا اور خون بہانے کی نوبت نہ آتی اور پورا شہر مسلمانوں کے قبضے میں آجاتا۔ دوسری صورت میں مسلمان جن لوگوں کو سفیر بنا کر بھیجا کرتے تھے وہ اسلام کی نمائندگی اتنے بہترین طریقے سے کیا کرتے تھے کہ دشمن پر مسلمانوں کی دھاک بیٹھ جایا کرتی تھی۔ یہاں تک کہ رستم یہ کہنے پر مجبور ہو گیا کہ یہ لوگ مرد کہے جانے کے قابل ہیں اور اگر ان لوگوں کے درمیان اتحاد اور اتفاق اسی طرح قائم رہا تو کوئی قوم بھی ان کی خلاف کامیاب نہیں ہو سکے گی اور کوئی بھی چیز ان کا مقابلہ نہیں کر سکتی۔[3]

---

[1] ایضاً، ص622

[2] الکلاعی، ابو ربیع، **الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء**(بیروت: دار الکتب العلمیہ1420ھ)، ج2، ص231

[3] ابن اثیر، **الکامل فی التاریخ**، ج3، ص300

مذاکرات کے راستے کھلے رکھنے کا فائدہ یہ ہوا کہ بہت سے چھوٹے بڑے شہر صرف گفت و شنید کے نتیجے میں مسلمانوں کے قبضے میں آ گئے اور خون بہانے کی نوبت نہ آئی اور اسلام کے فلسفہ جہاد میں یہی چیز مطلوب ہے۔ اسی کے نتیجے میں مسلمانوں کے اخلاق دشمن پر ظاہر ہوئے جنہوں نے غیر مسلموں پر گہرا اثر ڈالا اور ان علاقوں کی ایک بڑی تعداد اسلام قبول کرنے لگی۔ دوسرا مقصد یہ حاصل ہوا کہ مذاکرات کیلئے مقرر کردہ مسلمان نمائندے دشمن کے ساتھ ہمیشہ غالب رہ کر بات کرتے تاکہ اگر وہ دعوت قبول نہ بھی کرے تب بھی اس پر رعب طاری ہو جائے۔

## جاسوسی

حضرت عمرؓ کے دور میں عسکری و انتظامی امور کیلئے جاسوسی کو خصوصاً استعمال میں لایا گیا۔ جس طرح عمرؓ انتظامی امور میں جاسوس مقرر کیے رکھتے جو انہیں رعایا اور امراء کی خبریں دیا کرتے تھے اسی طرح حالات جنگ میں بھی آپؓ کا جاسوسی کا محکمہ مکمل طور پر فعال رہتا تھا۔ آپؓ کے جاسوس مکمل جنگی احوال کی خبریں اپنے سالاروں اور آپؓ تک پہنچایا کرتے تھے جن کی مدد سے دشمن کی استعداد و تعداد اور دیگر حالات کی خبر ہو جاتی اور جوابی حکمت عملی تیار کرنے میں آسانی ہوتی تھی۔ اسی مقصد کے لیے آپؓ اپنے امراء کو دشمن کی طرف جاسوس بھیجنے کا حکم بھی دیا کرتے تھے جیسا کہ سعد بن ابی وقاصؓ کو عراق کی جانب روانہ کرتے ہوئے آپ نے جو ہدایات دیں ان میں سے یہ بھی تھی کہ:

"وَإِذَا وَطِئْتَ أَدْنَى أَرْضِ الْعَدُوِّ، فَأَذْكِ الْعُيُونَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُمْ، وَلَا يَخْفَ عَلَيْكَ أَمْرُهُمْ، وَلْيَكُنْ عِندَكَ مِنَ الْعَرَبِ أَوْ مِنْ أَهْلِ الْأَرْضِ مَنْ تَطْمَئِنُّ إِلَى نُصْحِهِ وَصِدْقِهِ، وَلْيَكُنْ مِنْكَ عِنْدَ دُنُوِّكَ مِنْ أَرْضِ الْعَدُوِّ أَنْ تُكْثِرَ الطَّلَائِعَ، وَتَبُثَّ السَّرَايَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُمْ"[1]

"جب تم دشمن کے علاقے میں پہنچ جاؤ تو حالات سے وقفیت حاصل کرنے کے لیے اپنے جاسوس روانہ کرو اور دشمن کے حالات سے پوری طرح واقف رہو۔ تمہارے پاس جاسوسی کے لیے مقامی لوگ یا عرب لوگ موجود ہونے چاہیے جو کہ نیک نیت ہوں اور سچ بولنے والے ہوں اور جن پر تمہارا پورا یقین اور بھروسہ ہو۔ دشمن کے علاقے کے نزدیک پہنچ کر اطلاعی دستوں میں اضافہ کرو اور ان دستوں کو اپنے اور دشمن کے درمیان پھیلا دو"۔

جنگ قادسیہ سے قبل جب مسلمانوں کے سپہ سالار سیدنا سعد بن ابی وقاصؓ کو ایرانی فوج کے آگے بڑھنے کی خبر ملی تو آپؓ نے عمرو بن معدیکربؓ اور طلیحہ بن خویلد اسدی کو دس آدمیوں کی ایک ٹیم کے ہمراہ دشمن فوج کی جاسوسی کرنے کے لیے بھیج دیا۔ یہ لوگ وہاں سے روانہ ہونے کے بعد کچھ فاصلے پر ہی پہنچے تھے کہ وہاں انہوں نے دیکھا کہ دشمن کا لشکر ساحل پر قیام کیے ہوئے ہے۔ طلیحہ کے علاوہ باقی سب لوگ وہاں سے واپس چلے آئے لیکن طلیحہ نے مزید معلومات کے لیے اپنا سفر جاری رکھا اور روپ بدل کر دشمن کی فوج میں داخل ہو گئے۔ وہاں پر دشمن کی مکمل جاسوسی کی اور واپس آکر سعد بن ابی وقاصؓ کو دشمن کی تمام جنگی تیاریوں اور نقل و حرکت سے آگاہ

---

[1] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج3، ص491

کیا۔ طلیحہ کی اس جاسوسی کا مسلمان فوج کو بہت فائدہ ہوا اور سعدؓ دشمن کے خلاف مؤثر جنگ حکمت عملی بنانے میں کامیاب ہوئے۔ یہ طلیحہ اسدی وہی ہیں جو فتنہ ارتداد کے وقت مرتدین کے سردار تھے لیکن بعد میں توبہ کر کے دوبارہ سے اسلام قبول کر لیا۔ ان لوگوں کے متعلق عمر فاروقؓ کی یہ رائے تھی کہ ان کو جنگ میں تو شامل رکھا جائے لیکن ان کو بڑے منصبوں اور عہدوں پر فائض نہ کیا جائے۔ لیکن ساتھ ہی ساتھ ان کو ایسے مواقع ضرور فراہم کیے جاتے تھے جن کے ذریعے وہ اپنے ایمان اور تقویٰ کی شہادت پیش کر سکیں۔

چنانچہ طلیحہ اسدی اور عمرو زبیدی نے شاندار خدمات سرانجام دیں۔ اسی طرح جنگ نہاوند سے قبل بھی مسلمانوں کی فوج کے سپہ سالار نعمان بن مقرنؓ نے نہاوند پر حملہ کرنے سے پہلے طلیحہ بن خویلد اسدی اور عمرو بن ابو سلمہ عنزی اور عمرو بن معد یکربؓ کو ایک جاسوسی مشن پر روانہ کیا جس کا مقصد یہ تھا کہ وہ راستے کے حالات اور دشمن کی استعداد و تعداد وغیرہ کا اندازہ لگا کر واپس آئیں۔ مسلمانوں کی فوج کا پڑاؤ دشمن کی فوج سے کم از کم بیس فرسخ کے فاصلے پر تھا۔ یہ تینوں مجاہدین ایک ہی رات میں یہ سارا سفر کر کے اور مکمل معلومات لے کر واپس آئے اور امیر لشکر کو بتایا کہ راستے کے کیا حالات ہیں اور راستہ ہمارے لیے کسی ناخوشگوار حادثے کا باعث نہیں بن سکتا اور ساتھ ساتھ ہی دشمن کی تعداد وغیرہ کے متعلق بھی خبر دی۔[1]

رومی علاقوں کی فتوحات کے موقع پر جب عمرو بن عاصؓ کا مقابلہ روم کے ایک نامی گرامی سالار ارطبون سے ہوا تو عمرو بن عاصؓ بذات خود جاسوسی کے لیے اس کے لشکر میں جا داخل ہوئے اور پھر بحفاظت وہاں سے واپس بھی نکل آئے۔[2]

فتح خراسان کے موقع پر جب یزدگرد نے خاقانِ ترک سے مدد مانگی تو ترکوں کا ایک بہت بڑا لشکر مسلمانوں کے مقابلے کے لیے روانہ ہوا۔ اس جنگ میں مسلمانوں کے سالار احنف بن قیس تھے۔ احنف دشمن کے احوال دریافت کرنے کے لیے بذات خود رات کے ایک حصے میں اپنے ایک دستے کے ساتھ خاقان کے پڑاؤ کے مقامات کی تلاش میں نکلے۔ اس جاسوسی مہم کی سربراہی آپ خود کر رہے تھے، راستے میں آپ کو خاقان کے لشکر کے ہراول دستے کے کچھ افراد ملے تو آپؓ نے ان کو قتل کر دیا۔ یہ اپنی قوم کے بزرگ لوگ تھے اور ان کا قتل خاقان کے لیے بدشگونی کی علامت سمجھا جاتا تھا لہٰذا خاقان ان کے قتل کے بعد وہاں سے واپس روانہ ہو گیا اور یزگرد دوبارہ سے تنہا رہ گیا۔[3]

دمشق کی فتح میں بھی مسلمانوں کے محکمہ جاسوسی نے اہم کردار ادا کیا۔ اس کا واقعہ یہ ہے مسلمان طویل عرصے سے دمشق کا محاصرہ کیے ہوئے تھے تاہم دمشق کے لوگ قلعہ بند تھے اور شہر میں داخلے کا کوئی راستہ نہیں نظر آتا تھا۔ حالات یوں ہی تھے کہ حضرت خالد بن ولیدؓ کے مقرر کردہ ایک جاسوس نے ایک روز آ کر آپ کو اطلاع دی کہ آج دمشق کے لوگ ایک سالار کے بیٹے کی پیدائش کی دعوت کی خوشی میں ساری رات وہاں مصروف رہیں گے اور صبح آ کر وہ سو جائیں گے اور اپنی ذمہ داریوں سے غافل ہو جائیں گے۔ یہ اطلاع اتنی اہم

---

[1] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص694

[2] شبلی، **الفاروق**، ص163

[3] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج4، ص169

ثابت ہوئی کہ اسی سے فائدہ اٹھاتے ہوئے خالد بن ولیدؓ نے قلعے کے ایک حساس حصے سے رسیوں کے ذریعے قلعے کو پار کیا اور قلعے کے اندر جا کر دروازے کھول دیے اور مسلمان فاتح بن کر دمشق شہر میں داخل ہوئے۔ اس قسم کے تمام واقعات سے جاسوسی کی اہمیت معلوم ہوتی ہے کہ جنگ کے اندر اس کا کردار کس قدر اہم ہے اور عمر فاروقؓ کی فوجیں اس کا کتنا خیال رکھا کرتی تھی۔

جاسوسی کے اس نیٹورک نے مسلم افواج کو بے پناہ فائدے پہنچائے اور بڑے نقصانات سے بچایا۔ اسی کی بدولت اسلامی فوجیں دشمن کے حالات کی پوری خبر حاصل کر کے پیشگی منصوبہ بندی اور حفاظتی اقدامات کر لیتی تھیں۔ دشمن کی تعداد، رفتار اور جنگی تیاریوں کا علم ہو جاتا اور ان کے نتیجے میں جنگی حکمت عملی تیار کرنے میں مدد ملتی۔

**محاصرہ**

قدیم دور کی جنگوں میں شہر مکمل فصیل میں گھرے ہوتے تھے اور دشمن کے حملے کی صورت میں شہری اگر مقابلے کی سکت نہ رکھتے تو خود کو قلعہ بند کر لیا کرتے تھے۔ ان قلعوں میں کئی کئی مہینوں کی خوراک ذخیرہ ہوتی تھی تاکہ ہنگامی حالات میں خوراک کی قلت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دشمن فوج کچھ عرصہ محاصرہ کرنے کے بعد ناکام واپس چلی جاتیں یا کسی دوسرے علاقے کا رخ کرتی تھیں کیوں محاصرے کو طول دینے کیلئے انتہائی صبر آزمائی، برداشت اور مضبوط اعصاب کا ہونا ضروری ہے۔ تاہم عمرؓ کے دور میں مسلمانوں نے کئی بڑے شہر طویل محاصروں کے بعد حاصل کیے جن میں دمشق، بیت المقدس اور مصر کے اسکندریہ و فسطاط شامل ہیں۔ ان میں سے کئی علاقوں کا موسم عرب مسلمانوں کے مزاج کے مطابق نہ ہوتا تھا اور انتہائی نامساعد حالات کا سامنا کرنا پڑتا تھا لیکن اسلامی فوجیں ایسے مشکل حالات میں بھی ڈٹی رہتیں اور آخر کار دشمن ہتھیار ڈالنے پر مجبور ہو جاتا۔

فارسیوں نے جب پے در پے شکستوں کے بعد فارس کے شہر جلولاء میں مجتمع ہونے کی کوشش کی تو عمرؓ کے حکم پر سعد بن ابی وقاصؓ نے ہاشم بن عتبہؓ کی قیادت میں بارہ ہزار کی فوج جلولاء کی طرف روانہ کی۔ اس فوج نے جلولاء کا محاصرہ کر لیا۔ فارسی شہر ہی میں چھپے رہے اور کبھی کبھار باہر نکل کر الجھنے کی کوشش کرتے۔ ہاشمؓ نے اپنی فوج کے ساتھ دوران محاصرہ ان پر اسی حملے کیے اور ہر بار کامیاب ہوئے۔ طویل محاصرے بعد آخر ایک روز مسلمانوں نے آخری اور زوردار ہلہ بول کر فارسیوں کے محافظ دستوں کو پچھاڑ دیا اور قعقاع بن عمروؓ نے اندر داخل ہو کر قلعے کے دروازے کھول دیئے اور مسلمانوں نے شہر فتح کر لیا۔ اس دن مسلمانوں کے ہاتھوں تقریباً ایک لاکھ فارسی مارے گئے۔[1]

اسی طرح فارس کے شہر تستر کا کئی مہینوں تک محاصرہ رہا اور اور آخر کار ایک خفیہ اطلاع پر مسلمان ایک رات نکاسی آب کے راستے سے قلعے میں داخل ہوئے اور دروازے کھول دیئے اور مسلمان فوج قلعے پر حملہ آور ہو گئی اور یوں یہ شہر بھی فتح ہو گیا۔[2]

---

[1] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج4، ص27

[2] ابن کثیر، **البدایۃ والنھایۃ**، ج10، ص59

فارس کا مشہور شہر مدائن بھی سعد بن ابی وقاصؓ کی قیادت میں طویل محاصرے کی زد میں رہا۔ آخر ایک روز شاہ فارس نے اپنا ایک ایلچی مسلمانوں کی جانب روانہ کیا جس نے مسلمانوں کو آدھے علاقے پر قبضے کی پیشکش کی لیکن مسلمانوں کی جانب سے ابو مفرز اسود بن قطبہ نے اس کو سخت جواب دے کر واپس روانہ کر دیا۔ شاہ فارس نے یہ جواب سن کر مسلمانوں سے خوفزدہ ہو کر وہ شہر خالی کر دیا اور جب اسلامی فوج شہر میں داخل ہوئی تو انہیں وہاں ایک شخص کے علاوہ کوئی بھی ذی روح نظر نہ آیا۔ اسی شہر میں مسلمانوں کو شاہان فارس کا وہ خوبصورت قصر ابیض ملا جو موتی کی طرح چمکدار تھا۔ سعدؓ نے اسے جائے نماز بنا کر وہاں جمعہ کی نماز ادا کی اور اللہ کی حمد و ثناء پر مبنی خطبہ دیا۔[1]

ابو عبیدہ بن جراحؓ کی قیادت میں جب اسلامی فوج نے دمشق کی جانب پیش قدمی کی تو اہلیان دمشق نے بھی خود کو فصیل بند کر لیا جس پر مسلم فوج نے انکا محاصرہ کر لیا۔ اہل دمشق کا خیال تھا کہ مسلمان یہاں کے سخت موسم کو برداشت نہ کر سکیں گے کیونکہ وہاں شدید سردی و برفباری تھی لیکن مسلمانوں نے صبر و استقامت کا مظاہرہ کیا اور کوئی چیز ان کے قدموں کو نہ ہلا سکی۔ محاصرے کو طول دینے کیلئے لشکر کو ہفتہ واری نظام میں تقسیم کیا گیا۔ ایک حصہ ہفتہ بھر محاصرہ کرتا اور دوسرا حصہ آرام کرتا پھر وہ آرام کرنے آجاتے اور دوسرا حصہ جا کر محاذ سنبھال لیتا۔ اسکے ساتھ ساتھ مسلمان مختلف جنگی حکمت عملیاں اختیار کرتے رہے یہاں تک کہ خالد بن ولیدؓ کی بہترین حکمت عملی کی بدولت دمشق فتح کر لیا۔[2]

دمشق کی فتح کے بعد فحل کا شہر بھی شرحبیل بن حسنہؓ کی قیادت میں مسلمانوں کے محاصرے میں آگیا اور یہاں بھی طویل محاصرہ رہا لیکن آخر کار یہ شہر بھی فتح ہو گیا اور دشمن کی بڑی تعداد قتل ہوئی۔

اسی طرح بیت المقدس کا شہر چار ماہ تک مسلمانوں کے محاصرے میں رہا۔ ان چار ماہ میں مسلسل جھڑپیں بھی ہوتی رہیں اور یہاں بھی مسلمانوں کو سخت سردی، بارشوں اور برفیلی ہواؤں کا سامنا کرنا پڑا لیکن ان کے پائے استقلال میں کوئی لغزش نہ آئی اور پھر آخر وہاں کے حاکم نے محاصرے کی شدت سے تنگ آکر صلح کی پیشکش کی جو کہ عمرؓ نے قبول کر لی اور شہر مسلمانوں کے قبضے میں آگیا۔[3]

اسی طرح مصر کا شہر بلبیون چار ماہ اور اسکندریہ نو ماہ کے محاصرے کے بعد فتح ہوئے۔

ان محاصروں کے نتیجے میں جیسا کہ ظاہر ہے بڑے بڑے شہر مسلمانوں نے فتح کیے۔ ان کی بدولت ہی مسلمانوں میں سخت موسمی و جغرافیائی حالات برداشت کرنے کی سکت پیدا ہوئی اور ان کو صبر و استقامت کی مشق حاصل ہوئی۔ ایک بڑا فائدہ یہ ہوا کہ ان محاصروں کے دوران مسلمانوں نے کئی جدید ہتھیاروں کا استعمال مثلاً منجنیق وغیرہ کا استعمال شروع کیا اور دوسری طرف کئی نئی جنگی چالوں کا نفاذ کرنا شروع کیا جیسا کہ چھاپہ مار کاروائیاں اور گوریلا حملے وغیرہ۔

---

[1] البلاذری، **فتوح البلدان**، ص258

[2] البلاذری، **فتوح البلدان**، ص129

[3] الواقدی، محمد بن عمر، **فتوح الشام**(بیروت: دار الکتب العلمیة)، ج1، ص224

# فصل ثانی: دوران جنگ کی حکمت عملیاں

جنگ فقط فوجوں کے ٹکراؤ کا نام نہیں ہے بلکہ جنگ شروع ہونے کے بعد بہترین حکمت عملی و منصوبہ بندی کا نفاذ، وسائل کا درست استعمال، اور ذہانت کا امتحان بھی ہوتا ہے۔ دور فاروقی میں آپؓ کی فوجوں نے تمام جنگیں عسکری مہارت اور بہترین حکمت عملیوں کے ذریعے لڑیں اور ان میں کامیابیاں حاصل کیں۔ آپؓ کے سالاروں نے دشمن کی نقل و حرکت کو سمجھتے ہوئے وسائل و طاقت کا بہترین استعمال کیا۔ جنگ کی بدلتی صورتحال کے مطابق کبھی جارحانہ تو کبھی دفاعی پوزیشن پر جنگیں لڑیں۔ جنگوں میں دشمن پر نفسیاتی حملے، سفارتی ذرائع، تیز رفتاری اور گھات لگا کر حملہ کرنے جیسی جنگی تکنیکوں کا استعمال کیا۔ ان سب کی تفصیل ذیل میں ہے۔

## قرآنی آیات اور رجزیہ شاعری کا استعمال

نبی کریم ﷺ کے دور سے ہی جنگوں میں شاعری کا استعمال نظر آتا ہے۔ شاعری انسان کی نفسیات پر اثر انداز ہو کر اس کے جذبات کو ابھارتی ہے اور ولولہ انگیزی پیدا کرتی ہے۔ خود نبی کریم ﷺ غزوہ حنین کے موقع پر یہ شعر ارشاد فرما رہے تھے:

"اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِب      اَنَا ابْنُ عَبْدِ المطَّلِب"[1]

"میں سچا نبی ہوں اس میں کوئی جھوٹ نہیں اور میں عبدالمطلب جیسے عظیم سردار کا بیٹا ہوں"۔

اور غزوہ خندق کے موقع پر بھی صحابہ کرامؓ یہ اشعار پڑھ رہے تھے:

"نَحْنُ الَّذِیْنَ بَایَعُوْا مُحَمَّدَا      عَلَی الْجِهَادِ مَا بَقِیْنَا اَبَدَا"[2]

"ہم وہ ہیں جنہوں نے محمدؐ کی بیعت کی ہے کہ مرتے دم تک آپؐ کے ساتھ جہاد پر قائم رہیں گے"۔

چنانچہ بعد کے ادوار کی جنگوں میں بھی ہمیں صحابہ کرامؓ اور دیگر مجاہدین کا یہ طرز عمل نظر آتا ہے کہ وہ مجاہدین کے سامنے جوش و جذبے کا اظہار کرنے کے لیے شاعری کا استعمال کرتے ہیں۔ جنگ قادسیہ کے موقع پر عمرو بن شاس اسدی نے مختلف اشعار کہے جن میں سے چند ایک یہ ہیں:

"وإنَّا النَّازِلُونَ بِكُلِّ ثغرٍ      وَلَو لَمْ تَلقَهُ إلاّ هَسِيمَا

تَرَى فِيْهَا الجِيادَ مُسَوَّمَاتٍ      مَعَ الأبطالِ يُعْلِكنَ الشَّكِيْمَا"[3]

"اور ہم ہر محاذ پر پہنچتے ہیں چاہے ہمیں فقط خشک گھاس ہی ملے اور تو دیکھے گا کہ ہمارے پاس عمدہ نسل کے نشان زدہ گھوڑے ہیں جو بہادروں کو اپنی پیٹھ پر بٹھائے لگام چبا رہے ہیں"۔

---

[1] القشیری، **صحیح مسلم**، کتاب الجهاد و السیر، باب فی غزوة حنین، ح1776

[2] البخاری، **الجامع الصحیح**، کتاب الجهاد وا لسیر، باب البیعة فی الحرب ان لا یفروا، ح2801

[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص634

اسی طرح سعد بن ابی وقاصؓ نے فوجیوں کے سامنے سورۃ انفال کی تلاوت کا حکم دیا جس کو سن کر تمام مسلمان کے دلوں پر سکینت طاری ہو گئی۔ اسی طرح قعقاع بن عمروؓ بھی یہ اشعار پڑھتے ہوئے نظر آئے:

"أُزْعِجُهُمْ عَمَدًا بِهَا إِزْعَاجا أَطْعَنُ طَعْناً صَائِباً ثَجَّاجَا"[1]

"اس جنگ میں میں انہیں اچھی طرح روندوں گا اور نیزوں سے ٹھیک ٹھیک نشانے لگاؤں گا"۔

اور حضرت خنساءؓ کے چاروں بیٹے اشعار کے ذریعے ہی ایک دوسرے کو جوش دلاتے رہے اور چاروں کے چاروں نے جام شہادت نوش کر لیا۔

جنگ یرموک کے موقع پر بھی جب مسلمان حملے کی شدت کی وجہ سے پیچھے ہٹے تو مسلمان عورتوں نے شعر کہہ کہہ کر ان کو جوش دلایا۔[2]

جنگ کے دوران قرآن میں موجود جہادی احکامات پر مبنی سورتوں کی تلاوت اور پھر جنگ پر ابھارنے والے اشعار مسلمانوں کے جذبات گرما دیا کرتے تھے اور وہ جوش و خروش کے ساتھ دشمن کے مقابلے پر ڈٹے رہتے تھے۔ بلخصوص عورتوں کی شاعری ان کو پیچھے ہٹنے سے روکے رکھتی اور وہ دشمن کا مقابلہ نہایت دلیری و بہادری سے کرتے تھے۔

### مبارزت و مطاردت

جنگ شروع ہونے سے قبل اپنی فوج کے اندر سے نکل کر دشمن کو للکارنا "مبارزت" کہلاتا ہے۔[3] اور پھر مقابلے کیلئے آنے والے دشمن کو زیر کر کے اس کو ہلاک یا گرفتار کر لینا "مطاردت" کہلاتا ہے۔[4]

ابتدائی دور کے مسلمان اس وقت میں رائج تمام روایتی اور غیر روایتی جنگوں کے ماہر ہوا کرتے تھے۔ وہ دشمن کو ہر طرح سے زیر کرنے کی طاقت اور صلاحیت رکھتے تھے۔ جنگ کے میدان میں جنگ شروع ہونے سے قبل سب سے اہم مرحلہ یا جنگ کی سب سے اہم چالیں مبارزت و مطاردت تھیں جس میں اپنی صفوں سے نکل کر دشمن کو للکارا جاتا تھا اور پھر اسے ہلاک یا گرفتار کیا جاتا۔ ابتدائی دور کی تمام جنگوں میں مسلمان مبارزت و مطاردت میں پیش پیش رہتے تھے۔ اپنے دشمن کو للکارتے اور پھر اس کی لاشیں گرا دیا کرتے تھے۔ اور مسلمان ان دونوں فنون میں ہمیشہ دشمن پر غالب رہتے تھے۔ دورِ نبویؐ کی مختلف جنگوں میں بھی اس کا عملی مظاہرہ سامنے آیا۔ دورِ فاروقیؓ کی تقریباً تمام جنگوں میں مبارزت اور مطاردت میں مسلمان دشمن پر غالب رہے۔ جیسا کہ جنگ قادسیہ کے موقع پر پہلے دن سعدؓ نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ میں جنگ شروع کرنے سے پہلے چار تکبیریں لگاؤں گا پہلی تکبیر کے بعد تم تیاری شروع کر دینا، دوسری تکبیر کے بعد تم پوری طرح تیار ہو جانا، تیسری تکبیر کے بعد تم بھی تکبیر کہنا اور لشکر کے شہسوار اس موقع پر دشمن کو دعوتِ مبارزت دیں اور

---

[1] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج3، ص546

[2] شبلی، **الفاروق**، ص129

[3] کیرانوی، **القاموس الوحید**، ص159

[4] ایضاً، ص992

اپنے لوگوں کو جوش وجذبہ دلائیں تاکہ مسلمان شہسوار دشمن کو پیچھے دھکیل سکیں پھر جب چوتھی تکبیر کہوں تو سب مل کر دشمن پر حملہ کر دینا۔ چنانچہ سعدؓ نے نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد جب تین تکبیریں کہیں تو تیسری تکبیر کے بعد مسلمان فوج سے چند دلیر مجاہدین نکلے اور دشمن کے سامنے جاکر دشمن کو دعوتِ مبارزت دی، جوابًا فارسی فوج میں سے بھی چند نامور اور دلیر سپہ سالار مسلمانوں کے مقابلے کے لیے نکلے۔ پھر دونوں فریقین کے درمیان خوب زوردار لڑائی ہوئی جس میں مسلمانوں کی جانب سے غالب بن عبداللہ، عاصم بن عمرو، عمرو بن معدیکرب اور طلیحہ بن خویلد اسدی جیسے نڈر مسلمان شامل تھے۔ فریقین کے درمیان زوردار لڑائی ہوئی لیکن مسلمانوں کی جانب سے کوئی ایک مجاہد بھی شہید نہ ہوا اور انہوں نے دشمن کے تمام سپاہیوں کو قتل کر دیا اور کچھ کو قیدی بنالیا یعنی مبارزت اور مطاردت دونوں میں مسلمان غالب رہے۔[1]

اسی جنگ کے دوسرے روز جب جنگ زوروں پر تھی تو ایرانی فوج کے ایک جنگجو نے آگے بڑھ کر طلیحہ بن خویلد اسدی کو مبارزت کی دعوت دی۔ طلیحہ نے لبیک کہتے ہوئے آنافانااُس پر حملہ کر کے اس کو قتل کر دیا جس سے فارسی فوج کا مورال بہت بری طرح پست ہوا۔

اسی روز جنگ کے ایک نازک موقع پر سعد بن ابی وقاصؓ نے بنو تمیم اور بنو اسد کو مخاطب کر کے دشمن کو پیچھے دھکیلنے کی تاکید کی جس پر ان دونوں قبائل نے خوب زوردار جنگ لڑی اور دشمن کو پیچھے دھکیلنے میں کامیاب رہے، جس میں بنو اسد کے پانچ سو مجاہدین شہید بھی ہوئے۔ جنگ کے دوسرے دن مسلمانوں کی فوج میں شام کی طرف سے آنے والی فوج قعقاع بن عمروؓ کی قیادت میں شامل ہوئی۔ قعقاع بن عمروؓ نے فوج میں شامل ہوتے ہی صفوں سے آگے نکل کر دشمن کو دعوتِ مبارزت دیتے ہوئے کہا کون ہے جو مجھ سے مقابلہ کرے گا۔ قعقاعؓ کی اس للکار کے جواب میں ایرانی فوج کا ایک مشہور سالار ذوالحاجب سامنے آیا۔ قعقاعؓ نے اس سے پوچھا کہ تم کون ہو تو اس نے زوردار آواز میں جواب دیا میں بہمن جاذویہ ہوں۔ یہ سن کر قعقاعؓ کو فوراً معرکہ جسر میں پہنچنے والے مسلمانوں کے نقصانات یاد آئے اور وہ انتہائی جوش وغضب کے ساتھ اس پر پل پڑے اور چند ہی لمحوں میں اسے اس کی فوج کے سامنے قتل کر دیا اور اس کی لاش زمین پر گر گئی۔ بہمن کے قتل کے بعد قعقاعؓ نے دوبارہ دعوتِ مبارزت دیتے ہوئے کہا کون ہے جو میرا مقابلہ کرے گا۔ مقابلے میں ایرانی فوج کے دو سالار آگے بڑھے جن کے نام بیرزان اور بندوان تھے۔ ادھر سے دو سپاہیوں کو آتا ہوا دیکھ کر قعقاعؓ کی مدد کیلئے حارث بن ظبیانؓ آگے بڑھے اور قعقاعؓ کے ساتھ مل کر ان دونوں سے مقابلہ کیا اور ان دونوں کو چند ہی لمحوں میں قتل کر دیا۔ اس جنگ میں فارسی فوج کے پانچ مشہور سالار تھے جن میں سے تین سالاروں کا خاتمہ دعوتِ مبارزت میں ہی قعقاع بن عمروؓ نے کر دیا تھا۔[2]

اسی طرح جنگ یرموک کے موقع پر جب مسلمانوں کے مقابلے میں دشمن کی تعداد دو لاکھ تھی۔ جنگ کے پہلے ہی روز جب دونوں فوجیں آمنے سامنے کھڑی ہوئیں تو رومی فوج سے ایک سپہ سالار صفوں کو چیرتا ہوا آگے بڑھا اور مسلمانوں کو للکارنے لگا۔ مسلمانوں میں سے قیس بن ہبیرہ نے گھوڑا آگے بڑھا کر دشمن کی مبارزت کا جواب دیا اور ساتھ ساتھ رجزیہ اشعار پڑھتے رہے۔ قیس کی رفتار اس قدر

---

[1] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج3، ص539
[2] الکلاعی، **الاکتفاء**، ج2، ص479

تیز تھی کہ دشمن کو ہتھیار سنبھالنے کا موقع بھی نہ مل سکا اور قیس نے اتنا زوردار وار کیا کہ تلوار اس کے آہنی خود کو کاٹتے ہوئے گردن تک اتر گئی۔[1]

مبارزت کے یہ ایمان افروز مناظر تقریبا تمام جنگوں میں نظر آتے ہیں۔ ان کا اثر یہ ہوتا کہ جنگ کے ابتدائی مرحلوں میں ہی دشمن پر مسلمانوں کی شجاعت و بہادری اور جنگی مہارت کی دھاک بیٹھ جاتی۔ دشمن کے بڑے سالار قتل کر دیے جاتے جس سے دشمن کا مورال پست ہو جاتا۔ جیسا کہ بہمن اپنی فوج کے بیس ہزار سپاہیوں کا سالار تھا اور اس کی ہلاکت نے فارسی لشکر کے مورال پر بہت منفی اثرات ڈالے اور پھر یکے بعد دیگرے بیرزان اور بندوان کی ہلاکت نے تو گویا فارسی فوج کی کمر توڑ کر رکھ دی۔

## جنگی صورتحال کے مطابق حکمت عملی بدلنا

جنگ قادسیہ میں مسلمانوں کا مقابلہ ایک انوکھی چیز سے ہوا اور وہ تھے دشمن کے جنگجو ہاتھی۔ عرب لوگ اور ان کی سواریاں اس سے قبل ہاتھیوں سے ناواقف تھے کیونکہ عرب میں ہاتھی نہیں پائے جاتے تھے۔ جبکہ ایرانی فوج کا اہم ترین ہتھیار یہی ہاتھی ہوا کرتے تھے جن کے ذریعے وہ دشمن کو زیر کیا کرتے تھے۔ جنگ کے پہلے دن رستم نے تیرہ ہاتھیوں کے ساتھ مسلمان فوجوں پر بڑا زبردست حملہ کیا جس کا نشانہ قبیلہ بجیلہ سے تعلق رکھنے والے افراد تھے۔ ان کو ہاتھیوں کا مقابلہ کرنے میں مشکل پیش آئی تو سعد بن ابی وقاصؓ نے بنواسد کو پیغام بھیجا کہ قبیلہ بجیلہ کے ساتھ مل کر ہاتھیوں سے بچاؤ اختیار کرو چنانچہ بنواسد نے قبیلہ بجیلہ کے ساتھ خوب تعاون کیا اور ہاتھیوں کو پیچھے دھکیلنے میں کامیاب رہے۔[2]

جنگ کے پہلے روز اگرچہ مسلمانوں نے دشمن کے ہاتھیوں کا ڈٹ کر مقابلہ کیا تاہم کوئی ایسی کارگر تدبیر سمجھ نہ آئی جس کے ذریعے دشمن کے ہاتھیوں سے چھٹکارا پایا جا سکے۔ اسی دوران سعد بن ابی وقاصؓ نے ہاتھیوں سے چھٹکارا پانے کے لیے عاصم بن عمروؓ سے مشورہ کیا۔ انہوں نے اپنے سپاہیوں کو حکم دیا کہ ہاتھیوں کے ہودجوں میں موجود فیل بانوں کو نشانہ بنا کر قتل کر دو کیونکہ وہی ہاتھیوں کو کنٹرول کر رہے تھے اور ہاتھیوں کو جنگ کی صورتحال کے مطابق ہانکنا انہی کی ذمہ داری تھی۔ چنانچہ مسلمانوں نے تاک تاک کر تیروں سے فیل بانوں کو قتل کرنا شروع کر دیا اور ہاتھیوں کی دموں اور ان کی دموں کے ساتھ بندھی ہوئی ہودج کی رسیوں کو کاٹنا شروع کر دیا جس کے نتیجے میں ہاتھی چیخنے چنگھاڑنے لگے اور بدمست ہو کر واپس اپنی ہی فوج کی طرف پلٹ کر ان کو نقصان پہنچانے لگے۔[3] ہاتھیوں کا سب سے بڑا نقصان یہ ہوتا تھا کہ ان کی وجہ سے مسلمان افواج کے گھوڑے خوفزدہ ہو کر ادھر ادھر بدکنے لگتے تھے۔ قعقاع بن عمروؓ نے جب یہ معاملہ دیکھا تو جنگ کے اگلے روز انہوں نے ایک انوکھی تدبیر کی۔ انہوں نے اپنے مسلمان سپاہیوں کے ساتھ مل کر اپنی فوج کے اونٹوں پر بڑے بڑے سیاہ رنگ کے کپڑے اور لکڑیاں وغیرہ لاد کر اپنے اونٹوں کو خوفناک اور ڈراؤنی شکل میں تبدیل کر دیا اور ان کو دشمن کے

---

[1] شبلی، **الفاروق**، ص123

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص633

[3] ابن اثیر، **الکامل فی التاریخ**، ج2، ص305

مقابلے میں اتار دیا۔ دشمن کے گھوڑوں نے جب ان عجیب وغریب شکل کے اونٹوں کو دیکھا تو وہ ان سے خوفزدہ ہو کر بدکنے لگے اور پیچھے بھاگنے لگے اور یوں قعقاع بن عمروؓ کی یہ تدبیر نہایت کامیاب رہی جس کے سبب مسلمانوں نے فارس کے شہسواروں کو پیچھے دھکیل دیا اور ان میں بھگدڑ مچ گئی اور ان کو مسلمانوں کے مقابلے میں کئی گنا زیادہ نقصان اٹھانا پڑا جو مسلمانوں نے پہلے دن اٹھایا تھا۔[1] جنگ کے تیسرے دن رستم اپنے تمام ہاتھیوں کو شہسواروں کے جھرمٹ میں آگے بڑھا کر لے آیا تاکہ مسلمان ہاتھیوں تک پہنچ کر فیل بانوں کو یا ہاتھی کی دموں اور سونڈوں کو نقصان نہ پہنچا سکیں۔ مسلمان اگرچہ ان کا مقابلہ تو کر رہے تھے لیکن سخت دشواری کا سامنا تھا ایسے میں سعد بن ابی وقاصؓ نے مسلمانوں کی فوج میں شامل فارسی سپاہیوں سے پوچھا کہ ان ہاتھیوں سے نمٹنے کا کیا حل ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا جائے اور ان کے سونڈ کاٹ دیے جائیں تو یہ ناکارہ ہو جاتے ہیں۔ سعدؓ نے قعقاع بن عمروؓ اور عاصم بن عمروؓ کو بلا کر ان کے ذمے یہ کام لگایا کہ سب سے بڑے ہاتھی یعنی سفید ہاتھی جسے الابیض کہا جاتا تھا کو قعقاع بن عمروؓ اور دوسرے بڑے ہاتھی جو چتکبرے رنگ کا تھا اور اسے اجرب کہا جاتا تھا، کو عاصمؓ نے قتل کرنا ہے۔ چنانچہ قعقاع بن عمروؓ اور عاصمؓ نے اپنے اپنے ہتھیار سنبھالے اور اپنے اپنے دستوں کو لے کر دشمن کے ہاتھیوں کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ جب ہاتھی گھیرے میں آ گیا تو ان لوگوں نے ان ہاتھیوں کے قریب جا کر ان کی آنکھوں کو پھوڑ ڈالا اور ان کی سونڈوں کو کاٹ ڈالا جس کی وجہ سے وہ زخمی ہو کر وہیں گر پڑے۔ چونکہ یہ سفید ہاتھی ہی تمام ہاتھیوں کا قائد تھا لہٰذا اس کو گرتے دیکھ کر باقی ہاتھی بھی خوفزدہ ہو کر بدکنے لگے اور اپنی ہی فوج کو روندنے لگے۔[2]
یوں اس جنگ میں مسلمانوں کی موقع محل کی مناسبت سے بدلتی ہوئی حکمت عملی نے اہم کردار ادا کیا اور ہاتھی جو مسلمانوں کیلئے دردِ سر بنے ہوئے تھے ان سے چھٹکارا پانے میں کامیابی ملی۔ ہاتھیوں کے ہلاک ہوتے ہی فارسی فوج کی پہلی اور سب سے مضبوط دفاعی لائن ٹوٹ گئی اور مسلمان ان پر پل پڑے۔ ہاتھیوں کی ہلاکت کے بعد اللہ نے مسلمانوں کو عظیم الشان فتح سے نوازا۔

## نفسیاتی حربوں کا استعمال

مسلم افواج جنگوں میں نفسیاتی حربوں کا استعمال بھی وقتاً فوقتاً کیا کرتی تھیں تاکہ دشمن کے حوصلوں کو پست کیا جاسکے اور اسلامی فوج کا مورال بلند کیا جاسکے۔ درحقیقت مسلمان جانتے تھے کہ جو قوم نفسیاتی طور پر شکست کھا جاتی ہے وہ میدان میں بھی قدم نہیں جما سکتی۔ لہٰذا دشمن پر نفسیاتی دباؤ بڑھانے کیلئے مختلف حربے استعمال کیے جاتے تھے۔

جنگ قادسیہ کے موقع پر جب قعقاع بن عمروؓ کی قیادت میں سعد بن ابی وقاصؓ کی کمک کے لیے فوج پہنچی تو قعقاع بن عمروؓ نے دشمن پر دباؤ بڑھانے کے لیے ایک بہترین چال اختیار کی۔ آپؓ کے ساتھ ایک ہزار سپاہی تھے، آپؓ نے ان سب کو ایک سو حصوں میں تقسیم کر دیا یعنی دس دس سواروں کی مختلف ٹولیوں میں ان کو تقسیم کر دیا اور سب کو حکم دیا کہ تھوڑے تھوڑے وقفے کے بعد میدان جنگ میں داخل ہو کر اسلامی فوج سے آملیں۔ سب سے پہلے آپؓ خود پہلی جماعت کے ساتھ آ کر اسلامی فوج میں شامل ہوئے اور زوردار نعرہ تکبیر

---

[1] ابن جوزی، **المنتظم فی تاریخ الملوک والامم**، ج4، ص173
[2] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج3، ص555

بلند کیا۔ پھر اسکے بعد جب بھی افق کی جانب نگاہ دوڑاتے تو وہاں پر آپؓ کو اسلامی فوج کا دستہ آتا ہوا دکھائی دیتا جسے دیکھ کر آپؓ خود بھی اور اسلامی فوج بھی مل کر بلند آواز سے نعرہِ تکبیر بلند کرتے جس سے اسلامی فوج کا مورال اور روحانی غیرت بہت بلند ہو گئی۔ جنگ قادسیہ کے آخری روز قعقاع بن عمروؓ نے دوبارہ سے یہی عمل اختیار کیا اور اپنے ساتھ موجود ایک ہزار سواروں کے دستے کو سو سو کی ٹولیوں میں تقسیم کر کے پہاڑ کے پیچھے چھپا دیا اور ان کو حکم دیا کہ دن کے وقت جب میدان جنگ سج جائے اور جنگ شروع ہونے لگے تو ایک ایک ٹولی کی شکل میں آکر مسلمانوں کے ساتھ شامل ہو جانا۔ چنانچہ یہ ٹولیاں وقفے وقفے سے مسلمانوں کے ساتھ آکر ملتی رہیں۔ شہسوار اپنے گھوڑوں کو دوڑاتے ہوئے گرد و غبار کے بادل اڑاتے ہوئے آکر جنگ میں شامل ہوتے اور تمام مسلمان زوردار نعرہِ تکبیر بلند کرتے۔ اسی طرح آپؓ کے بھائی عاصم بن عمروؓ نے بھی آپ کے ہی طریقے پر عمل کیا جس کی وجہ سے مسلمانوں کے حوصلے بہت بلند ہو گئے۔ ابھی قعقاع بن عمروؓ کے یہ چھپائے ہوئے دستے میدان جنگ میں شامل ہو ہی رہے تھے کہ مسلمانوں کے لیے ایک مزید امدادی فوج ہاشم بن عتبہؓ کی قیادت میں سات سو سواروں کے ساتھ آپہنچی۔ راستے میں موجود قعقاع بن عمروؓ کے ساتھیوں نے ہاشمؓ کو قعقاعؓ کی اس تدبیر سے آگاہ کیا تو ہاشمؓ نے بھی اپنے ساتھ آئے ہوئے لشکر کو اسی طرح چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں تقسیم کر کے میدان جنگ میں داخل ہونے کا حکم دیا۔[1]

اگرچہ مسلمانوں کے لیے یہ امدادی فوج کوئی بڑی تعداد نہیں تھی لیکن قعقاعؓ کی اس تدبیر نے اس موقع پر نہایت موثر کردار ادا کیا اور مسلمانوں سے قلتِ تعداد کا خدشہ دور کر دیا۔ دشمن جب یہ مناظر دیکھتا تو وہ یہ سمجھتا کہ مسلمانوں کو مسلسل کمک مل رہی ہے اور ان کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے جب کہ در حقیقت یہ تعداد میں کوئی اضافہ نہیں تھا بلکہ مسلمانوں کی ایک زبردست حکمت عملی اور تدبیر تھی جس نے جنگ میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کی وجہ سے مسلمانوں کا جوش و خروش بڑھ گیا اور انکے حوصلے بلند ہو گئے جبکہ دشمن مسلسل آتے ہوئے امدادی دستوں کی وجہ سے خوفزدہ ہو گیا اور نفسیاتی طور پر دباؤ میں آ گیا۔

### جدید اسباب وذرائع کا استعمال

مسلم سپہ سالار جنگ میں جدت کے قائل تھے اور صرف روایتی جنگ لڑنے پر ہی مصر نہ رہتے تھے بلکہ جب بھی انہیں کہیں سے کوئی بہتر راستہ یا تدبیر نظر آتی تو وہ اس کو ضرور اختیار کیا کرتے تھے۔ انہی میں سے ایک چیز جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرنا بھی تھا۔ مسلمانوں کو جہاں کہیں بھی کسی جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرنے کا موقع ملتا تو وہ ضرور کرتے یا کوئی بھی نئی ایجاد کرنے کا موقع ملتا تو اس سے ضرور فائدہ اٹھاتے۔ جیسا کہ جنگ قادسیہ کے موقع پر اونٹوں کو خوفناک شکل میں تبدیل کر کے دشمن کے گھوڑوں اور ہاتھیوں کو خوفزدہ کرنا یا منجنیق کا استعمال کرنا وغیرہ۔ فتح مدائن کے موقع پر مسلمانوں نے تقریباً دو مہینے تک فارس کے شہر بہر سیر کا گھیراؤ کیے رکھا۔ اس دوران مسلمانوں کو قلعے کے اندر داخل ہونے کی کوئی تدبیر نہ سوجھ رہی تھی تو مسلمان فوج میں شامل فارسی حلیف قبائل نے مسلمانوں کو منجنیق بنانے کا مشورہ دیا اور پھر انہوں نے خود ہی مسلم فوج کو بیس منجنیقیں تیار کر کے دیں۔ مسلمان فوج مسلسل ان کے ذریعے دشمن کے

[1] الطبری، **تاریخ الرسل و الملوک**، ج3، ص551

علاقوں پر پتھر برساتی رہی جس کی وجہ سے دشمن کو سنبھلنے کا موقع نہ مل سکا اور نہ ہی وہ کوئی مزید جنگی تیاری کر سکے۔ وہ صبح و شام پتھروں کے خوف میں مبتلا رہتے جو باہر سے آکر ان کے مکانات اور ان کی دیواروں کو تباہ کر رہے تھے۔[1]

دراصل صحابہ کرامؓ کو جب بھی مادی اسباب سے فائدہ اٹھانے کا موقع ملتا تو وہ ضرور اٹھایا کرتے تھے کیونکہ اللہ تعالی کا فرمان ہے:

"وَأَعِدُّوا لَهُم مَّا اسْتَطَعْتُم مِّن قُوَّةٍ وَمِن رِّبَاطِ الْخَيْلِ"[2]

"کہ دشمنوں کے خلاف جو تم سے بن پڑے تیار کرو اور گھوڑوں کو تیار کرنے سے بھی"۔

دمشق کی فتح کے موقع پر جب مسلم افواج نے دمشق کا محاصرہ کیا تو اہل دمشق نے اپنے آپ کو شہر میں بند کر لیا۔ دمشق کے ارد گرد ایک مضبوط فصیل تھی جو بہت بڑے بڑے اور بھاری پتھروں سے تعمیر کی گئی تھی۔ اس کی بلندی تقریبا چھ میٹر تھی اور اس میں انتہائی مضبوط لوہے کے دروازے لگائے گئے تھے۔ فصیل کے ارد گرد ایک بہت چوڑی خندق کھودی گئی تھی جس کو عبور کرنا انتہائی مشکل تھا کیونکہ اس کو ہمیشہ پانی سے بھر ا رکھا جاتا تھا جس کی وجہ سے اس شہر میں داخل ہونا آسان نہیں تھا۔ لہذا اس محاصرے کے دوران بھی جب دمشق کا محاصرہ کم و بیش 70 دن تک مسلسل چلتا رہا تو اس جنگ میں بھی مسلمانوں نے منجنیقوں کو استعمال میں لایا اور ان کے ذریعے بھاری پتھروں کو فصیل کے اندر پھینکا گیا جس سے دشمن کو نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔

اسی طرح حضرت خالد بن ولیدؓ نے فتح دمشق کے موقع پر رسیوں کے پھندے بنا کر ان کی مدد سے دمشق کی فصیلوں پر چڑھائی کی اور وہاں سے اتر کر دمشق کے دروازوں کو کھول دیا۔ اس سے پہلے رسیوں کی اس طرح کی سیڑھیوں کا استعمال نہیں کیا جاتا تھا۔[3]

مسلم افواج کی اس جدت پسندی اور جدید ذرائع حرب و ضرب کا استعمال کرنے کے مثبت اثرات مرتب ہوئے۔ مسلمان ہتھیار سازی کی نئی تکنیکوں سے واقف ہوئے۔ نئے ہتھیاروں کے استعمال سے دشمن کو خوب زک پہنچائی اور روایتی کے ساتھ ساتھ غیر روایتی جنگ میں بھی اپنی پختگی اور مہارت کا ثبوت دیا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ آج کے دور کی مسلم افواج بھی جدید ٹیکنالوجی کی ضرورت و اہمیت کو سمجھتے ہوئے اس صنعت کو اختیار کریں اور اقوام عالم کا مقابلہ کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل استعمال میں لائیں۔

## دریا عبور کرنے کی حکمت عملی

مدائن کی فتح کے بعد جب سعد بن ابی وقاصؓ کو معلوم ہوا کہ فارس کا بادشاہ دریائے دجلہ کی تمام کشتیوں اور بحری جہازوں کو اپنے قبضے میں لے کر وہاں سے روانہ ہو گیا ہے اور مدائن کے مشرقی علاقوں میں جا کر قیام پذیر ہو گیا ہے تو وہ بھی دریا عبور کرنے کے متعلق منصوبہ بندی کرنے لگے لیکن کوئی راستہ نظر نہ آرہا تھا۔ آپؓ کی فوج میں موجود فارسی سپاہیوں نے آپؓ کو ایک خطرناک راستے کی طرف رہنمائی کی لیکن آپؓ کا دل وہاں سے دریا عبور کرنے پر آمادہ نہ تھا۔ اسی دوران سعد بن ابی وقاصؓ کو نیند آگئی اور آپؓ نے نیند کے دوران خواب

---

[1] طقوش، محمد سہیل، **تاریخ الخلفاء الراشدین**(دار النفائس2003)، ص205

[2] الانفال: 60

[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص728

دیکھا کہ مسلمان سپاہی اپنے گھوڑوں کے ذریعے دریا عبور کر رہے ہیں۔ چنانچہ آپؓ نے اس کو اللہ کی طرف سے ایک اشارہ سمجھتے ہوئے گھوڑوں پر ہی دریائے دجلہ عبور کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ کیونکہ دریا عبور نہ کرنے کی صورت میں دشمن سے ہر وقت خطرہ برقرار رہتا۔ دشمن جب چاہے کشتیوں کی مدد سے دریا پار کر کے مسلمانوں کو نقصان پہنچاتا اور پھر اپنی کمین گاہوں میں واپس چلا جاتا لہٰذا دریا کو عبور کرنا ضروری تھا۔ جب آپؓ نے اپنی فوج کے سامنے گھوڑوں کے ذریعے دریا عبور کرنے کا فیصلہ سنایا تو سب نے آپؓ کے سامنے سمع و اطاعت کا اظہار کیا۔ پھر آپؓ دریا عبور کرنے کے لیے روانہ ہوئے اور دریا کے ساحل پر پہنچ کر کہا کہ دریا کا مشرقی ساحل ہمارے لیے خطرناک ہے کیونکہ وہاں پر دشمن موجود ہے تم میں سے کون ہے جو آگے بڑھ کر دریا کے مشرقی ساحل پر جا کر قابض ہو جائے تا کہ ہم باقی مسلمان دریا کو عبور کر سکیں۔ آپؓ کی اس دعوت پر عاصم بن عمرو التمیمیؓ نے لبیک کہا اور آگے بڑھ کر چھ سو سواروں کے ساتھ دریا کو پار کیا۔ دریا عبور کرنے کے دوران ہی دشمن نے بیچ دریا آپؓ کے دستے پر حملہ کر دیا لیکن آپؓ اور آپؓ کے ساتھی انتہائی دلیری سے لڑے اور دشمن کو دریا میں ہی تہہ تیغ کر دیا۔ اس روز نصرت الٰہی مسلمانوں کے ساتھ شامل حال رہی اور مسلمانوں کے گھوڑے دریائے دجلہ کی موجوں کو چیرتے ہوئے دریا پار کر گئے اور وہاں جا کر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد باقی مسلمانوں نے بھی سعد بن ابی وقاصؓ کے ہمراہ آہستہ آہستہ مکمل دریا عبور کر لیا۔[1]

آپؓ کی اس خطرناک مہم کا یہ اثر ہوا کہ دشمن پر شدید ہیبت طاری ہو گئی۔ مسلمانوں کے گھوڑوں کے ساتھ دریا پار کرنے کے عمل کو انہوں نے مافوق الفطرت جانا اور مقابلہ کرنے سے قبل ہی ان کے حوصلے پست ہو گئے۔ ساحل اور وہاں موجود کشتیوں پر مسلمانوں کا قبضہ ہو گیا اور پورا مدائن مسلمانوں کے قبضے میں آ گیا۔

### دشمن کی قیادت کو ختم کرنا

جنگ کے دوران فوجیوں کا حوصلہ بلند رکھنے والی ایک اہم ترین چیز قیادت ہوتی ہے۔ ایک بہترین اور بہادر قائد اپنی فوج کو لڑائی پر ابھارتا ہے اور میدان میں ثابت قدم رکھتا ہے۔ مسلم افواج جہاں جنگ کے دوران دشمن کو شکست دینے کے لیے کئی حکمت عملیاں اختیار کرتی تھیں وہیں پر ان کی کوشش یہ بھی ہوتی تھی کہ جلد از جلد دشمن کے سپہ سالار کو قتل کر دیا جائے تا کہ مخالف کے حوصلے پست ہو جائیں اور وہ اپنے سپہ سالار کی ہلاکت کی وجہ سے جنگ چھوڑ کر بھاگنے پر مجبور ہو جائیں۔ جنگ قادسیہ کے موقع پر تین دن کی جنگ کے بعد بھی جب جنگ کا کوئی فیصلہ نہ ہو رہا تھا تو ایک روز قعقاع بن عمروؓ نے ایک نہایت خطرناک فیصلہ لیا اور رستم کے قتل کا ارادہ کر لیا۔ چنانچہ آپؓ نے اپنے ساتھیوں کو ساتھ لے کر دشمن کے قلب پر ایک زوردار حملہ کیا جس سے فارسیوں کے قلب کی صفیں منتشر ہو گئیں اور مسلمان فوجیں لڑتی لڑتی رستم کے بالکل قریب پہنچ گئیں۔ اسی موقع پر مسلمانوں کے لیے نصرت الٰہی کا ظہور بھی ہوا اور ایک تیز آندھی چلی جس سے فارسیوں کو دیکھنے میں دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ خود رستم کا خیمہ بھی اڑ کر دریائے عتیق میں جا گرا اور فارسیوں کی تمام دفاعی تدبیریں ان کے کسی کام نہ آ سکیں۔ قعقاع بن عمروؓ اپنے ساتھیوں کے ساتھ آگے بڑھے اور رستم کے تخت پر قبضہ کر لیا۔ رستم اگرچہ کچھ

[1] ابن جوزی، **المنتظم فی تاریخ الملوک والامم**، ج4، ص205

دیر تک مردانہ وار مقابلہ کرتا رہا تاہم بعد ازاں زخمی ہو کر وہ وہاں سے بھاگ نکلا اور سامان سے لدے ہوئے ایک خچر کی آڑ میں چھپ گیا۔ گرد و غبار کی وجہ سے قعقاع بن عمروؓ کو بھی رستم نظر نہیں آرہا تھا۔ آپؓ جب اس خچر پر سوار ہوئے تو انہیں معلوم نہ ہو سکا کہ اس کے نیچے رستم ہے اور نتیجتاً رستم کی ریڑھ کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ وہ بہت مشکل سے وہاں سے بھاگ نکلا اور تھوڑے فاصلے پر موجود ایک نہر میں چھلانگ لگادی۔ ایک مسلمان سپاہی ہلال اس کی تاک میں تھے انہوں نے اس کا تعاقب کیا اور نہر میں چھلانگ لگا کر اس کو وہاں سے باہر نکال کر قتل کر دیا۔ پھر اس کی لاش کو گھوڑے سے باندھ کر گھسیٹتے ہوئے میدان جنگ میں لائے اور سب کے سامنے بلند آواز میں اعلان کیا کہ رب کعبہ کی قسم! میں نے رستم کو قتل کر دیا ہے۔ یہ اعلان سن کر فوراً مسلمان ان کے ارد گرد جمع ہو گئے اور خوشی کے جشن منانے لگے جبکہ دشمن کے حوصلے فوراً پست ہو گئے۔

رستم کے نائب جالینوس کو جب رستم کے قتل کی اطلاع ملی تو اس نے دریائے عتیق کے پل پر کھڑے ہو کر اپنی فوج کو وہاں سے فرار ہونے کا حکم جاری کر دیا۔ اس کی فوج کا کچھ حصہ پل کے ذریعے دریا پار کر گیا جبکہ کچھ حصہ جو کہ زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا انہوں نے دریا میں چھلانگ لگا کر دریا عبور کرنے کی کوشش کی لیکن مسلمان سپاہیوں نے ان کو تیر مار مار کر ہلاک کر دیا۔ ان کی تعداد 30 ہزار کے لگ بھگ تھی۔[1]

جنگ کے آغاز میں دعوتِ مبارزت کے دوران بھی ان کے کئی بڑے سالاروں کو مسلمانوں نے قتل کر دیا تھا جن کی وجہ سے فارسی فوج مسلمانوں کا مقابلہ کرنے سے کترا رہی تھی۔ جالینوس جو اپنی فوج کو وہاں سے فرار کروانے کی کوشش میں تھا خود بھی وہاں سے فرار ہو گیا لیکن مسلمان جانتے تھے کہ یہ دوبارہ سے فوجوں کو مجتمع کرنے کی کوشش کرے گا لہٰذا زہرہ بن حویہ نے اس کا تعاقب کر کے اس کو قتل کر دیا۔[2]

قادسیہ سمیت دیگر تمام جنگوں میں مسلم افواج نے یہی حکمت عملی اختیار کیے رکھی۔ مجاہدین اسلام بہت جلد دشمن کے بڑے سالاروں کو قتل کر دیتے تھے جس سے دشمن کی نفسیات پر بہت منفی اثر مرتب ہوتا تھا اور اس کی وجہ سے دشمن کے حوصلے ٹوٹ جاتے، جمعیت منتشر ہو جاتی اور وہ میدان جنگ سے فرار ہو جایا کرتے۔

### فدائی کاروائیاں

اس دور کی اسلامی جنگوں میں ہمیں جابجا طور پر فدائی کاروائیاں بھی نظر آتی ہیں جن کی بدولت مسلمانوں کو بڑے فوائد حاصل ہوئے۔ اسی طرح کا ایک واقعہ معرکہ دمشق کے موقع پر باب جابیہ پر پیش آیا۔ جابیہ دمشق کے دروازوں میں سے ایک دروازہ تھا۔ دمشق کی جنگ کے دوران حضرت واثلہ بن اسقعؓ نے دیکھا کہ وہاں پر کافی شور و غل ہو رہا ہے۔ انہوں نے وہاں رک کر انتظار کیا تو دیکھا کہ جنگی گھوڑوں کا ایک قافلہ ادھر سے گزر رہا تھا۔ آپؓ فرماتے ہیں کہ میں نے ان کو آگے نکلنے کا موقع دیا پھر جب وہ مجھے کراس کر کے آگے چلے

---

[1] الکلاعی، **الاکتفاء**، ج2، ص489

[2] خلیفہ، **تاریخ خلیفہ بن خیاط**، ص132

گئے تو میں نے عقب سے اللہ اکبر کہہ کر ان پر حملہ کر دیا۔ دشمن یہ سمجھے کہ شاید ہم پر کسی بڑی فوج نے حملہ کر دیا ہے اور وہ اپنے سالار کو اکیلا چھوڑ کر شہر کی طرف واپس بھاگے۔ میں نے ان کے سالار کو نیزہ مار کر ہلاک کر دیا اور اس کے گھوڑے پر قبضہ کر کے خود اس پر سوار ہوا اور گھوڑا دوڑا دیا۔ جب ان کے ساتھیوں نے دیکھا کہ میں اکیلا ہوں تو سارے کے سارے مجھ پر حملہ آور ہو گئے۔ میں ایک ایک کر کے ان سب کو مارتا ہوا خالد بن ولیدؓ تک پہنچ گیا اور وہاں دیکھا کہ اسی فوج کا سالار اعلیٰ خالد بن ولیدؓ کے ساتھ صلح کا عہد و پیمان کر رہا تھا۔[1]

یہ واقعہ مسلمان سپاہیوں کی دلیری اور جانثاری پر دلالت کرتا ہے کہ وہ دشمن کو نقصان پہنچانے کے لیے موقع کی تاک میں رہتے اور موقع ملتے ہی اکیلے حملہ کرنے سے بھی نہیں کتراتے تھے۔

## دشمن کو چھوٹی جھڑپوں میں مصروف رکھنا

عمر فاروقؓ نے اپنے دور میں ایک انوکھی تدبیر اختیار کی جو اس سے پہلے کی جنگوں میں نظر نہیں آتی۔ چنانچہ آپؓ دشمن فوج کو متحد ہونے سے پہلے پہلے ہی ان کو مختلف مقامات پر الجھا دیا کرتے تھے تاکہ کوئی بڑی جمعیت متحد ہو کر مسلمانوں پر حملہ آور نہ ہو سکے۔ جیسا کہ فتح دمشق کے موقع پر جب شہر فحل کی طرف سے بھی دشمن کے حملے کا خطرہ تھا تو عمر فاروقؓ نے یہ ہدایات جاری کیں کہ پہلے دمشق پر حملہ کر کے اسے زیر نگیں کر لیا جائے اور ساتھ ہی فحل میں بھی شہسواروں کی ایک فوج بھیج دی جائے جو دشمن کو اکٹھا نہ ہونے دے۔ اسی طرح ایک فوج فلسطین اور حمص کی طرف کی روانہ کی تاکہ وہاں سے امدادی دستے دمشق کی مدد کو نہ آ سکیں۔ معرکہ فحل کے دوران ہی جب رومیوں کے جرنیل "توذرا" کو خبر ملی کہ ان کی فوج کے مقدمہ کی مسلمان فوج کے ساتھ مدبھیڑ ہو گئی ہے تو اس نے یہ چاہا کہ اپنے لشکر کے ساتھ مسلمانوں کے عقب میں پہنچ کر وہاں پر مسلمانوں پر حملہ کر دے۔ جیسے ہی خالد بن ولیدؓ کو اس کی اس چال کا پتہ چلا تو آپؓ فوراً اس کے تعاقب میں روانہ ہوئے۔ جب "توذرا" مسلمانوں کے عقب میں پہنچا تو اس نے دیکھا کہ اس کے سامنے ایک مسلمان فوج ہے۔ ابھی اس کا مقابلہ مسلمان فوج کے ساتھ شروع ہی ہوا تھا کہ پیچھے سے خالد بن ولیدؓ اس کے عقب میں پہنچ گئے۔ اب اس کے آگے اور پیچھے دونوں جانب سے مسلمان فوج نے اس کو گھیر کر حملہ کیا اور اس کو اس کے لشکر سمیت کچل کر رکھ دیا۔[2]

فتح بیت المقدس کے موقع پر عمرؓ کی یہ خواہش تھی کہ عمرو بن عاصؓ کے ساتھ رومی فوج کی جنگ اس وقت تک نہ ہوں جب تک کہ اجنادین وغیرہ کے علاقوں پر مسلمانوں کا قبضہ نہ ہو جائے۔ چنانچہ آپؓ نے اپنی اسی منصوبہ بندی کے تسلسل میں حضرت معاویہؓ کو حکم دیا کہ وہ اپنے ساتھ گھڑ سواروں کا ایک لشکر لے کر قیساریہ پہنچیں اور وہاں سے رومی فوج کو کمک نہ پہنچنے دیں۔ اسی طرح آپؓ نے علقمہ بن

[1] الذهبي، **سیر اعلام النبلاء**، ج4، ص411

[2] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص733

حکیم اور مسروق بن فلان کو ایلیاء کے علاقوں کی طرف تعینات کر دیا تاکہ وہ دشمن کی فوج کو الجھا کر رکھیں۔ پھر ابو ایوب المالکی کو رملہ کی طرف روانہ کیا تاکہ وہ وہاں سے آنے والے محافظ دستوں کو الجھائے رکھیں اور رومی فوج تک کمک نہ پہنچنے دیں۔[1]

آپؓ کی اس تدبیر کے اثرات یہ رہے کہ دشمن کو کہیں بھی متحد ہونے کا موقع تک نہ ملا اور نہ ہی پہلے سے برسرپیکار دشمن کی فوجوں تک کسی بھی قسم کی امداد پہنچ سکی۔ اس طرح آپؓ نے اپنی زبردست حکمت عملی سے دشمن کو مختلف محاذوں پر الجھا کر رکھ دیا اور جنگ اجنادین کے مکمل ہونے تک کہیں سے بھی رومیوں تک کمک نہ پہنچنے دی۔ جنگ اجنادین کی فتح کے بعد ارطبون کی لڑائی عمرو بن عاصؓ کے ساتھ ہوئی اور اس میں عمرو بن عاصؓ کو اللہ تعالیٰ نے فتح نصیب فرمائی۔

## دشمن کو بھٹکانا

فاروقی دور کی فتوحات میں مسلمانوں نے نت نئے طریقوں سے دشمن کی فوجوں کو شکست دی۔ انہی میں سے ایک طریقہ دشمن کی فوج کو بھٹکا کر اپنے پسندیدہ مقام پر لے آنا اور پھر وہاں ان پر حملہ کر کے ان کو شکست فاش سے دوچار کرنا تھا۔ فتح نہاوند کے موقع پر جب طویل محاصرے کے بعد بھی شہر کو فتح کرنے کی کوئی سبیل نظر نہ آ رہی تھی تو اس موقع پر طلیحہ بن خویلد اسدی نے یہ تجویز دی کہ شہسواروں کی ایک فوج آگے بڑھ کر دشمن کے ساتھ جنگ کا ایسا ماحول بنائے کہ دشمن قلعے سے باہر نکل کر لڑنے پر مجبور ہو جائیں۔ جب دشمن قلعے سے باہر نکل آئے تو اسلامی فوج ایسا ظاہر کرے جیسے کہ وہ دشمن سے خوفزدہ ہیں اور جنگ سے فرار ہونے کی کوشش کر رہے ہیں اور پھر آہستہ آہستہ پیچھے ہٹتے آئیں۔ پھر جب دشمن ہماری پسندیدہ جگہ پر آ جائے اور انہیں یہ لگنے لگ جائے کہ وہ کامیاب ہو گئے ہیں تو اس وقت پہلے سے چھپے ہوئے مسلمانوں کے شہسوار اچانک ان پر حملہ کر کے ان کو دبوچ لیں۔ یہ تدبیر بہت کارگر ثابت ہوئی۔ قعقاع بن عمروؓ کی قیادت میں شاہ سواروں نے آگے بڑھ کر دشمن کی فوج کو مجبور کیا کہ وہ باہر نکل پر مسلمانوں پر حملہ کرے۔ جیسے ہی وہ فوج باہر نکلی انہوں نے مسلمانوں کا تعاقب کرنا شروع کیا اور مسلمان آہستہ آہستہ انہیں اپنے تعاقب کا جھانسہ دے کر اس مقام پر لے آئے جہاں پہلے سے ہی مسلمان فوج چھپی ہوئی تھی۔ وہاں پہلے سے چھپے ہوئے مجاہدین نے اپنی کمین گاہوں سے نکل کر ان پر ایسا حملہ کیا کہ دشمن حواس باختہ ہو گیا۔ دشمن ابھی اس حملے کو سمجھنے میں ہی مصروف تھا کہ بھاگنے والی مسلمان فوج نے اپنا رخ دشمن کی جانب موڑ کر ان پر حملہ شروع کر دیا۔ نتیجتاً دشمن مسلمانوں کے نرغے میں ایسا پھنسا کہ اسے بھاگنے کا کوئی راستہ نہ ملا۔ مسلمان انہیں دوڑا دوڑا کر اور گھیر گھیر کر مار رہے تھے لیکن انہیں کوئی جائے پناہ نظر نہیں آ رہی تھی۔[2]

اس تدبیر کا اثر یہ ہوا کہ فارسی فوج کو بری طرح شکست ہوئی۔ ہزاروں کی تعداد میں ایرانی فوجی مارے گئے، ان کا سپہ سالار فیروزان مارا گیا اور مسلمانوں کا طویل محاصرہ جو کسی نتیجے کی طرف نہیں جا رہا تھا وہ فتح پر منتج ہوا اور مسلمان شہر نہاوند میں فاتح کی حیثیت سے داخل

---

[1] سوید، یاسین سوید، **حروب القدسیة**(بیروت: دار الملتقی1997)، ص36

[2] سوید، یاسین سوید، **الفن العسکری الاسلامی اصولہ ومصادرہ**(بیروت:شرکۃ المطبوعات للتوزیع والنشر1990ھ)، ص291

ہوئے۔اسی فتح کے نتیجے میں ہمدان سمیت فارس کے کئی دیگر چھوٹے بڑے شہر فتح ہوئے اور پھر دشمن کو کبھی اس طرح سے جمع ہونے کا موقع نہ مل سکا۔یہ عظیم الشان فتح "فتح الفتوح" کہلائی۔

## گھات لگا کر حملہ کرنا

دور فاروقی میں مسلمانوں نے کمین گاہوں میں چھپ کر اور گھات لگا کر حملہ کرنے کی حکمت عملی بھی بہت سی جنگوں میں استعمال کی جس کے بہت مفید اثرات ظاہر ہوئے۔دراصل یہ اسلوب مسلمانوں نے جنگ قادسیہ سے قبل اختیار کیا تا کہ دشمن پر خوف طاری کیا جا سکے اور اس کی قوت وصلاحیت پر ضرب لگائی جا سکے۔چنانچہ بکیر بن عبداللہ لیثی نے اپنے شہ سواروں کے دستے کے ہمراہ شاہراہ صفین پر واقع ایک باغ میں دشمن پر گھات لگانے کیلئے ٹھکانہ لیا۔اس راستے سے دشمن کے ایک قافلے نے گزرنا تھا جس میں حیرہ کے بادشاہ کی بہن موجود تھی۔جب یہ قافلہ وہاں سے گزرا تو مسلمانوں نے اچانک اپنے مورچوں سے نکل کر قافلے پر دھاوا بول دیا جس کے نتیجے میں دشمن اپنے گھوڑے اور عورتیں چھوڑ کر بھاگ گئے۔[1]

فتوحات مصر کے دوران عمرو بن العاصؓ نے معرکہ عین شمس میں اسی جنگی حکمت عملی کو اختیار کیا۔آپؓ نے اپنی فوج کیلئے مضبوط کمین گاہیں تیار کروا کر فوج کو رات کے وقت ہی وہاں چھپ کر گھات لگانے کا حکم دیا اور جنگ کی ایسی حکمت عملی تیار کی کہ جب دشمن عین ان کمین گاہوں کے درمیان پہنچے تو مسلمان اس پر حملہ کر دیں۔یوں دشمن چاروں سمت سے مسلمانوں کے نرغے میں آ گیا اور گھات لگا کر حملہ کرنے والوں نے دشمن کے میمنہ و میسرہ پر یکبارگی حملہ کر دیا۔عمرو بن عاصؓ کی یہ تدبیر نہایت کامیاب رہی اور آپؓ اس معرکے میں فتحیاب ہوئے۔[2]

اس طرح کی مہمات کے گہرے اثرات مرتب ہوئے۔دشمن ہر وقت مسلمانوں کے اس قسم کے حملوں سے خوفزدہ رہنے لگے۔ان کی آمد و رفت غیر محفوظ ہو گئی اور حوصلے پست ہو گئے۔دوسری طرف مسلمانوں کو کثیر مال غنیمت ہاتھ لگتا۔جیسا کہ بکیر بن عبداللہ کے واقعے میں شاہ حیرہ کی بہن 100 خادموں سمیت گرفتار ہوئی اور بے شمار مال غنیمت حاصل ہوا۔اسکے ساتھ ساتھ مسلمانوں کے حوصلے ایسے حملوں سے بلند ہوئے اور انہوں نے اس جنگی حکمت عملی کی کامیابی کی وجہ سے آئندہ کی جنگوں میں اس سے خوب فائدہ اٹھایا۔

---

[1] ایضاً، ص275

[2] ایضاً، ص322

## فصل ثالث: جنگ کے بعد کے اقدامات

جنگ کا اختتام فقط معرکے میں فتح کے حصول کے ساتھ ہی ختم نہیں ہو جاتا بلکہ جنگ کے بعد بھی بہت سے اہم امور ہوتے ہیں جن کو پایہ تکمیل تک پہنچائے بغیر جنگی مقاصد کا حصول ممکن نہیں ہوتا۔ مثلاً جنگ میں زخمی ہونے والوں کی طبّی امداد، فوت شدگان کی تدفین، دشمن کا تعاقب، گرفتار قیدیوں کی منتقلی، مال غنیمت کی تقسیم وحساب کتاب وغیرہ جیسے بے شمار اہم امور جنگ کے بعد ہی سرانجام دیے جاتے ہیں۔ تفصیل ذیل میں ہے۔

### زخمیوں کی دیکھ بھال

دوبدو لڑی جانے والی جنگوں میں دونوں طرف کی فوجوں کا بڑا حصہ زخمی یا شہید ہو جایا کرتا تھا۔ جنگ کے میدان میں صرف فتح اور شکست ہی اہم نہیں ہوتی، بلکہ زخمی فوجیوں کی بروقت دیکھ بھال بھی کسی کامیاب جنگی حکمت عملی کا لازمی حصہ ہوتی ہے۔ جنگ میں زخمی ہونے والے سپاہیوں کا فوری علاج نہ صرف ان کی زندگی بچانے کے لیے ضروری ہوتا ہے بلکہ یہ فوج کے مجموعی حوصلے اور جنگی صلاحیت کو بھی برقرار رکھتا ہے۔ زخمیوں کی مرہم پٹی اور علاج کرنا بے حد ضروری ہوتا تھا تاکہ وہ جلد از جلد شفایاب ہو کر اگلی جنگ کے لیے میسر ہو سکیں۔ ان میں خدمات سرانجام دینے کیلئے خواتین اور بچوں سمیت مختلف افراد کی ذمہ داریاں لگائی جاتی تھی اور باقاعدہ طبیب اور معالج موجود ہوا کرتے تھے جو زخمیوں کا اچھی طرح معائنہ اور دوا وغیرہ کا انتظام کرتے۔ اس مقصد کیلئے میدان جنگ ہی میں پڑاؤ کی جگہ کے قریب ایک عارضی ہسپتال قائم کیا جاتا تھا جس میں جنگ کے بعد زخمیوں کی دیکھ بھال کی جاتی تھی۔ مجاہدین کی مائیں اور بیویاں وہاں پر زخمیوں کی مرہم پٹی اور علاج کے لیے موجود رہا کرتی تھیں۔ جنگ قادسیہ کے دوران مقام عذیب پر ایک چھوٹا سا ہسپتال بنایا گیا تھا جس میں مسلم خواتین نے نرسنگ کے فرائض بخوبی سرانجام دیے۔ یہ مقام میدان جنگ کے بالکل قریب تھا جس کی وجہ سے زخمیوں کو وہاں آسانی سے لایا جا سکتا تھا اور جنگ ختم ہونے کے بعد شام کے وقت مجاہدین وہاں اپنے ساتھیوں کی عیادت کیلئے جایا کرتے تھے۔[1]

اس قسم کے اقدامات کا اثر یہ ہوتا کہ زخمی سپاہی ہمہ وقت معالجین کی نگہداشت میں رہتے اور بہت جلد صحتیاب ہو کر دوبارہ جنگ میں شامل ہو جاتے۔ وہیں مسلمان عورتوں کو بھی جنگ میں شرکت اور اجر حاصل کرنے کا موقع مل جاتا۔ پھر عورتیں اپنے ساتھ اپنے بچوں کو بھی رکھا کرتی تھیں جس سے بچوں کو میدان جنگ اور جنگی علوم وفنون کا براہ راست مشاہدہ کرنے کا موقع ملتا اور یہی ننھے مجاہد آگے چل کر ملت اسلامیہ کے پاسبان بنتے تھے۔

---

[1] الصلابی، عمر بن خطاب، ص635

## تعاقب

بعد از جنگ کے اقدامات میں سے ایک اہم قدم شکست خوردہ دشمن کی فوج کا تعاقب کرنا اور اس کی سرکوبی کرنا ہے کیونکہ اسے چھوڑ کر فرار ہونے کا موقع دینے میں بہر حال یہ خطرہ موجود رہ سکتا ہے کہ وہ دوبارہ کسی جگہ پر متحد ہو کر مسلمانوں کے مقابلے میں آجائے۔

چنانچہ ہر جنگ کے خاتمے پر سپہ سالار اپنے سپاہیوں کو مختلف فرائض سونپتے اور انہی میں سے ایک جمعیت کو دشمن کا تعاقب کرنے اور اس کو گرفتار و قتل کرنے کی ذمہ داری دی جاتی۔ جیسا کہ جنگ قادسیہ کے اختتام کے بعد حضرت سعد بن ابی وقاصؓ نے قعقاع بن عمروؓ اور شرحبیل بن حسنہؓ کی ذمہ داری لگائی کہ جنگ سے بھاگنے والے سپاہیوں کا پیچھا کر کے ان کو قتل کیا جائے اور ان کی صفوں کو منتشر کر دیا جائے۔ ان کے بعد زہرہ بن حویہ کی یہ ذمہ داری لگائی کہ دشمن کے جو سردار یا فوجی دریا عبور کر چکے ہوں ان کا تعاقب کر کے ان کو گرفتار و قتل کیا جائے چنانچہ زہرہ اپنے ساتھ تین سو سواروں کو لے کر مفروروں کے تعاقب میں نکلے اور تقریباً سبھی کو گرفتار کر لیا۔ رستم کا نائب اور فارسی فوج کا نامور سالار جالینوس بھی آپ کے ہاتھ لگا اور آپ نے اسے قتل کر دیا۔[1]

فتح تستر کے موقع پر فارسیوں کا سالار ہرمزان بھی اپنے ساتھیوں سمیت فرار ہو گیا۔ مسلمان فوجیوں نے اس کا تعاقب کیا اور آخر کار شہر کے اندر ایک جگہ اسے جا دبوچا اور گرفتار کر کے امیر المؤمنینؓ کی طرف روانہ کر دیا۔[2]

جنگ بویب میں شاندار فتح کے بعد مثنی بن حارثہؓ نے صرف اسی پر اکتفا نہیں کیا بلکہ اپنے ساتھیوں کو دشمن کا تعاقب کرنے کی ترغیب دی اور خود بھی ساتھ شامل ہو کر مقام مسیب تک دشمن کا پیچھا کیا۔ یہ مجاہدین تعاقب میں روانہ ہوئے اور راستے میں آنے والے چھوٹے شہروں پر بھی حملہ کرتے جاتے جس کے نتیجے میں دشمن ہلاک و گرفتار ہوا اور کثیر مال غنیمت مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔[3]

بھاگتے دشمن کا تعاقب کرنے سے مسلمانوں نے کسی بھی معرکے کے بعد دشمن کو کہیں بھی قدم جمانے کا موقع نہ دیا اور ہر طرف سے ان کو گھیر گھیر کر مارا۔ تعاقب کا ایک فائدہ یہ بھی ہوتا کہ راستے میں آنے والی چھوٹی بستیاں مسلمانوں کے قبضے میں آجاتیں، باغی افراد کی سرکوبی ہو جاتی اور مسلمانوں کو ضروریات زندگی کا سامان میسر آجاتا۔

## بازاروں اور شہروں پر چھاپہ مار حملے

جنگ کے اختتام کے بعد ایک مخصوص عرصے تک دشمن کو خوفزدہ رکھنا تاکہ وہ دوبارہ مسلمانوں کے مقابلے میں آنے کا خیال بھی دل میں نہ لا سکے، مسلمانوں کی جنگی حکمت عملیوں میں سے ایک اہم حکمت عملی تھی۔ دوسری اہم بات یہ ہے کہ اگر معیشت مضبوط ہو اور شہروں میں امن و امان قائم ہو تو دشمن کو دوبارہ سے لشکر تیار کرنے کا موقع مل سکتا ہے تاہم اگر دشمن کو اس کے اپنے ہی شہروں میں بدامنی اور خوف سے دوچار کر دیا جائے تو وہ مقابلہ میں آنے کی جرآت نہیں کرتا۔ مثنی بن حارثہؓ اس اہم نکتے کو سمجھتے تھے چنانچہ جنگ

[1] الطبری، **تاریخ الرسل والملوک**، ج3، ص567
[2] ایضاً، ج4، ص86
[3] الصلابی، **عمر بن خطاب**، ص596

بویب کے بعد جب مسلمانوں کو عظیم الشان فتح حاصل ہوئی اور مسلمان مضبوط ہو گئے اور عراق کی تمام عوام ان کے تابع ہو گئی تو مثنیٰؓ نے امن وامان قائم رکھنے اور کسی بھی بغاوت کے ساتھ اٹھانے سے پہلے ہی اس کو فرو کرنے کے لیے اپنی کاروائیاں تیز کر دیں۔ آپؓ نے اپنی فوج کو چھوٹی چھوٹی ٹولیوں میں تقسیم کر دیا اور ان کو مختلف چھوٹے شہروں اور بازاروں پر حملہ کرنے کے لیے روانہ کر دیا۔ آپؓ نے خنافس نامی ایک بازار پر حملہ کیا جو کہ بہت آباد بازار تھا اور لوگ وہاں اپنی ضروریات زندگی کی خرید و فروخت کے لیے آیا کرتے تھے۔ آپؓ نے اس پر حملہ آور ہو کر ان کے سارے بازار کو مال غنیمت بنالیا۔ پھر آگے بڑھ کر علاقہ انبار کے کچھ بازاروں پر حملہ کیا اور پھر وہاں سے ہی مقامی افراد کی مدد لے کر بغداد اور اسکے بڑے بازار کو تہ بالا کر دیا۔ بازاروں سے آپؓ کو سونے چاندی، نقدی اور دیگر اشیاء حاصل ہوئیں اور مسلمان فوجیوں کو اپنی من پسند اشیاء مال غنیمت کے طور پر ملیں۔ پھر اسی طرح آپؓ پیشقدمی کرتے ہوئے دشمن کے علاقوں میں ساٹھ کلو میٹر تک آگے نکل گئے اور راستے میں آنے والے تمام بازاروں کو آپؓ نے ادھیڑ ڈالا۔ مثنیٰ بن حارثہؓ نے اپنے ان حملوں کا دائرہ کار عراق کے شماری علاقوں تک وسیع کر دیا اور وہاں پے در پے چھاپہ مار کاروائیاں کرتے رہے جن سے خوفزدہ ہو کر وہاں کی بہت سی بستیوں کے لوگ اپنے علاقے خالی کر کے نکل گئے۔ [1]

ان مہمات کے مسلمانوں کو بہت ثمرات حاصل ہوئے۔ بازاروں پر حملہ کرنے سے دشمن کی معیشت پر گہری چوٹ لگی اور مسلمانوں کو کثیر مال غنیمت حاصل ہوا۔ عراق کے ان علاقوں میں ان حملوں کی وجہ سے مسلمانوں کا رعب و دبدبہ قائم ہو گیا اور حکومت مضبوط ہو گئی۔ مسلمانوں کو آئندہ جنگوں کیلئے وافر مقدار میں کھانے پینے کا سامان بھی حاصل ہوا جب کہ دشمن لمبے عرصے کیلئے اپنے اندرونی حالات کو سدھارنے میں ہی مصروف ہو گیا۔

## جنگی کانفرنس

جنگ کے اختتام پر مسلمان فوج کا سپہ سالار اپنے سالاروں کے ساتھ ایک جنگی کانفرنس منعقد کرتا تھا تا کہ جنگ میں فریقین کے ہونے والے نقصانات کا اندازہ و تخمینہ لگایا جا سکے۔ جنگ کی حکمت عملیوں کا از سر نو جائزہ لیا جا سکے اور آگے کیلئے لائحہ عمل طے کیا جا سکے۔ جنگ میں ہوئی غلطیوں کو بھی زیر بحث لایا جاتا اور دشمن کی کمزوریوں اور تکنیکوں پر بھی تفصیلی گفتگو ہوتی۔ دستوں کے قائدین سے جنگی روداد اور اپنے ساتھ پیش آنے والے واقعات کی تفصیل پوچھی جاتی اور سپاہیوں کی حوصلہ افزائی کی جاتی۔ ایسی ہی ایک کانفرنس مثنیٰ بن حارثہؓ نے جنگ بویب کے بعد منعقد کی جس میں تمام تفصیلات دریافت کرنے کے بعد فرمایا کہ:

"میں نے زمانہ جاہلیت اور پھر اسلام لانے کے بعد عرب و عجم دونوں سے جنگیں لڑی ہیں۔ اللہ کی قسم! زمانہ جاہلیت میں ایک ہزار عربیوں پر ایک سو عجمی غالب آجاتے تھے لیکن آج اللہ نے ایرانیوں کی قوت کو زائل کر دیا ہے، آج ایک سو عربی ایک ہزار عجمیوں پر

---

[1] ابن کثیر، **البدایۃ والنھایۃ**، ج9، ص598

بھاری ہیں۔ دشمن کا سہارا صرف اس کے لمبے نیزے اور کثرت تعداد ہے اور سہاروں کے چھن جانے کے بعد وہ چوپائیوں کی مثل ہو جائیں گے کہ ان کو جدھر مرضی ہانکو، لہٰذا ان کے نیزوں اور تعداد سے مرعوب نہ ہونا"۔[1]

گویا آپؓ نے اپنے تجربے کی روشنی میں دشمن کی کمزوری کو بھانپ لیا اور اس کو اپنی ساری فوج کے سامنے رکھا تاکہ فوج کا مورال بلند رہے۔ ان فوجی کانفرنسوں کی وجہ سے سپہ سالار کو آئندہ کی حکمت عملی تیار کرنے میں مدد ملتی، اپنے پاس موجود نفری اور آلات حرب کا اندازہ ہوتا اور اسکے ساتھ ساتھ سپاہیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کو ترغیب ہو جاتی۔

## پسپائی کا راستہ کاٹ دینا

جنگی حکمت عملی میں دشمن کی پسپائی کے راستے کو کاٹ دینا ایک انتہائی مؤثر اور فیصلہ کن چال سمجھی جاتی ہے۔ اگر دشمن کو واپسی کا موقع نہ دیا جائے تو اس کی فوج بکھر جاتی ہے، سپاہیوں کے حوصلے پست ہو جاتے ہیں اور دشمن کو تہ تیغ کر کے مکمل شکست دینا آسان ہو جاتا ہے۔ اسلامی تاریخ میں کئی جنگوں میں یہ حکمت عملی استعمال کی گئی، جہاں واپسی کے راستے مسدود کر کے دشمن کو گھیرے میں لے لیا گیا اور اس کی قوتِ مزاحمت کو مکمل طور پر ختم کر دیا گیا۔ خصوصاً حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں، جنگی حکمت عملی میں اس نکتے کو خاص اہمیت دی گئی تھی۔

جیسا کہ جنگ بویب کے دوران مسلمان پوری طرح فارسیوں پر غالب آ گئے اور ان کی لاشیں گرانے لگے تو دشمن نے وہاں سے فرار ہونا چاہا۔ مثنیٰ بن حارثہؓ نے آگے بڑھ کر دریائی پل پر قبضہ کر لیا جس کی وجہ سے دشمن کو بھاگنے کا موقع نہ مل سکا اور کم و بیش ایک لاکھ فارسی اس جنگ میں مارے گئے۔[2]

دیگر کئی جنگوں میں بھی مسلمانوں نے یہی حکمت عملی اختیار کی جیسا کہ جنگ قادسیہ کے موقع پر دریائے عتیق کے پل کے قریب دشمن کو بری طرح سے گھیر لیا اور اس کو فرار کا کوئی راستہ نہ مل سکا۔ اسی موقع پر رستم بھی مارا گیا۔ اس جنگ کے بعد جب دشمن فوجیں جلولاء کے مقام پر جمع ہو رہی تھیں تو مسلمانوں نے آگے بڑھ کر ان کی آمد و رفت کے تمام راستے بند کر دیئے جس کی وجہ سے دشمن کو زبردست جانی نقصان اٹھانا پڑا اور مسلمان فتحیاب ہوئے۔

## سپاہیوں کیلئے انعامات

کسی بھی فوج کی کامیابی کا انحصار نہ صرف اس کے نظم و ضبط اور بہادری پر ہوتا ہے بلکہ اس کے فوجیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی شجاعت کا اعتراف بھی ایک اہم عنصر ہوتا ہے۔ خلافتِ فاروقی کے دور میں، جنگ کے بعد مجاہدین کو انعامات اور عطیات سے نوازا جاتا تھا تاکہ ان کی قربانیوں کا اعتراف کیا جائے اور آئندہ جنگوں میں ان کا جوش و خروش برقرار رہے۔ حضرت عمر فاروقؓ کی قیادت میں اسلامی فوج نے

---

[1] الاندلسی، سلمان بن موسٰی، **الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہﷺ والثلاثۃ الخلفاء**(بیروت: دار الکتب العلمیہ 1420ھ)،ج2، ص419

[2] الحمیری، محمد بن عبداللہ بن عبدالمنعم، **الروض المعطار فی خبر الاقطار**(بیروت: دار السراج1980)، ص117

بے شمار فتوحات حاصل کیں، اوران فتوحات کے بعد سپاہیوں کو مالِ غنیمت، وظائف اور اعزازات سے نوازنے کا باقاعدہ نظام قائم کیا گیا۔

سیدنا عمر فاروقؓ نے جنگ قادسیہ کے بعد مال غنیمت کا پانچواں حصہ یعنی خمس بھی قادسیہ کے مجاہدین میں بطور انعام تقسیم کر دیا حالانکہ وہ مال غنیمت سے بھی حصہ لے چکے تھے۔[1]

جنگ قادسیہ کے موقع پر ہی پچیس کے قریب دلیر سپاہیوں کو جنہوں کے میدان جنگ میں نمایاں کارنامے سرانجام دیے تھے انہیں پانچ سو درھم اضافی انعام دیا گیا۔ ان میں سے جو لوگ سابقہ جنگوں میں بھی شرکت کر چکے تھے انہیں تین ہزار درہم تک کے کثیر انعامات دیے گئے۔ سعد بن ابی وقاصؓ نے جنگ جلولاء کے موقع پر دو لوگوں کو خصوصی انعامات عطا کیے جن میں سے ایک نے جنگ جلولاء اور دوسرے نے جنگ مدائن میں شجاعت و بہادری کے جوہر دکھائے تھے۔ عمر فاروقؓ نے جنگ نہاوند میں شریک ہو کر دلیرانہ کارنامے سرانجام دینے والوں کو دو ہزار درہم تک کے عطیات دیے۔

یہ انعامات اور عطیات فوجیوں کے حوصلے میں اضافہ کرتے اور ان میں جذبہ جہاد مزید بڑھ جاتا تھا۔ سپاہیوں کی وفاداری مزید پختہ ہو جاتی اور انکی مالی ضروریات پوری کرنے میں مدد ملتی تھی۔[2]

## دشمن کو متحد نہ ہونے دینا

جنگ میں کامیابی کا انحصار صرف میدانِ جنگ میں دشمن کو شکست دینے پر نہیں ہوتا، بلکہ اس کے بعد ایسی حکمت عملی اختیار کرنا بھی ضروری ہوتا ہے کہ دشمن دوبارہ طاقت حاصل نہ کر سکے۔ اگر دشمن کو متحد ہونے اور سنبھلنے کا موقع مل جائے تو وہ پلٹ کر حملہ کر سکتا ہے اور فتح کو برقرار رکھنا مشکل ہو سکتا ہے۔ خلافتِ فاروقی کے دور میں، جنگ کے بعد دشمن کو دوبارہ متحد ہونے سے روکنے کے لیے نہایت عمدہ حکمت عملی اختیار کی گئی۔

جنگ نہاوند کے بعد عمرؓ نے اگرچہ بلاد اسلامیہ سے فوجوں کو جمع کر لیا تھا تاہم اس بات کا بھی خیال رکھا کہ دشمن کسی علاقے میں جمع نہ ہو سکے۔ آپؓ نے کوفہ، بصرہ اور جزیرہ عرب میں موجود اپنے دیگر گورنران کو اور بلاد فارس اور اہواز کے مسلم قائدین کو اس بات کا حکم دیا کہ دشمن کو کسی بھی جگہ متحد نہ ہونے دیں۔ ان قائدین کو یہ ڈیوٹی سونپی کہ فارس اور اہواز کی سرحد پر نگاہ رکھیں اور فارس کے ذمیوں کو فارسی فوج کے ساتھ شامل نہ ہونے دیں۔ ان قائدین نے ان احکامات کے بعد نہاوند سے کمک کے تمام راستے مسدود کر دیے۔[3]

دور فاروقی کی بڑی جنگوں یعنی قادسیہ اور یرموک کے بعد مسلم افواج نے اپنی پیشقدمی جاری رکھی تاکہ دشمن کسی بھی جگہ پاؤں نہ جما سکے۔ چنانچہ فتح قادسیہ کے بعد مسلم افواج نے جلولاء، نہاوند اور مدائن پر لگاتار حملے کر کے دشمن کی کمر توڑ دی اور دشمن کسی بھی جگہ جمع

---

[1] العمرانی، عبد الحیی حسن، **امیر المؤمنین عمر بن الخطابؓ الخلیفۃ المجتھد**(الامارات العربیۃ المتحدۃ: صندوق احیاء التراث الاسلامی)، ص163

[2] سہیل، روبینہ، **حضرت عمرؓ کا فوجی نظام** (مجلہ معارف اسلامی) ج1، شمارہ1، ص107

[3] یٰسین سوید، **الفن العسکری الاسلامی**، ص296

نہ ہو سکا۔ جنگ یرموک کے بعد بھی رومی افواج دوبارہ جمع ہو کر مسلمانوں پر حملہ کرنا چاہتی تھیں تاہم عمرؓ نے مسلمانوں کو پیشقدمی جاری رکھنے کا حکم دیا جس کی وجہ سے حمص، دمشق اور بیت المقدس تک فتح ہو گئے اور دشمن کہیں بھی اجتماع نہ کر سکا۔

اس اقدام کی وجہ سے مسلمانوں کا مفتوحہ علاقوں پر قبضہ مستحکم ہوا۔ دشمن اسلامی سرحدوں سے بہت دور دور بھگا دیا گیا۔ اسلامی فوجیں اور مفتوحہ علاقوں کی عوام جنگی دباؤ سے آزاد ہو گئی اور مستقبل کی بغاوتوں کا اندیشہ بھی ختم ہو گیا۔

## مال غنیمت کی تقسیم

بعد از جنگ کے امور میں سے ایک اہم کام مال غنیمت کو سمیٹنا ہوتا تھا۔ چنانچہ جنگ کے فوراً بعد مال غنیمت کو جمع کر کے اس کا حساب کتاب کر لیا جاتا اور پھر اس میں سے خمس نکال کر باقی مال غنیمت کو فوری طور پر مجاہدین میں تقسیم کر دیا جاتا تھا۔ جب کہ مال غنیمت میں سے خمس نکال کر دار الخلافہ روانہ کر دیا جاتا تھا۔ مال غنیمت کی اس تقسیم اور دار الخلافہ روانگی میں ایسی امانت داری کا مظاہرہ کیا جاتا کہ جو مثالی ہوتا۔

جنگ نہاوند کے بعد عامر بن قیس خزانچی کے پاس قیمتی اشیاء سے بھرا ہوا ایک تھیلا لائے۔ جب اس کو کھولا گیا تو اس میں موجود اشیاء اتنی قیمتی تھیں کہ پورے مال غنیمت سے بھی انکا مقابلہ نہ کیا جا سکتا تھا۔ خزانچی نے پوچھا کہ کیا تم نے اس میں سے کچھ نکالا بھی ہے جس پر انہوں نے فرمایا کہ اللہ کی قسم! اگر مجھے اللہ کا خوف نہ ہوتا تو میں یہ تھیلا تمھارے پاس ہی نہ لاتا۔[1]

امانت داری کی اس جیسی بے شمار مثالیں فتوحات کے دوران سامنے آئیں۔ نیز مال غنیمت کی بروقت تقسیم سے مال کے ضیاع یا اس میں کسی قسم کی خرد برد کا اندیشہ جاتا رہتا تھا اور مجاہدین کا جوش و جذبہ مزید بڑھ جاتا۔ ان کی روزمرہ ضروریات پوری ہوتیں اور ریاست کے خزانے میں بھی اضافہ ہوتا۔

[1] الطبری، **تاریخ الرسل والملوک**، ج4، ص19

# نتائج بحث

مذکورہ بالا مقالے سے درج ذیل اہم نتائج اخذ ہوتے ہیں۔

1. حضرت عمر بن خطابؓ نے عسکری شعبے کو ایک باقاعدہ ادارے کی شکل دی، جہاں قائدین کا انتخاب ذاتی تعلق یا قبائلی بنیادوں پر نہیں بلکہ تقویٰ، فہمِ شریعت، جنگی بصیرت، صبر، تجربہ اور اہلیت کی بنیاد پر کیا جاتا تھا۔ آپؓ جنگی حالات کے مطابق قائد کا انتخاب کرتے؛ کہیں متحمل مزاج سپہ سالار، کہیں جری و پہل کرنے والے، اور کہیں دانا و دور اندیش سالار، یہ سب عمرؓ کی عسکری حکمت عملی کی اعلیٰ مثالیں ہیں۔
2. شورائیت کو عسکری نظام کا اہم ستون قرار دیا گیا؛ جنگی فیصلے تنہا نہیں بلکہ اصحابِ حل و عقد سے مشورہ کے بعد کیے جاتے۔ ہر سالار کو باصلاحیت افراد سے مشورے کا پابند بنایا گیا۔
3. حضرت عمرؓ نے نہایت مربوط احتسابی نظام قائم کیا۔ نہ صرف قائدین کا تقرر شفاف بنیادوں پر کیا جاتا، بلکہ ان کی مسلسل نگرانی، احتساب اور کارکردگی کی جانچ بھی ریاستی نظام کا حصہ تھی۔
4. حضرت عمرؓ نے وسیع فتوحات کے بعد اسلامی سلطنت کی سرحدوں کے دفاع کو اولین ترجیح دی۔ اس سوچ کے تحت آپؓ نے نئے فوجی شہروں جیسے بصرہ، کوفہ، فسطاط اور سرت کی تعمیر کروائی۔ یہ نئے شہر فوجی چھانیوں اور دفاعی چوکیوں کا کردار ادا کرتے تھے۔ ان شہروں کی تعمیر میں صرف عسکری اہداف نہیں بلکہ دینی و دعوتی مقاصد بھی شامل کیے گئے، ہر شہر میں جامع مسجد مرکز ہوا کرتی تھی اور شریعت کے مطابق معاشرہ قائم کیا جاتا تھا تاکہ فوجی مراکز تبلیغی قلعے بھی ہوں۔
5. دشمن کے مقابلے کیلئے آپؓ نے مفتوحہ شہروں میں باقاعدہ فوجی چھاؤنیاں، قلعے، اصطبلات اور چراگاہیں قائم کیں، جن سے نہ صرف مقامی دفاع مضبوط ہوا بلکہ فوجی ساز و سامان، سواری اور تربیت کا تسلسل بھی قائم رہا۔
6. سپاہیوں کو دنیاوی مشاغل سے دور رکھنے کے لیے تجارت، زراعت، اور جائیدادداری سے روکا گیا تاکہ ان کی توجہ ہمیشہ جہاد اور سرحدی دفاع پر مرکوز رہے، اور اس کے عوض انہیں ریاستی کفالت دی گئی۔
7. فوجیوں کی عزتِ نفس اور گھریلو ضروریات کا خاص خیال رکھا گیا۔ عمرؓ کے دور میں پہلی مرتبہ فوجیوں کی چھٹی کا نظام متعارف کروایا گیا جس کے مطابق ہر سپاہی چار ماہ کے بعد کچھ وقت کیلئے اپنے اہل و عیال کے پاس آتا۔ یہ قدم سپاہیوں کے آرام کا باعث بھی تھا اور ان کی عزتوں کی حفاظت کا ضامن بھی تھا۔
8. فوجیوں کیلئے "دیوان الجند" کے نام سے ایک رجسٹر جاری کیا گیا جس میں ان کے وظائف کی تفصیل باعتبار مراتب درج کی جاتی تھی۔ تنخواہوں میں وقتاً فوقتاً اضافہ بھی کیا جاتا تھا۔ صیغۂ فوج میں یہ ایک نئی ایجاد تھی۔
9. پیشگی جنگی منصوبہ بندی حضرت عمرؓ کا امتیازی وصف تھا، کسی بھی جنگ سے پہلے سپہ سالار کو جغرافیائی معلومات، دشمن کی قوت، مواصلاتی راستوں اور مقامِ پڑاؤ سے متعلق مفصل ہدایات دی جاتیں، جس سے دشمن پر نفسیاتی برتری حاصل ہوتی۔
10. جنگوں کی کثرت کی وجہ سے باقاعدہ نئے سپاہی بھرتی کرنے کا عمل شروع کیا گیا جو کہ مسلسل جاری رہتی تھی جبکہ اہم مہمات کی صورت میں اس میں مزید تیزی آجاتی اور ریزرو فوجی بھی جنگوں کیلئے روانہ کردئے جاتے تھے۔ رضاکارانہ بھرتی

کے ساتھ ساتھ ضرورت پڑنے پر جبری بھرتی بھی کی گئی، جو اس وقت کی جنگی حکمت عملی کا جائزاور مؤثر جزو تھی؛اس سے نہ صرف لشکر کی عددی کمی پوری ہوتی بلکہ غفلت برتنے والوں کو بھی ذمہ داری کا احساس ہوتا۔

11. جنگوں کے ساتھ ساتھ دشمن کیلئے مذاکرات کے دروازے کھلے رکھے جاتے تھے اور آخری لمحے تک یہ کوشش رہتی تھی کہ بغیر جنگ کے دشمن مغلوب ہو جائے۔اصفہان، طبرستان اور ہمدان جیسے کئی اہم شہر مذاکرات کے نتیجے میں فتح ہوئے۔

12. دشمن کی سرحد پار کرکے چھاپہ مار کاروائیوں کا انتہائی مفید اور کارآمد سلسلہ شروع ہوا جس کے نتیجے میں دشمن اپنے ہی علاقے کی حفاظت کی فکر میں الجھ گیا اور اسلامی مملکت پر لشکر کشی کرنے کی جرآت نہ کر سکا۔

13. مبارزت و مطاردت جیسی قدیم جنگی روایات کو نئے نظم وضبط اور اسٹریٹجک تناظر میں زندہ کیا گیا، جس کے ذریعے دشمن کے جرنیلوں کو فرداًفرداًزیر کرکے لشکری حوصلے کو مفلوج کیا جاتا اور مسلمان فوج کی برتری نمایاں ہوتی۔

14. جدید اسباب و ذرائع مثلاً منجنیق، رسیوں کے پھندے اور ہاتھیوں کا مقابلہ کرنے کے انوکھے طریقے مسلمانوں کی تخلیقی عسکری سوچ کے غماز تھے، جس سے واضح ہوتا ہے کہ مسلمانوں نے ہر جائز حربہ استعمال کرکے جنگ میں فوقیت حاصل کی۔

15. دشمن کے بازاروں اور معاشی مراکز پر چھاپہ مار کارروائیاں حضرت عمرؓ کی اقتصادی دباؤ کی حکمت عملی کا حصہ تھیں، جن سے دشمن کی مالی کمر ٹوٹ گئی اور مسلمانوں کی اقتصادی حالت بہتر ہوئی۔

# تجاویز

"خلافتِ عمر کی عسکری حکمت عملیاں اور ان کے اثرات" کے موضوع پر مقالہ لکھتے ہوئے چند تحقیقی خلاء مقالہ نگار کے سامنے آئے ہیں جو کہ مندرجہ ذیل ہیں۔

1. خلافتِ راشدہ کا عسکری نظام: اس موضوع پر کوئی مفصل اور مستقل تحقیقی کام مقالہ نگار کی نظر سے نہیں گزرا حالانکہ یہ موضوع اس لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے کہ خلافت راشدہ میں عسکری نظام ارتقائی مراحل سے گزر رہا تھا اور اس میں کئی جدید حکمت عملیاں اور تدابیر اختیار کی گئیں۔
2. حضرت عمرؓ کا بلدیاتی نظام: اس موضوع پر مختلف کتب میں جزوی ابحاث کی گئی ہیں لیکن کوئی باقاعدہ تحقیق مقالہ نگار کے سامنے نہیں آئی حالانکہ آپؓ کے دور میں کئی نئے شہر تعمیر کیے گئے۔ ان شہروں کی تعمیر میں بلدیاتی اور انتظامی لحاظ سے کئی اہم امور کا خیال رکھا گیا۔ ان امور اور ان کی اہمیت پر تفصیلی بحث کی جا سکتی ہے۔
3. حاکم وقت کے اجتہادی اختیارات اجتہاداتِ عمرؓ کی روشنی میں: حضرت عمرؓ نے اپنی خلافت میں بے شمار اجتہادی فیصلے کیے۔ موجودہ دور میں حاکم کو کن امور میں اجتہادات کا اختیار حاصل ہے اور ان اجتہادات کی حیثیت کیا ہو گی؟ اس موضوع پر مفصل تحقیقی کام کیا جا سکتا ہے۔

# فہرست آیات



| صفحہ نمبر | سورة | آیت | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| 20 | البقرة:125 | وَاتَّخِذُوا مِن مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى | 1 |
| 33 | البقرة:204 | وَ اِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا | 2 |
| 67 | البقرة:247 | إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ | 3 |
| 41 | النساء:59 | يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ | 4 |
| 29،67 | النساء:71 | يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ | 5 |
| 30 | الانفال:39 | وَ قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّ يَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ | 6 |
| 29،67 | الانفال:60 | وَ اَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ | 7 |
| 68 | الانفال:61 | وَ اِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ | 8 |
| 68 | الانفال:72 | وَ اِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِى الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ | 9 |
| 22 | الانفال:74 | وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ | 10 |
| 68 | التوبۃ:5 | فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ | 11 |
| 68 | التوبۃ:41 | اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا وَّ جَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ | 12 |
| 21 | التوبۃ:100 | رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ | 13 |
| 28 | الحج:39 | أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا | 14 |
| 62 | الشوریٰ:30 | وَ مَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ | 15 |
| 21 | الفتح:18 | لَّقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِينَ | 16 |
| 20 | التحریم:5 | عَسَى رَبُّهُ إِنْ طَلَّقَكُنَّ أَنْ يُبْدِلَهُ أَزْوَاجًا خَيْرًا مِنْكُنَّ | 17 |

# فہرست احادیث


| نمبر شمار | حدیث | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | اللَّهُمَّ أعِزَّ الإسلامَ بأحَبِّ هذينِ الرَّجُلينِ | 13 |
| 2 | اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ | 31 |
| 3 | إِنَّ اللَّهَ وَضَعَ الْحَقَّ عَلَى لِسَانِ عُمَرَ يَقُولُ بِهِ | 22 |
| 4 | اَلْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ | 29 |
| 7 | اِفْتَحْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ | 23 |
| 8 | اِنَّ النُّهْبَةَ لَيْسَتْ بِاَحَلَّ مِنَ الْمَيْتَةِ | 32 |
| 9 | الْغَزْوُ غَزْوَانِ: فَأَمَّا مَنِ ابْتَغَى وَجْهَ اللَّهِ، وَأَطَاعَ الْإِمَامَ | 32 |
| 10 | بَيْنا أنا نائِمٌ رَأَيْتُ النَّاسَ عُرِضُوا عَلَيَّ وعليهم قُمُصٌ | 22 |
| 11 | فاقتَدوا باللَّذَينِ مِن بعدي وأشارَ إلى أبي بَكرٍ وعمرَ | 23 |
| 12 | لَقَدْ كَان فِيما قَبْلَكُمْ مِنَ الأُمَمِ نَاسٌ محدَّثونَ | 23 |
| 13 | لَا تَقْتُلُوا شَيْخًا فَانِيًا وَلَا طِفْلًا وَلَا صَغِيرًا وَلَا امْرَأَةً | 32 |
| 14 | مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ قَطُّ سَالِكًا فَجًّا إِلَّا سَلَكَ فَجًّا غَيْرَ فَجِّكَ | 22 |
| 15 | مَنْ عَلِمَ الرَّمْيَ ثُمَّ تَرَكَهُ فَلَيْسَ مِنَّا | 31 |
| 16 | مَنْ قَاتَلَ حَتَّى تَكُونَ كَلِمَةُ اللَّهِ هِيَ أَعْلَى، فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ | 31 |
| 17 | وافَقْتُ رَبِّي فِي ثَلَاثٍ | 20 |
| 18 | وَمَنْ اَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ | 33 |
| 19 | يَا اَيُّهَا النَّاسُ لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَسَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ | 37 |

# فہرست اماکن

| نمبر شمار | مقام | تفصیل |
|---|---|---|
| 1 | اہواز | ایک شہر ہے جو ایران میں واقع ہے۔ |
| 2 | اجنادین | رملہ اور بیت جبرین کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے۔ |
| 3 | بلنیاس | حمص کا ساحلی شہر۔ |
| 4 | بہرسیر | دجلہ کا مغربی علاقہ۔ |
| 5 | تستر | ایران کا ایک شہر جو وسطی ضلع میں واقع ہے۔ |
| 6 | جلولاء | عراق کے علاقے دیالی کا ایک قصبہ۔ |
| 7 | جیزہ | مصر کا تیسرا بڑا شہر ہے۔ |
| 8 | زویلہ | لیبیا کا ایک آباد مقام جو مرزق ضلع میں واقع ہے۔ |
| 9 | سرت | لیبیا میں ایک شہر ہے۔یہ خلیج سدرہ کے جنوبی ساحل پر واقع ہے۔ |
| 10 | ضجنان | ایک پہاڑی یا مقام جو مکہ اور مدینہ کے درمیان واقع ہے۔ |
| 11 | فزّان | جدید لیبیا کا جنوب مغربی علاقہ ہے۔ |
| 12 | میسان | شمال مشرقی عراق میں واقع ایک شہر۔ |
| 13 | قنسرین | شمالی شام کا ایک تاریخی قصبہ تھا۔ |
| 14 | قیساریہ | اسرائیل میں ایک شہر ہے جو تل ابیب اور حیفا کے تقریبا درمیان میں ہے۔ |
| 15 | ودان | صحرائے صحارا میں واقع لیبیا کا ایک شہر۔ |

## مصادر و مراجع


### قرآن و تفاسیر

1. القرآن الکریم
2. القرطبی، محمد بن احمد،الجامع لاحکام القرآن(دارالکتب مصریۃ1964)
3. حافظ،عبدالسلام بن محمد، تفسیر القرآن الکریم(لاہور: دارالاندلس)
4. طبری، محمد بن جریر،جامع البیان عن تاویل آیی القرآن(مکہ مکرمہ: دار التربیۃ والتراث2000)
5. الآلوسی، شہاب الدین محمد بن عبداللہ، روح المعانی فی تفسیر القرآن العظیم والسبع المثانی(بیروت: دارالکتب العلمیۃ1415)

### احادیث و شروحات

1. البخاری، محمد بن اسماعیل، الجامع المسند الصحیح المختصر من امور رسول اللہ ﷺ وسننہ وایامہ(دمشق:دار ابن کثیر1993)
2. نیشاپوری، مسلم بن حجاج، المسند الصحیح المختصر بنقل العدل عن العدل الی رسول اللہ(بیروت: دار الاحیاء التراث العربی1955)
3. ابن ابی شیبۃ،عبداللہ بن محمد بن ابی شیبۃ،المصنف(ریاض:دار کنوز اشبیلیا للنشر والتوزیع2015)
4. ابو داؤد، سلیمان بن اشعث، سنن ابی داؤد(دار الرسالۃ العلمیہ2009)
5. الترمذی، محمد بن عیسیٰ، سنن ترمذی(دار الرسالۃ العالمیۃ2009)
6. ابن ماجۃ، محمد بن یزید، سنن ابن ماجۃ(دار الرسالۃ العلمیۃ2009)
7. الشیبانی، احمد بن محمد بن حنبل، مسند الامام احمد بن حنبل(قاہرہ: دار الحدیث1995)
8. ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، مسند الفاروق(مصر: دارالفلاح2009)
9. العسقلانی، احمد بن حجر، فتح الباری بشرح صحیح البخاری(مصر:مکتبۃ السلفیہ 1346 ھ)

### تراجم و طبقات

1. ابن الاثیر، علی بن محمد الجزری، اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ(بیروت: دارالکتب العلمیہ 1995)
2. السمعانی، عبدالکریم بن محمد، الانساب(قاہرہ: مکتبہ ابن تیمیہ1976)
3. ابن حجر، احمد بن علی، الاصابہ فی تمیز الصحابہ(بیروت: دارالکتب العلمیہ 1995)
4. ابن عبد البر، یوسف بن عبداللہ، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب(قاہرہ:مکتبہ نہضۃ مصر 1960)

5. ابن سعد، محمد بن سعد، الطبقات الکبریٰ(بیروت:دارالکتب العلمیۃ 1990)
6. المزی، جمال الدین یوسف، تہذیب الکمال فی اسماء الرجال(بیروت:مؤسسۃ الرسالۃ1980)
7. المزی، جمال الدین یوسف، تہذیب الکمال فی اسماء الرجال(بیروت:مؤسسۃ الرسالۃ1980)
8. ابو نعیم، احمدبن عبداللہ، حلیۃ الاولیاء وطبقات الاحفیاء(بیروت: دارالاحیاء التراث العربی)
9. الزبیری، مصعب بن عبداللہ، نسب قریش(قاہرہ: دار المعارف)

## سیرت النبی ﷺ وسیرت صحابہؓ

1. ابن ہشام، عبدالملک بن ہشام، السیرۃ النبویۃ(شرکۃ الطباعۃ الفنیۃ المتحدہ)
2. الکلاعی، ابو ربیع، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء(بیروت: دار الکتب العلمیہ1420ھ)
3. الخضرمی، الشیخ محمد، اتمام الوفاء فی سیرۃ الخلفاء(بیروت: المکتبۃ الثقافۃ)
4. العمرانی، عبد الحیی حسن، امیر المؤمنین عمر بن الخطابؓ الخلیفۃ المجتھد(الامارات العربیۃ المتحدۃ: صدوق احیاء التراث الاسلامی)
5. الشرقاوی، عبدالرحمٰن، الفاروق عمر(قاہرہ:مرکز الاہرام للترجمۃ والنشر1984)
6. *نعمانی، شبلی نعمانی، الفاروق(کراچی: دارالاشاعت1981)*
7. طقوش، محمد سہیل، تاریخ الخلفاء الراشدین(دار النفائس2003)
8. *کاندھلوی، محمد یوسف، حیاۃ الصحابہ(ریاض: مکتبہ نزار مصطفی الباز2003)*
9. *الصلابی، محمد بن علی، سیدنا عمر بن خطاب شخصیت وکارنامے(ریاض: دارالفرقان)، مترجم خلیل احمد سلفی*
10. الشیخ، عبد الستار، عمر بن الخطاب الخلیفۃ الراشدی العظیم و الامام العادل الرحیم(دمشق: دار القلم 2012)
11. الخطیب، علی احمد، عمر بن الخطاب(بیروت:المزرعۃ بنایۃ الایمان1986)
12. العمری، اکرم ضیاء، عصر الخلافۃ الراشدۃ(مکتبۃ العبیکان)

## تاریخ

1. ابن کثیر، اسماعیل بن عمر، البدایۃ والنھایۃ(قاہرہ:مطبع السعادۃ 1930)
2. ابن اثیر، علی بن ابی الکرم، الکامل فی التاریخ (بیروت:دار الکتاب العربی1997)
3. شاکر،محمود، التاریخ الاسلامی(بیروت:المکتب الاسلامی2019)
4. ابن جوزی، المنتظم فی تاریخ الملوک والامم(بیروت: دار الکتب العلمیۃ1992ھ)
5. النجار، عبدالوھاب، تاریخ الاسلام، الخلفاء الراشدون(قاہرہ: المطبعۃ السلفیۃ1348ھ)
6. نوری، موفق سالم، الأخلاق و السیاسۃ(قطر: کتاب الامۃ2011)

7. العواط،عادل، الأخلاق و السیاسۃ(دمشق: مکتبۃ الاسد1988)
8. القرشی، غالب عبدالکافی، اولیات الفاروق السیاسیۃ(المنصورۃ:دار الوفاء للطباعۃ والنشر والتوزیع)
9. ندوی، محمد حنیف،افکارابن خلدون(لاہور: ادارہ ثقافت اسلامیہ 1984)
10. الطبری، محمد بن جریر، تاریخ الرسل والملوک(مصر: دار المعارف1967)
11. ابن عساکر، علی بن الحسن، تاریخ مدینۃ دمشق(دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع1995)
12. السیوطی، عبدالرحمٰن بن ابو بکر، تاریخ الخلفاء(مکتبہ نزار مصطفٰی الباز2004)
13. الشیبانی، خلیفہ بن خیاط، تاریخ خلیفۃ بن خیاط(بیروت: مؤسسۃ الرسالۃ)
14. ابن عبدالحکم، عبدالرحمٰن بن عبداللہ، فتوح مصر والمغرب(مکتبۃ الثقافۃ الدینیہ1415ھ)
15. الواقدی، محمد بن عمر، فتوح الشام(بیروت: دارالکتب العلمیۃ1997)
16. الازدی، محمد بن عبداللہ، کتاب فتوح الشام(کلکتہ:بیتست مشن1854)
17. ابو عبیہ، طٰہٰ عبد المقصود عبدالمجید، موجز عن فتوحات الاسلامیہ،(قاہرہ: دار النشر للجامعات)

**البلدان والرحلات**

1. یعقوبی، احمد بن اسحاق، البلدان(بیروت: دار الکتب العلمیہ1422ھ)
2. الحمیری، محمد بن عبداللہ بن عبدالمنعم، الروض المعطار فی خبر الاقطار(بیروت: دار السراج1980)
3. ناجی، عبد الجبار، دراسات فی تاریخ المدن العربیۃ الاسلامیہ(بیروت: شرکۃ المطبوعات للتوزیع والنشر2001)
4. بلازری، احمد بن یحیٰی، فتوح البلدان(بیروت: مکتبۃ الھلال1988)

**الفقہ واصول الفقہ**

1. ابن قیم، محمد بن ابی بکر، اِعلام الموقعین عن رب العالمین(بیروت:دارالکتب العلمیہ1991)
2. ابو یوسف، یعقوب بن ابراھیم، کتاب الخراج(المکتبۃ الازھریہ للتراث)

**کتب العسکریۃ**

1. کمال، سلمان بن محمد، الادارۃ العسکریۃ فی الدولۃ الاسلامیۃ نشاتھا و تطورھا(جامعۃ ام القریٰ1992)
2. علی محفوظ، جمال الدین، النظریۃ الاسلامیۃ فی العقیدۃ العسکریۃ(قاہرہ: دار الاعتصام)

3. فرج، محمد، المدرسة العسكرية الاسلامية(قاهره:دار الفكر العربی)
4. محفوظ، محمد جمال الدین، العسکریة فی الاسلام(قاهره:دارالمعارف)
5. سلیمان ابو ریدة، جمال احمد، الخدع العسکریة للمسلمین فی صدر الإسلام(غزه:الجامعة الاسلامیة2009)
6. الآنسی، نصر بن علی، الاستراتجیة العسکریة(الملاحم میڈیا2014)
7. یاقوت، محمد مسعد، الأخلاق النبویة فی الصراعات السیاسیة و العسکریة، نبی الرحمة
8. التمام، غازی بن سالم، اقتصادیات الحرب فی الاسلام(وقفیة الامیر الغازی للفکر القرآنی1990)
9. خطاب، محمود شیت، العسکریة العربیة الاسلامیة(کتاب الامة 1985)
10. کرنل، غلام جیلانی خان، اقبال کے عسکری افکار(لاہور: البلال پبلشرز1999)
11. کرنل، محمد صادق، افواج پاکستان کی دینی اور نظریاتی تربیت اور اس کا دائرہ کار(لاہور: ادارہ علوم اسلامیہ جامعہ پنجاب 1997)
12. ستی، کرنل ڈاکٹر محمد گل نواز، اسلام کا عسکری نظام تربیت اور جدید اسلامی افواج(راولپنڈی: فیض الاسلام پریس2008)
13. زمانی، احمد، بحوث حول النظام العسکری فی الاسلام(بیروت: الدار الاسلامیة1991)
14. سوید، یاسین سوید، حروب القدسیة(بیروت: دار الملتقی1997)
15. صقر، نادیة حسنی، ملامح العسکریة الاسلامیة فی صدر الإسلام(کلیة التربیة فرع کفر الشیخ)

**کتب اللغة**

1. کیرانوی، وحید الزمان، القاموس الوحید(کراچی: ادارہ اسلامیات1986)
2. مولوی، فیروز الدین، فیروز اللغات(لاہور: فیروز سنز پرائیوٹ لمیٹڈ2005)
3. ابن منظور، محمد بن مکرم، لسان العرب(بیروت: دار صادر1414ھ)

**کتب الادب**

1. الجاحظ، عمرو بن بحر، التاج فی اخلاق الملوک(قاهره: مکتبة الامیریة1914)
2. العسکری، حسن بن عبدالله، الاوائل(طنطا:دار البشیر1408ھ)
3. ابن عبد ربہ، احمد بن محمد، العقد الفرید(بیروت: دارالکتب العلمیة1404ھ)
4. النویری، شهاب الدین، نهایة الارب فی فنون الادب(قاهره: دارالکتب والوثائق القومیة1423ھ)

**مضامین**

1. سالک، ممتاز احمد، حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی اجتہادی بصیرت اور عصر حاضر (لاہور: ادارہ علوم اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی2002)

2. سہیل، روبینہ، حضرت عمرؓ کا فوجی نظام (مجلہ معارف اسلامی)

3. بانو، ڈاکٹر رقیہ، عسکریت کے بنیادی مضامین (مانسہرہ: ہزارہ یونیورسٹی)

waseem

ORIGINALITY REPORT

| 10% | 9% | 0% | 4% |
|---|---|---|---|
| SIMILARITY INDEX | INTERNET SOURCES | PUBLICATIONS | STUDENT PAPERS |

PRIMARY SOURCES

| | | |
|---|---|---|
| 1 | Submitted to Higher Education Commission Pakistan<br>Student Paper | 3% |
| 2 | ur.wikipedia.org<br>Internet Source | 1% |
| 3 | wahabi-books.amuslim.org<br>Internet Source | 1% |
| 4 | idrak.hu.edu.pk<br>Internet Source | 1% |
| 5 | shamilaurdu.com<br>Internet Source | <1% |
| 6 | ur.wikishia.net<br>Internet Source | <1% |
| 7 | lib.bazmeurdu.net<br>Internet Source | <1% |
| 8 | jeenews.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 9 | mudassarmhk.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 10 | www.anwar-e-islam.org<br>Internet Source | <1% |
| 11 | ur.wikibooks.org<br>Internet Source | <1% |
| 12 | tibyanulquran.wordpress.com<br>Internet Source | |

| | | |
|---|---|---|
| | | <1% |
| 13 | quranenc.com<br>Internet Source | <1% |
| 14 | www.ahlesunnatpak.com<br>Internet Source | <1% |
| 15 | hrharashid.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 16 | magazine.mohaddis.com<br>Internet Source | <1% |
| 17 | raahedaleel.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 18 | dunyanews.tv<br>Internet Source | <1% |
| 19 | archive.org<br>Internet Source | <1% |
| 20 | fa.wikifeqh.ir<br>Internet Source | <1% |
| 21 | minhajbooks.com<br>Internet Source | <1% |
| 22 | www.alulbayt.com<br>Internet Source | <1% |
| 23 | etrati.ir<br>Internet Source | <1% |
| 24 | faizahmadchishti.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 25 | ia801306.us.archive.org<br>Internet Source | <1% |
| 26 | www.alfazlonline.org<br>Internet Source | <1% |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 27 | fa.wikishia.net | Internet Source | <1 % |
| 28 | religion.asianindexing.com | Internet Source | <1 % |
| 29 | www.adyannet.com | Internet Source | <1 % |
| 30 | forum.mohaddis.com | Internet Source | <1 % |
| 31 | ahlesunnatpak.com | Internet Source | <1 % |
| 32 | sunnilibrary.com | Internet Source | <1 % |
| 33 | ur.thebnaturals.com | Internet Source | <1 % |
| 34 | alhassanain.org | Internet Source | <1 % |
| 35 | mp8.blogfa.com | Internet Source | <1 % |
| 36 | baaghitv.com | Internet Source | <1 % |
| 37 | usvah.org | Internet Source | <1 % |
| 38 | forum.ahmadimuslim.de | Internet Source | <1 % |
| 39 | ia601303.us.archive.org | Internet Source | <1 % |
| 40 | technologytimes.pk | Internet Source | <1 % |
| 41 | www.historyfinder.net | Internet Source | <1 % |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 42 | www.jrbpk.com | Internet Source | <1 % |
| 43 | aqilkhans.wordpress.com | Internet Source | <1 % |
| 44 | sofiye.net | Internet Source | <1 % |
| 45 | sunnah.com | Internet Source | <1 % |
| 46 | www.rahimia.org | Internet Source | <1 % |
| 47 | www.valiasr-aj.com | Internet Source | <1 % |
| 48 | ahrar.org.pk | Internet Source | <1 % |
| 49 | dawat2.rssing.com | Internet Source | <1 % |
| 50 | islamika.aiu.edu.pk | Internet Source | <1 % |
| 51 | tajdid.in | Internet Source | <1 % |
| 52 | www.bbc.com | Internet Source | <1 % |
| 53 | www.urduvb.com | Internet Source | <1 % |
| 54 | actualislam.com | Internet Source | <1 % |
| 55 | urdu.sultan-ul-ashiqeen.com | Internet Source | <1 % |
| 56 | urdulib.com | Internet Source | |

| | | |
|---|---|---|
| | | <1% |
| 57 | www.almosleh.com<br>Internet Source | <1% |
| 58 | news.dawateislami.net<br>Internet Source | <1% |
| 59 | paighamequran.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 60 | www.m-mahdi.com<br>Internet Source | <1% |
| 61 | hdhmak.com<br>Internet Source | <1% |
| 62 | khilafate-rashida.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 63 | quran4u.com<br>Internet Source | <1% |
| 64 | www.usvah.org<br>Internet Source | <1% |
| 65 | alasirchannel.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 66 | unanewsco.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 67 | www.girdopesh.com<br>Internet Source | <1% |
| 68 | www.islamtxt.net<br>Internet Source | <1% |
| 69 | aqaideshia.com<br>Internet Source | <1% |
| 70 | chitraltimes.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 71 | hamariweb.com<br>Internet Source | <1% |
| 72 | inciid2019.ir<br>Internet Source | <1% |
| 73 | jamatdawa.org<br>Internet Source | <1% |
| 74 | jang.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 75 | juraat.com<br>Internet Source | <1% |
| 76 | khateeb.mohaddis.com<br>Internet Source | <1% |
| 77 | naghmahabib.com<br>Internet Source | <1% |
| 78 | ujalanews.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 79 | www.gjmsweb.com<br>Internet Source | <1% |
| 80 | www.jaunnews.com<br>Internet Source | <1% |
| 81 | www.qalamkarwan.com<br>Internet Source | <1% |
| 82 | www.rekhta.org<br>Internet Source | <1% |
| 83 | www.urduweb.org<br>Internet Source | <1% |
| 84 | ahlesonnat2020.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 85 | allurdubooks.blogspot.kr<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 86 | amanullah101.blogspot.com<br>Internet Source | <1 % |
| 87 | daleel.pk<br>Internet Source | <1 % |
| 88 | editorialst.blogspot.com<br>Internet Source | <1 % |
| 89 | equranlibrary.com<br>Internet Source | <1 % |
| 90 | ia601606.us.archive.org<br>Internet Source | <1 % |
| 91 | iftikhar391.blogspot.com<br>Internet Source | <1 % |
| 92 | islamwebpedia.com<br>Internet Source | <1 % |
| 93 | jihat-ul-islam.com.pk<br>Internet Source | <1 % |
| 94 | kitabosunnat.com<br>Internet Source | <1 % |
| 95 | masoodnk.wordpress.com<br>Internet Source | <1 % |
| 96 | mubashirnazir.org<br>Internet Source | <1 % |
| 97 | olama-orafa1393.ir<br>Internet Source | <1 % |
| 98 | prr.hec.gov.pk<br>Internet Source | <1 % |
| 99 | reader.islamhouse.com<br>Internet Source | <1 % |
| 100 | roznama92news.com<br>Internet Source | |

| | | |
|---|---|---|
| | | <1% |
| 101 | salaamforum.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 102 | sourceforge.net<br>Internet Source | <1% |
| 103 | subtainhdr.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 104 | tariqraheel.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 105 | tarjumanulquran.org<br>Internet Source | <1% |
| 106 | telemetr.io<br>Internet Source | <1% |
| 107 | thezawar.com<br>Internet Source | <1% |
| 108 | urd.tour29.com<br>Internet Source | <1% |
| 109 | www.aa.tufs.ac.jp<br>Internet Source | <1% |
| 110 | www.alfazl.com<br>Internet Source | <1% |
| 111 | www.flickr.com<br>Internet Source | <1% |
| 112 | www.humsub.com.pk<br>Internet Source | <1% |
| 113 | www.irfan-ul-quran.com<br>Internet Source | <1% |
| 114 | www.minhajbooks.com<br>Internet Source | <1% |

| | | |
|---|---|---|
| 115 | www.taraajem.com<br>Internet Source | <1% |
| 116 | www.urduhiurdu.com<br>Internet Source | <1% |
| 117 | www.ustb.edu.pk<br>Internet Source | <1% |
| 118 | documents.mx<br>Internet Source | <1% |
| 119 | mubalighonline.blogspot.com<br>Internet Source | <1% |
| 120 | alaiwah.wordpress.com<br>Internet Source | <1% |
| 121 | pnb.wikipedia.org<br>Internet Source | <1% |

Exclude quotes On
Exclude bibliography On
Exclude matches Off